فرمانِ الٰہی
اللہ ایک ہے
تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔



★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★
ABC CERTIFIED
DAILY QUWAT LAHORE
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com
جلد نمبر 14 | منگل 4 ربیع الثانی 1446ھ 8 اکتوبر 2024ء 22 اسوج 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 357


# کراچی دھماکہ پاکستان ایمرجنسی پلان نافذ کرکے تحقیقات کرے، چین

حملے میں 2 چینی ہلاک اور ایک زخمی جبکہ کچھ مقامی افراد متاثر ہوئے ہیں، دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہیں، فوری ایمرجنسی پلان نافذ کرکے پاکستان سے تحقیقات کی درخواست کی ہے

**پاکستان میں چینی شہریوں، اداروں اور منصوبوں کی حفاظت کے لیے تمام ضروری اقدامات اٹھانے کی اپیل کرتے ہیں، چینی سفارتخانہ**

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چین نے کراچی دھماکے میں اپنے شہریوں کی ہلاکت پر پاکستان سے ہنگامی بنیادوں پر تحقیقات کا مطالبہ کر دیا۔ چینی سفارتخانے نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ حملے میں 2 چینی ہلاک اور ایک زخمی جبکہ کچھ مقامی افراد متاثر ہوئے ہیں، دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہیں، فوری ایمرجنسی پلان نافذ کرکے پاکستان سے تحقیقات کی درخواست کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1



اسلام آباد، صدر ن لیگ میاں نواز شریف، صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف فلسطین کے حوالے سے منعقدہ آل پارٹیز کانفرنس میں شریک ہیں

## آصف علی زرداری کی کراچی ایئرپورٹ کے قریب دھماکہ کی مذمت

**دکھ کی اس گھڑی میں میری ہمدردیاں چینی شہریوں اور ان کے لواحقین کے ساتھ ہیں، صدر مملکت**

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کراچی ایئرپورٹ کے قریب دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ واقعہ میں ملوث افراد کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے مؤثر کارروائی کرنا ہوگی۔ ایوان صدر کے پریس ونگ کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

## دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کیلئے پوری قوم متحد ہے، مریم نواز شریف

**وزیراعلیٰ کی کراچی میں جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے قریب دھماکہ کی شدید مذمت**

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کراچی میں جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے قریب دھماکہ کی شدید مذمت کی ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے دھماکے میں تین قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

## اسلام آباد، اہم مقامات پر پولیس و رینجرز تاحال موجود، ریڈ زون میں پاک فوج کا گشت

**دارالحکومت کے اہم مقامات پر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار تاحال تعینات ہیں**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت کے اہم مقامات پر پولیس اور رینجرز تاحال موجود ہیں جب کہ ریڈ زون میں پاک فوج کا گشت بھی جاری ہے۔ اسلام آباد میں جناح ایونیو، ڈی چوک سمیت دیگر اہم مقامات پر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کی نفری موجود ہے۔ ڈی چوک، جناح ایونیو، بلیو ایریا میں صورتحال سکیورٹی فورسز اور انتظامیہ کے کنٹرول میں ہے۔ جناح ایونیو، چائنا چوک، ڈی چوک میں پولیس و رینجرز کی نفری تاحال موجود ہے۔ اسی دوران پاک فوج کے دستوں کی جانب سے ریڈ زون کی حدود میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

## کراچی حملے میں ملوث عناصر پاکستانی نہیں ہوسکتے، یہ ملک دشمن ہیں، وزیراعظم

**واقعے کی ہنگامی تحقیقات جاری ہیں، مجرمان جلد انصاف کے کٹہرے میں ہوں گے، بیان جاری**

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کراچی ایئرپورٹ دھماکے میں چینی شہریوں کی ہلاکت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ واقعے میں ملوث عناصر پاکستانی نہیں ہوسکتے یہ ملک دشمن ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے مائیکر بلاگنگ ویب سائٹ ایکس پر کراچی ایئرپورٹ حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ رات کراچی میں ہونے والے اس سانحے پر غمزدہ ہوں، حملے میں 2 چینی شہریوں کے جانی نقصان پر افسوس ہے۔ شہباز

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

## رانا ثنا اللہ نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور کو ڈرامہ قرار دیدیا

**پوری پی ٹی آئی اس ڈرامے پر لگی تھی کہ وزیراعلیٰ مسنگ پرسن ہے، نجی ٹی وی سے گفتگو**

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے سیاسی مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ علی امین گنڈا پور ڈرامہ ہے اور پوری پی ٹی آئی اس ڈرامے پر لگی تھی کہ وزیراعلیٰ مسنگ پرسن ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں رانا ثنا اللہ نے کہا کہ پاکستان معاشی بحران سے نکل رہا ہے، یہ چاہتے ہیں بحران سے ملک نہ نکلے، یہ چاہتے ہیں ایس سی او کو سبوتاژ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جب انہوں نے دیکھا کہ ڈرامہ ناکام ہو رہا ہے تو اسمبلی میں اسپیچ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

## کراچی ایئرپورٹ دھماکا، زخمیوں کے نام سامنے آگئے

**زخمیوں میں پولیس کانسٹیبل وقار، محمد الیاس، محمد نعیم اور عمر طارق شامل، لسٹ مل گئی**

کراچی (این این آئی) کراچی میں جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے باہر ہونے والے دھماکے کے 10 زخمیوں کو جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ انچارج

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

# آل پارٹیز کانفرنس، غزہ میں اسرائیلی بربریت کی بھرپور مذمت

اسرائیل فلسطینیوں کی نسل کشی میں مصروف ہے روکا جائے، صدر مملکت، اسلامی ممالک کے پاس ایک بہت بڑی قوت ہے وہ اس کا استعمال آج نہیں تو کب کریں گے؟ نواز شریف

**قائداعظم جناح نے اسرائیل کو ناجائز بچہ قرار دیا، فضل الرحمان، اسرائیل فلسطین کے بعد دیگر اسلامی ممالک کو بھی نشانہ بنا رہا ہے، حافظ نعیم الرحمن، اسحاق ڈار یوسف رضا گیلانی ودیگر**

اسلام آباد (سپیشل رپورٹر) ایوان صدر میں فلسطین پر آل پارٹیز کانفرنس جاری ہے جس میں بڑی تعداد میں سیاسی جماعتوں کے سربراہان و رہنما شریک ہیں، شرکا نے اسرائیل کے خلاف اسلامی ممالک کو ایک پلیٹ فارم پر لانے کی کوششوں کا مطالبہ کر دیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی دعوت پر مشرق وسطیٰ کی صورتحال اور فلسطین کے موضوع پر آل پارٹیز کانفرنس منعقد کی جا رہی ہے۔ کانفرنس میں صدر مملکت آصف زرداری، مسلم لیگ ن کے صدر نواز شریف، وزیراعظم شہباز شریف، جے یو آئی کے سربراہ فضل الرحمان، سابق نگراں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سمیت اے این پی کے رہنما ایمل ولی خان، جماعت اسلامی کے حافظ نعیم، یوسف رضا گیلانی، اسحاق ڈار، بلاول بھٹو زرداری اور دیگر جماعتوں کے سربراہان شریک ہیں۔ کانفرنس میں قومی ترانے کے بعد تلاوت سے باقاعدہ آغاز کیا گیا، شیری رحمان نے کانفرنس کا ایجنڈا پیش کیا کہ 7 اکتوبر ایک ایسا سیاہ دن ہے جس دن اسرائیل نے فلسطین کے عوام پر حملہ کیا آج اسی پر کانفرنس منعقد کی گئی ہے۔ بعدازاں صدر مملکت نے خطاب کے ساتھ کانفرنس شروع کی۔ اپنے خطاب میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ ایک اس کانفرنس کے لیے وزارت خارجہ کا ڈرافٹ ہے اور ایک میرے دل کی آواز ہے، ہم نے پی ایل او کے یہاں دفاتر دیکھے، میں کئی بار یاسر عرفات سے ملا، پاکستان کا پی ایل او کے ساتھ کو آپریشن رہا ہے، اسرائیل اپنی جارحانہ کارروائیوں میں اضافہ کرتا جا رہا ہے اور یہ خطے کے امن کے لیے خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ اسرائیلی جارحیت میں اب تک 41 ہزار سے زائد فلسطینی شہید ہو چکے ہیں اور اب وہ لبنان و شام سمیت دیگر ممالک کو نشانہ بنا رہا ہے، عالمی برادری اسرائیل کو روکنے میں ناکام ہو چکی ہے اور فلسطین بالخصوص غزہ میں مسلمانوں کی نسل کشی کی جا رہی ہے دنیا اس بات کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8



لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے پرتگال کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

## چیف منسٹر ٹرانسپورٹ پروگرام فار وومن کا افتتاح

**19 وومن کالجز کو بسیں دیدی گئیں**

مریم نواز نے بسوں کی چابیاں خواتین کالجز کے پرنسپلز کے حوالے کیں، معائنہ کیا، ایئر کنڈیشنڈ بسوں کی فراہمی کی تجویز کا بھی جائزہ لیا گیا

**پنجاب کے 76 کالجز کو تین مراحل میں بسیں فراہم کی جائیں گی، پہلے مرحلے میں ٹرانسپورٹ سے محروم 19 تحصیلوں کو بسیں دی گئی ہیں، بریفنگ**

لاہور (سمعیہ فیاض) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے گرلز کالجز کیلئے چیف منسٹر ٹرانسپورٹ پروگرام فار وومین کا افتتاح کر دیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ٹرانسپورٹ پروگرام کا افتتاح کرتے ہوئے طالبات کو پاس بلالیا۔ چیف منسٹر ٹرانسپورٹ پروگرام کے تحت 19 وومین کالجز کو بسیں دے دی گئیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے بسوں کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9



لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف طالبات کے ہمراہ گرلز کالجز کے لئے چیف منسٹر ٹرانسپورٹ پروگرام فار وویمن کا افتتاح کر رہی ہیں

## علی امین کی واپسی گرفتاری کا کہنے والوں پر طمانچہ ہے، فیصل کریم کنڈی

**پی ٹی آئی والے چاہتے تھے کہ لاشیں گریں اور سیاست کا موقع ملے، گورنر خیبر پختونخوا**

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور کی اسمبلی میں واپسی، ان کی گرفتاری کا الزام لگانے والوں کے منہ پر طمانچہ ہے۔ وزیر اعلیٰ کی اچانک واپسی پر گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

## دھماکے سے متعلق ادارے تحقیقات کر رہے ہیں، گورنر سندھ

**متعلقہ ادارے واقعے کو دیکھ رہے ہیں، رپورٹ شیئر کی جائے گی، میڈیا سے بات چیت**

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ دھماکے سے متعلق ادارے تحقیقات کر رہے ہیں، قیاس آرائیوں پر بات نہیں ہوگی۔ کراچی ایئرپورٹ پر جائے واقعہ کا دورہ کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

## تقریر سے گنڈا پور نے اپنی کرسی پکی کی، ایمل ولی خان

**افسوس یہ ہے کہ پختونخوا کے عوام کے مسائل پر آج بھی کوئی بات نہیں کر رہا، انٹرویو**

پشاور (این این آئی) اے این پی کے مرکزی صدر ایمل ولی خان نے کہا ہے کہ تقریر سے گنڈا پور نے اپنی کرسی پکی کی۔ ایک انٹرویو انہوں نے کہا کہ افسوس یہ ہے کہ پختونخوا کے عوام کے مسائل پر آج بھی کوئی بات نہیں کر رہا، اس شخص میں آج بھی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

## اپنے ورکرز پر خفا ہوں جو اس وقت پولیس حراست میں ہیں، جنید اکبر

**صد افسوس، کچھ نہیں کہہ سکتا کہ وزیراعلیٰ کہاں تھے، کیوں ورکر کو عذاب میں ڈالا گیا؟ گفتگو**

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رکن قومی اسمبلی جنید اکبر خان نے وزیر اعلیٰ علی امین گنڈا پور کے اچانک منظر عام پر آنے کے معاملے پر بالواسطہ تنقید کی ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے جنید اکبر نے کہا ہے کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

## لیکچر دینے کے بجائے مقامی مسائل پر توجہ دیں

**پاکستان کا افغان وزارت خارجہ کے بیان پر ردعمل**

افغان وزارت خارجہ کا بیان غیر سنجیدہ تھا، یہ پاکستان کے اندرونی معاملات میں ناقابل قبول اور قابل مذمت مداخلت ہے

**افغانستان کو دہشت گرد گروپوں کو جگہ دینے سے انکار کرکے بین الاقوامی برادری سے کیے گئے وعدوں کو پورا کرنا چاہیے، بیان**

اسلام آباد (این این آئی) دفتر خارجہ کی ترجمان نے پاکستان کے اندرونی معاملات پر افغانستان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31



اسلام آباد، روسی سفیر وزیر دفاع خواجہ آصف سے ملاقات کر رہے ہیں



اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور چینی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

## بانی پی ٹی آئی خالدہ ضیا کی طرح رہائی چاہتے تھے، عظمیٰ بخاری

اڈیالہ میں بیٹھ کر ملک میں آگ لگانے کی پلاننگ ہوتی ہے، بانی پی ٹی آئی پر پابندی لگا دینی چاہیے

**12 سال سے خیبر پختونخوا کے وسائل وفاق پر چڑھائی کیلئے استعمال ہو رہے، بلوائیوں کو ریاست کیخلاف بغاوت کی سزا ملنی چاہیے**

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی، خالدہ ضیا کی طرح

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14



لاہور، صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری پریس کانفرنس کر رہی ہیں

## اسلام آباد میں میٹرو بس سروس جزوی طور پر بند

**پمز اسپتال تا گلبرگ گرین بلیو لائن میٹرو بس سروس، پمز اسپتال تا بارہ کہو گرین لائن میٹرو بس سروس بھی بند**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں میٹرو بس سروس جزوی طور پر بند ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں گرین لائن اور بلیو لائن میٹرو بس سروس چوتھے روز بھی بند ہے۔ پمز اسپتال تا گلبرگ گرین

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

## کوئی مخصوص تھریٹ الرٹ نہیں تھا، یہ سرپرائز ہے، ضیاء لنجار

**ایک سے دو گھنٹے میں معلومات فراہم کردی جائیں گی، وزیر داخلہ سندھ**

کراچی (این این آئی) وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار نے کہا ہے کہ دھماکے میں 7 سے 8 افراد زخمی ہوئے ہیں، کوئی مخصوص تھریٹ الرٹ نہیں تھا یہ سرپرائز ہے۔ کراچی ایئرپورٹ کے قریب دھماکے کے بعد نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

## 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس؛ پی ٹی آئی وکیل کی درخواست پر سماعت ملتوی

**توشہ خانہ ٹو کیس میں اسلام آباد ہائی کورٹ سے بشریٰ بی بی کی درخواست ضمانت پر رواں ہفتے کیلئے نوٹس جاری**

اسلام آباد (این این آئی) احتساب عدالت اسلام آباد نے بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کے خلاف 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس کی سماعت 19 اکتوبر تک ملتوی کردی۔ پی ٹی آئی وکیل مرتضیٰ طوری نے سماعت ملتوی کرنے کے لیے درخواست

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

## اسلام آباد، بانی پی ٹی آئی اور علی امین گنڈا پور کیخلاف مقدمہ درج

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں بانی پی ٹی آئی اور وزیر اعلیٰ کے پی علی امین گنڈا پور کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ عامر مغل سمیت 2 سے 3 ہزار نامعلوم پی ٹی آئی کارکنان کو بھی مقدمے میں نامزد کیا گیا ہے۔ ایف آئی آر ایس ایچ او تھانہ نون کی مدعیت میں درج کی گئی جس میں اے ٹی سی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

## کالعدم پشتون تحفظ موومنٹ اور فتنہ الخوارج گٹھ جوڑ کے حیران کن انکشافات

**پی ٹی ایم کے قیام سے لیکر اب تک اس کی سرگرمیاں بظاہر پشتون عوام کے حقوق کی جنگ ہے مگر حقیقت اس کے برعکس ہے**

اسلام آباد (این این آئی) حکومت کی جانب سے پشتون تحفظ موومنٹ (پی ٹی ایم) کو کالعدم قرار دینے جانے کے بعد فتنہ الخوارج نے پی ٹی ایم کی حمایت کا اعلان کر دیا۔ وزارت داخلہ کی جانب سے پی ٹی ایم پر پابندی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

## لاہور میں احتجاج اور جلاؤ گھیراؤ، سلمان اکرم راجہ کی عبوری ضمانت منظور

لاہور (این این آء) انسداد دہشت گردی عدالت لاہور نے احتجاج اور جلاؤ گھیراؤ کے مقدمے میں پی ٹی آئی سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجہ ایڈووکیٹ کی 16 اکتوبر تک عبوری ضمانت منظور کر لی۔ سلمان اکرم راجہ نے تین مقدمات میں عبوری ضمانت کی درخواستیں دائر کیں۔ انسداد دہشتگردی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

## اڈیالہ جیل میں قیدیوں سے 18 اکتوبر تک ہر قسم کی ملاقات پر پابندی

**قیدیوں سے ملاقات پر پابندی سکیورٹی وجوہات کے باعث لگائی گئی ہے، ذرائع**

راولپنڈی (این این آئی) اڈیالہ جیل میں قیدیوں سے 18 اکتوبر تک ہر قسم کی ملاقات پر پابندی عائد کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق اڈیالہ جیل راولپنڈی میں قیدیوں سے ہر قسم کی ملاقات پر 18 اکتوبر تک پابندی عائد کی گئی ہے، جس کے تحت بانی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

## سابق ایم پی اے احسن فتیانہ کی بازیابی کی درخواست پر سی سی پی او سے رپورٹ طلب

**لاہور ہائیکورٹ، احسن ریاض فتیانہ کو اغوا کر لیا گیا، بازیاب کرانے کا حکم دیا جائے، استدعا**

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے سابق رکن پنجاب اسمبلی احسن ریاض فتیانہ کی بازیابی کی درخواست پر کیپیٹل سٹی پولیس افسر (سی سی پی او) لاہور سے آج منگل تک رپورٹ طلب کر لی۔ جسٹس علی ضیا باجوہ نے احسن ریاض کی والدہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

## شبلی فراز کے وکیل نے راہداری ضمانت کی درخواست واپس لے لی

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شبلی فراز کے وکیل نے راہداری ضمانت کی درخواست واپس لے لی۔ پشاور ہائی کورٹ میں شبلی فراز کی راہداری ضمانت کے لیے درخواست پر چیف جسٹس اشتیاق ابراہیم نے سماعت کی۔ درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ شبلی فراز

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26





اسلام آباد، وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

## ضلعی حکومتوں کو تحلیل کرنے کیخلاف کیس کی سماعت کرنے والا بینچ تحلیل

**لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس علی ضیا باجوہ نے کیس کی سماعت سے معذرت کر لی**

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں ضلعی حکومتوں کو تحلیل کرنے کے خلاف کیس کی سماعت کرنے والا بینچ تحلیل ہو گیا، جسٹس علی ضیا باجوہ نے کیس کی سماعت سے معذرت کر لی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس فاروق حیدر کی سربراہی میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

## نابینا افراد کے مطالبات کی منظوری کیلئے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر

لاہور (این این آئی) نابینا افراد کے مطالبات کی منظوری کے لئے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی گئی۔ درخواست رانا سکندر ایڈووکیٹ نے دائر کی جس میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ نابینا افراد دو ہفتوں سے مال روڈ پر احتجاج کر رہے ہیں، متعدد مرتبہ مذاکرات کے نام پر انہیں دھوکہ دیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

## وقت سے پہلے سچ بتایا ہے، آگے بھی بتاؤں گا، فیصل واوڈا

**سوال ہے کہ علی امین کے پی ہاؤس پہنچ سکتے ہیں تو ڈی چوک کیوں نہیں پہنچے؟ سینئر رہنما**

اسلام آباد (این این آئی) سینئر سیاسی رہنما سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا ہے کہ سوال ہے کہ علی امین کے پی ہاؤس پہنچ سکتے ہیں تو ڈی چوک کیوں نہیں پہنچے؟ علی امین گنڈا پور گاڑی کی ڈگی میں بیٹھ کر فرار ہو گئے۔ وقت سے پہلے سچ بتایا ہے اور آگے بھی سچ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

## آل پارٹیز کانفرنس کا انعقاد فلسطینی عوام کیساتھ ہماری مستقل حمایت کا اظہار ہے: شیری رحمان

**آج پورا پاکستان متحد ہو کر اسرائیلی ظلم وستم کے خلاف اپنی آواز کو بلند کرے گا، یوم یکجہتی پر پیغام جاری**

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان کا کہنا ہے کہ اسرائیلی حملوں کے ایک سال مکمل ہونے پر پاکستان میں آل پارٹیز کانفرنس کا انعقاد فلسطینی عوام کے ساتھ ہماری مستقل حمایت اور یکجہتی کا اظہار ہے۔ سینیٹر شیری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

## فلسطینیوں کی حمایت میں مسلم ممالک کو آگے آنا ہوگا، حافظ نعیم الرحمن

غزہ میں اسرائیلی جارحیت، دہشتگردی کا ایک سال مکمل ہونے پر مختلف شہروں میں نکالے جانے والی ریلیوں میں ہزاروں افراد کی شرکت

**چند ملکوں کو چھوڑ کر جنہوں نے اسرائیل کو تسلیم کیا سب اسرائیل کے ظلم پر آواز اٹھا رہے ہیں، امریکہ مسلسل اسرائیل کی پشت پناہی کر رہا ہے**

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن کی اپیل پر ملک بھر میں یوم یکجہتی فلسطین منایا گیا۔ غزہ میں اسرائیلی جارحیت اور دہشت گردی کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

## فلسطینیوں کی نسل کشی پر دنیا کی بے حسی سنگین المیہ ہے، حمزہ شہباز

**اسرائیل اپنے جنگی جرائم سے تاریخ کے سیاہ ترین باب تحریر کر رہا ہے، سابق وزیراعلیٰ پنجاب**

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے نائب صدر و سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف نے کہا ہے کہ فلسطینیوں کی نسل کشی پر دنیا کی بے حسی ایک سنگین انسانی المیہ ہے۔ یوم یکجہتی فلسطین کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں حمزہ شہباز

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

## گورنر پنجاب سلیم حیدر خان سے آسٹریلین ہائی کمشنر نیل ہاکنز کی ملاقات

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس لاہور میں پاکستان میں تعینات آسٹریلین ہائی کمشنر نیل ہاکنز نے ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور سمیت موسمیاتی تبدیلی، تعلیم، زراعت، ڈیری سیکٹر اور کھیل کے شعبے میں دوطرفہ تعلقات کو فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ پاکستان آسٹریلیا کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔

## جدید ٹیکنالوجی کا استعمال ملک کی ترقی کے لیے ناگزیر ہے، رانا مشہود احمد خان

**ڈیجیٹل برآمدات میں اضافے کے لئے نوجوانوں کو تیار کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے**

لاہور (این این آئی) چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے کہا ہے کہ ٹیکنالوجی کے حصول کے بغیر ترقی ممکن نہیں، مستقبل کی معیشت کا انحصار ٹیکنالوجی پر ہے، حکومت نوجوانوں کو جدید علوم سے آراستہ کرنے کے لیے تمام اقدامات اٹھا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے علی انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن میں آئی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

## مکڑوال میں سی ٹی ڈی کی کارروائی، فتنہ الخوارج کے 7 دہشتگرد ہلاک

**8 دہشت گرد اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے**

داؤدخیل (این این آئی) میانوالی کے علاقے مکڑوال میں سی ٹی ڈی کی کارروائی میں فتنہ الخوارج کے 7 دہشت گرد اپنے ہی ساتھیوں کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24



لاہور، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے آسٹریلوی ہائی کمشنر ملاقات کر رہے ہیں

## بٹگرام جیل میں قید 20 سالہ لڑکی سے جیل سپرنٹنڈنٹ کی زیادتی

**جیل سپرنٹنڈنٹ نے مقامی عدالت سے ضمانت قبل از گرفتاری کروالی ہے: پولیس**

بٹگرام (این این آئی) بٹگرام کی سب جیل میں زیر حراست 20 سالہ لڑکی کو زیادتی کا نشانہ بنا دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سرکاری اسپتال نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

## ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی فروخت میں سالانہ بنیاد پر 3 فیصد کمی

**پیٹرولیم مصنوعات کی فروخت گزشتہ مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے 3.81 ملین ٹن کے مقابلے میں 3 فیصد کم ہے**

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی فروخت میں جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں سالانہ بنیاد پر تین فیصد کمی ریکارڈ کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21



سری لنکا میں کئی سال سے قید 56 پاکستانی وطن واپس پہنچنے کے بعد ائیرپورٹ سے باہر آ رہے ہیں



روزنامہ قوت لاہور

# سٹی نیوز

## نمازوں کے اوقات



| | |
|---|---|
| صبح صادق | 4:30 |
| فجر | 5:20 |
| ظہر | 1:30 |
| عصر | 4:30 |
| مغرب | غروب آفتاب |
| عشاء | 7:30 |

## ایمرجنسی نمبرز

| | |
|---|---|
| پولیس ایمرجنسی | 15 |
| آئی جی شکایت سیل | 8787 |
| ریلوے انکوائری | 117 |
| پی آئی اے | 114 |

## ہسپتالوں کے نمبرز

| | |
|---|---|
| جناح ہسپتال | 111-809-809 |
| سروسز ہسپتال لاہور | 99203407-25 |
| میو ہسپتال لاہور | 9921110-6 |
| جنرل ہسپتال لاہور | 99284092-8 |
| پی آئی سی لاہور | 111-786-786 |




ہیلتھ کیئر پروفیشنلز کے ملک گیر یوم یکجہتی کے موقع پر مرکزی صدر پیما پروفیسر ڈاکٹر عاطف حفیظ صدیقی ڈاکٹرز مظاہرے کی قیادت کر رہے ہیں

# ہیلتھ کیئر پروفیشنلز دن 12 بجے اپنے کلینکس اور اسپتالوں کے باہر جمع ہوئے

## ڈاکٹرز اور ہیلتھ کیئر سٹاف نے غزہ پر اسرائیلی جارحیت کا ایک سال مکمل ہونے پر ملک گیر یوم یکجہتی غزہ منایا۔ پیما

### فلسطینی جھنڈے اور بینرز اٹھا کر غزہ کے لوگوں بالخصوص ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف کے ساتھ یکجہتی کا مظاہرہ کیا

لاہور (خبر نگار) ڈاکٹرز اور ہیلتھ کیئر سٹاف کا ملک گیر یوم یکجہتی غزہ ڈاکٹرز اور ہیلتھ کیئر سٹاف نے غزہ پر اسرائیلی جارحیت کا ایک سال مکمل ہونے پر ملک گیر یوم یکجہتی غزہ منایا۔ ہیلتھ کیئر پروفیشنلز دن 12 بجے اپنے کلینکس اور اسپتالوں کے باہر جمع ہوئے اور فلسطینی جھنڈے اور بینرز اٹھا کر غزہ کے لوگوں بالخصوص ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف کے ساتھ یکجہتی کا مظاہرہ کیا، جو مشکل حالات میں طبی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اس دن کے منانے کی اپیل پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن (پیما) کے صدر پروفیسر ڈاکٹر عاطف حفیظ صدیقی نے کی تھی۔ انہوں نے ڈاو انٹرنیشنل میڈیکل کالج میں فیکلٹی اور طلبہ کے مظاہرے سے خطاب کیا اور کہا کہ غزہ میں صحت عامہ کا شعبہ بدترین حالات سے دوچار ہے۔ وہاں کے دو ملین سے زیادہ لوگوں کو بنیادی صحت کی خدمات سے محروم کر دیا گیا ہے، پچاس ہزار سے زائد حاملہ خواتین کو بنیادی صحت اور زچگی کی دیکھ بھال کی سہولیات تک رسائی حاصل نہیں، اس وقت 500,12 کینسر کے مریضوں اور 000,25 زخمیوں کو بیرون ملک علاج کی فوری ضرورت ہے، جن کی زندگی انتہائی خطرے سے دوچار ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب تک 986 ہیلتھ کیئر ورکرز ان خطرناک حالات میں خدمات انجام دیتے ہوئے شہید ہو چکے ہیں۔ تمام چیلنجز کے باوجود غزہ میں ڈاکٹر اور پیرامیڈیکل اسٹاف اپنی جانیں خطرے میں ڈال کر بھی دیکھ بھال فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے غزہ میں فوری اور مستقل جنگ بندی کا مطالبہ کیا تاکہ لوگوں کی جاری مشکلات کا خاتمہ کیا جا سکے اور اس پورے خطے کو مزید تباہی سے روکا جا سکے۔

## شکاگو یونیورسٹی امریکہ کے پروفیسر آف نیورولوجی ٹیپو صدیقی کا پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیوروسائنسز میں لیکچر

### پاکستانی نیورو سرجنز کی معلومات میں اضافہ کیلئے عالمی ماہرین سے استفادہ کرتے رہیں گے، پروفیسر آصف بشیر

## صفائی کا نیا ماڈل، لاہور میں سو فیصد ویسٹ کولیکشن ہوگی، وزیر بلدیات

### پنجاب کو زیرو ویسٹ کرنا وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے اولین ترجیحات میں شامل ہے



سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری، حضرت سید شاہ جمال قادریؒ کے سالانہ عرس کا افتتاح رسم چادر پوشی کرتے ہوئے، سیکرٹری ایسوسی ایٹ مسعود مختار و دیگر بھی ہمراہ ہیں

## عظیم صوفی بزرگ حضرت سید شاہ جمال قادریؒ کے 397 ویں سالانہ عرس کا افتتاح

### صوفیاء نے عام آدمی کی زندگی کو بہتر بنانے کی کوشش اور طبقاتی تقسیم کا خاتمہ کیا، ڈاکٹر طاہر رضا بخاری

## لاہوریوں کو جعلی دودھ سپلائی کرنے والا مافیا پنجاب فوڈ اتھارٹی کے شکنجے میں آ گیا

### 2 سپلائر ٹینکر، 48 کلو گھی، 45 کلو پاؤڈر، چلر، ڈرم، پلنجر، مکسنگ مشینیں، پمپ اور وزن کانٹے ضبط، مقدمات درج

لاہور (این این آئی) لاہوریوں کو جعلی دودھ سپلائی کرنے والا مافیا پنجاب فوڈ اتھارٹی کے شکنجے ... تلف کر کے تمام مال ضبط کر لیا گیا، پانی میں پاؤڈر، کیمیکلز اور کھلا گھی شامل کر کے دودھ نما سفید گاڑھا ...

## لاہور پولیس نے سموگ کے خلاف کارروائیاں تیز کر دیں، 180 مقدمات درج، 192 ملزمان گرفتار

### محکمہ ماحولیات اور دیگر اداروں کو بھرپور معاونت فراہم کی جا رہی ہے، سی سی پی او لاہور

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس کی جانب سے رواں سال سموگ کی روک تھام کیلئے مختلف ... سموگ کے حوالے سے حکومتی ہدایات پر سختی سے عمل درآمد کیا جا رہا ہے اور سموگ کے تدارک کیلئے ...

## اوریا مقبول جان کی درخواست ضمانت پر حکومت سے نئی تفتیشی رپورٹ طلب

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور ہائی کورٹ نے ...



نابینا افراد نے اپنے مطالبات کے حق میں محکمہ سوشل ویلفیئر کے باہر دھرنا دے رکھا ہے

## حکومت پنجاب کا نوجوانوں میں صحت مندانہ سرگرمیوں کے فروغ کیلئے یوتھ فیسٹیول منعقد کرانے کا اعلان

### صوبائی وزراء فیصل ایوب کھوکھر اور رانا سکندر کی مشترکہ پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب نے نوجوانوں میں صحتمندانہ سرگرمیوں کے فروغ کیلئے لاہور یوتھ فیسٹیول منعقد کرنے کا اعلان کر دیا، فیسٹیول 7 سے 9 نومبر تک جاری رہے گا۔ صوبائی وزراء فیصل ایوب کھوکھر اور رانا سکندر کی مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں میں صحت مندانہ سرگرمیوں کا فروغ اور انہیں اپنی صلاحیتیں اجاگر کرنے کے یکساں مواقع مہیا کرنا وزیر اعلیٰ مریم نواز کی اولین ترجیح رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح حالیہ اولمپکس میں ارشد ندیم روشن مثال بن کر ابھرے ہیں اس طرح کے ایونٹس کا انعقاد پنجاب سے سینکڑوں ارشد ندیم پیدا کرنے میں مدد و معاون ثابت ہوگا۔ مسلم لیگ ن کی یہ روایت رہی ہے کہ ان کے وزرا کی پریس کانفرنس میں عوام کو ہمیشہ خوشخبری دی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح کھیلتا پنجاب کو عوام نے بھرپور پذیرائی دی۔ ڈیڑھ لاکھ سے زائد کھلاڑیوں نے اس میں حصہ لیا اسی طرح لاہور یوتھ فیسٹیول مسلم لیگ ن کا ایک اور فلیگ شپ پروگرام ثابت ہوگا۔ الحمرا میں میڈیا نمائندگان کو لاہور یوتھ فیسٹیول پر بریفنگ دیتے ہوئے دونوں صوبائی وزرا کا کہنا تھا کہ لاہور بھر کے سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کے طلبا و طالبات یوتھ فیسٹیول میں مشترکہ طور پر حصہ لے سکیں گے۔

## آئی جی پنجاب سے پولیس ملازمین اور انکے اہل خانہ کی ملاقات

### ڈاکٹر عثمان انور نے پولیس ملازمین کے مسائل سنے، فوری ازالے کیلئے احکامات جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا ہے کہ پولیس فورس ایک فیملی ہے، ملازمین کو درپیش مشکلات کے ازالے کیلئے ہر ممکن اقدامات یقینی بنائے جا رہے ہیں، آر پی اوز، ڈی پی اوز ماتحت سٹاف کے ساتھ قریبی رابطہ رکھیں اور انکے مسائل کے حل کیلئے کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سنٹرل پولیس آفس میں پولیس ملازمین اور انکے اہل خانہ سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین کے مسائل سنے، فوری ازالے کیلئے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر (ریٹائرڈ) ظہیر الدین بابر کے بیٹے کے علاج میں معاونت کی درخواست پر کاروائی کے لیے ڈی آئی جی ویلفیئر کو ہدایات جاری کیں، لیڈی کانسٹیبل سمیرا رمضان کی سرکاری رہائش فراہمی کی درخواست پر آر پی او گوجرانوالہ کو ریلیف کی ہدایت دی۔ سابق کانسٹیبل وقاص علی کی سروس میں بحالی کی درخواست پر آر پی او ساہیوال کو ہدایات جاری کیں، ہیڈ کانسٹیبل ذکا اللہ (مرحوم) کی اہلیہ کی فیملی کلیم پر بھرتی کی درخواست پر اے آئی جی ایڈمن کو ریلیف کی ہدایت دی۔ کانسٹیبل محمد حنیف شہید کی اہلیہ کی بیٹے کی بطور جونیئر کلرک بھرتی کی درخواست پر اے آئی جی ایڈمن کو ریلیف کے احکامات جاری کیے۔

## ایل ڈی اے کا غیر قانونی کمرشل عمارتوں، کمرشل فیس نادہندگان املاک کیخلاف میگا آپریشن، 5 درجن املاک سر بمہر

### جوہر ٹاؤن اور ملحقہ علاقوں میں غیر قانونی کمرشل استعمال پر معروف ریستوران، فوڈ پوائنٹس، شوروم، کیفے سیل کر دیئے

لاہور (این این آئی) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر ٹاؤن پلاننگ ونگ کی غیر قانونی کمرشل عمارتوں اور کمرشل فیس نادہندگان املاک کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے ایک ہی روز میں غیر قانونی کمرشل استعمال اور کمرشل فیس کی عدم ادائیگی پر پانچ درجن سے زائد املاک سیل کر دیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے آپریشن کے دوران جوہر ٹاؤن اور ملحقہ علاقوں میں دو درجن غیر قانونی کمرشل املاک سیل کر دیں۔ خیابان فردوسی جوہر ٹاؤن میں معروف ریستوران، فوڈ پوائنٹس، شوروم، بیکری، کیفے شاپس، شوروم سمیت دیگر املاک سر بمہر کر دیں۔ چیف ٹاؤن پلانر ٹو اظہر علی کی نگرانی میں کارروائی ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ زون فور علی نصرت نے کی۔ قبل ازیں ایل ڈی اے ٹیموں نے ملتان روڈ اور گلبرگ میں تین درجن املاک سیل کیں۔ ٹیموں نے ملتان روڈ پر ایک درجن غیر قانونی کمرشل املاک سر بمہر کر دیں۔ ٹاؤن پلاننگ زون تھری کی ٹیموں نے گلبرگ میں غیر قانونی کمرشل استعمال اور کمرشل فیس کی عدم ادائیگی پر دو درجن املاک سیل کر دیں۔ ان املاک میں نجی بینک، سٹور، ٹریول آفس، کلینک، لیب، نجی سکول، دفاتر، شوروم، پیزا شاپ، ریستوران، ہال، فارمیسی و دیگر شامل ہیں۔ آپریشن چیف ٹاؤن پلانر ون اسد الزمان کی زیر نگرانی ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ زون ٹو اور ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ تھری سدرہ تبسم نے کیا۔ آپریشن سے پہلے ان املاک کو متعدد نوٹسز دیئے گئے تھے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر شہر میں غیر قانونی کمرشل عمارتوں / کمرشل فیس نادہندگان املاک کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔




سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری، ایوان اوقاف میں منعقدہ "یکجہتی فلسطین کانفرنس" سے خطاب کر رہے ہیں، خالد محمود سندھو و دیگر بھی موجود ہیں

## ایوانِ اوقاف میں فلسطین کے مسلمانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے منعقدہ یکجہتی فلسطین کانفرنس

### اسرائیلی بمباری اور غزہ میں بلا جواز وحشیانہ کارروائی سے پورے عالم اسلام کے دل چھلنی ہیں، ڈاکٹر طاہر رضا بخاری

لاہور (سپیشل رپورٹر) سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے ایوانِ اوقاف میں اسرائیل کی بربریت اور فسطائیت کے خلاف، فلسطین کے مسلمانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے منعقدہ یکجہتی فلسطین کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ارض فلسطین میں خونِ مسلم کی ارزانی، دنیا کے امن کو سبوتاژ کر دے گی۔ محراب و منبر فلسطینیوں پر مظالم کی مذمت کرتا ہے۔ ظلم اور جبر کی بنیاد پر کسی قوم کو زیادہ دیر تک دبایا نہیں جا سکتا۔ اسلام نے دنیا کو پُر امن بقائے باہمی کا درس اور عملی سبق دیا۔ اسرائیلی بمباری اور غزہ میں بلا جواز وحشیانہ کارروائی سے پورے عالم اسلام کے دل چھلنی ہیں۔ ہم اسرائیل کی اس بربریت کے خلاف فلسطینیوں کے ساتھ ہیں۔ نبی رحمت ﷺ نے دنیا کو امن، محبت اور سلامتی کے جذبوں سے آشنا کیا۔ اسوۂ رسول ﷺ کی ترویج کے حوالے سے محکمہ اوقاف کا کردار تاریخ ساز ہے۔ فلاحی معاشرے کی تشکیل، سیرت طیبہ ﷺ پر عمل پیرا ہوئے بغیر ممکن نہیں۔ بین المذاہب مکالمہ اور بین المسالک ہم آہنگی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ سیرت طیبہ ﷺ اور اسوۂ رسول ﷺ کی ترویج کے لیے سٹیٹ اور سوسائٹی متحد اور اپنا کردار کرنے کے لیے پُر عزم ہے۔ کانفرنس سے ڈائریکٹر جنرل مذہبی امور خالد محمود سندھو اور دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیرت طیبہ ﷺ پر عمل پیرا ہو کر ہی ترقی اور عروج ممکن ہے۔



محنت کش نے بچوں کے کپڑے فروخت کرنے کے لیے جی ٹی روڈ پر سڑک کنارے سجا رکھے ہیں

## بولان میل (3Up,4Dn) کو 11 اکتوبر 2024 سے بحال کرنے کا فیصلہ

لاہور (سپیشل رپورٹر) ریلوے انتظامیہ نے عوام کی سہولت کے پیش نظر کراچی سٹی - کوئٹہ - کراچی سٹی براستہ دادو کے درمیان چلنے والی بولان میل (3Up,4Dn) کو 11 اکتوبر 2024 سے بحال کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق (3Up) بولان میل 11 اکتوبر کو کراچی سٹی سے کوئٹہ کے لیے روانہ ہوگی۔ اور اسی طرح 13 اکتوبر کو (4Dn) بولان میل کوئٹہ سے کراچی کے لیے روانہ ہوگی۔

## ڈی جی ایل ڈی اے کا سٹیزن فیسلٹیشن سنٹر (ون ونڈو سیل) کا اچانک دورہ

### طاہر فاروق نے پراپرٹی ٹرانسفر، این او سی کیلئے آئے شہریوں سے ان کے مسائل بارے دریافت کیا، عملے کی کارکردگی کا جائزہ لیا

لاہور (این این آئی) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے گزشتہ روز سٹیزن فیسلٹیشن سنٹر (ون ونڈو سیل) کا اچانک دورہ کیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے سٹیزن فیسلٹیشن سنٹر میں آئی یومیہ درخواستوں کا جائزہ لیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے سفلڈ اور نان سفلڈ درخواستوں کی پراسیسنگ کا جائزہ لیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے پراپرٹی ٹرانسفر، این او سی کے لیے آئے شہریوں سے ان کے مسائل بارے دریافت کیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے سٹیزن فیسلٹیشن سنٹر پر تعینات عملے کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے ہدایت کی کہ شہریوں کی درخواستوں کو معینہ مدت میں پراسس کیا جائے۔ شہریوں کے قیمتی وقت کا خیال کیا جائے، بلاوجہ چکر نہ لگوائے جائیں۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے آن لائن بلڈنگ پلان کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا۔



کاریگر گاڑی کے ڈھانچے کی ڈینٹنگ پینٹنگ کے کام میں مصروف ہیں

## پی ایچ اے افسران کی کارکردگی کے جائزہ کے لئے ٹیمیں تشکیل

### مانیٹرنگ کا مقصد کارکردگی بہتر اور سرکاری وسائل کے استعمال کو مؤثر کرنا ہے، محمد طاہر وٹو

لاہور (صابر غوری) پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی نے افسران کی پرفارمنس ایویلوایشن کے عمل میں جدت لانے کا فیصلہ کیا ہے۔ جاری کردہ بیان میں ترجمان نے بتایا کہ ڈائریکٹر جنرل محمد طاہر وٹو کے حکم پر ہارٹی کلچر اور انجینئرنگ ونگز کی کارکردگی کو مانیٹر کرنے کے لیے ٹیمیں تشکیل دے دی گئیں ہیں جو جاری کاموں کی رپورٹ ڈائریکٹر جنرل کو بذریعہ ڈائریکٹر ایم اینڈ او جمع کرائیں گی۔ دونوں ونگز کی کارکردگی رپورٹس روزانہ کی بنیادوں پر ارسال کی جائیں گی۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ مانیٹرنگ ٹیموں کا فیڈ بیک متعلقہ افسران کے ساتھ بھی شیئر کیا جائے گا۔ اس حوالے سے محمد طاہر وٹو نے بتایا کہ مانیٹرنگ کا مقصد کارکردگی بہتر اور سرکاری وسائل کے استعمال کو مؤثر کرنا ہے۔ پرفارمنس ایویلوایشن سے افسران میں احساس ذمہ داری بڑھے گا۔

## ایل ڈی اے کا تجاوزات کیخلاف آپریشن، تجاوزات ہٹا دیں، 5 ٹرک سامان قبضے میں لے لیا

### شہر بھر میں غیر قانونی تعمیرات اور تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری ہے، ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق

لاہور (کرائم رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر صوبائی دارالحکومت کو "لیوایبل سٹی" بنانے کے لیے ایل ڈی اے کے اقدامات جاری ہیں۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر شعبہ انفورسمنٹ نے گزشتہ روز کریم مارکیٹ، مون مارکیٹ اقبال ٹاؤن اور سکیم موڑ پر غیر قانونی تجاوزات کے خلاف آپریشن کر کے تجاوزات ہٹا دیں۔ ٹیموں نے کریم مارکیٹ کے چاروں اطراف سے غیر قانونی گارمنٹس کاؤنٹر ہٹا دیئے، تجاوزات ختم کر کے دو ٹرک سامان قبضے میں لے لیا۔ آپریشن کے دوران مون مارکیٹ پارکنگ ایریا اور سکیم موڑ سے تجاوزات ختم کر کے تین ٹرک سامان قبضے میں لے لیا۔ آپریشن کی نگرانی ڈائریکٹر انفورسمنٹ کاشف اعوان، ڈپٹی ڈائریکٹر علی ریاض نے کی۔ آپریشن میں پولیس، بھاری مشینری اور ایل ڈی اے انفورسمنٹ سکواڈ نے حصہ لیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر شہر بھر میں غیر قانونی تعمیرات اور تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری ہے۔

## وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا محفوظ پنجاب ویژن، ناجائز اسلحہ کے خاتمے کیلئے سخت کریک ڈاؤن جاری

### رواں برس خصوصی مہم کے دوران ہزاروں کی تعداد میں خطرناک آتشی ہتھیار، گولیاں اور کارتوس برآمد، ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (کرائم رپورٹر) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے محفوظ پنجاب ویژن کی تکمیل میں پنجاب پولیس کا ناجائز اسلحہ کے خاتمے کیلئے سخت کریک ڈاؤن جاری ہے اور پولیس ٹیمیں لاہور سمیت صوبے کے تمام اضلاع کو ناجائز اسلحہ سے پاک کرنے کیلئے شب و روز مصروف عمل ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ رواں برس کے دوران خصوصی مہم میں ہزاروں کی تعداد میں خطرناک آتشی ہتھیار، گولیاں اور کارتوس برآمد کئے گئے ہیں، لاہور سمیت صوبہ بھر میں ملزمان کے قبضہ سے 1302 کلاشنکوف برآمد کی گئیں، 36461 پسٹل، 2768 بندوقیں، 2521 رائفلز، 603 ریوالور اور 02 لاکھ 62 ہزار 583 گولیاں اور کارتوس برآمد کیے گئے۔ اسی طرح صوبائی دارالحکومت میں ملزمان کے قبضے سے 118 کلاشنکوف، 7368 پسٹل، 519 رائفلز، 282 بندوقیں اور 64 ریوالور اور 41 ہزار 597 گولیاں بھی ملزمان کے قبضے سے برآمد کی گئیں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے سوشل میڈیا پر اسلحہ کی تشہیر اور ہوائی فائرنگ میں ملوث ملزمان کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ ٹک ٹاک ویڈیوز میں اسلحہ کی نمائش کرنے والے ملزمان کو بلا تفریق قانون کی گرفت میں لایا جائے۔ آئی جی پنجاب نے مزید کہا کہ اسلحہ کے کاروبار میں ملوث ڈیلرز کے لائسنس اور سٹاک انسپکشن کا عمل باقاعدگی سے سرانجام دیا جائے۔

## ڈی ایس ریلوے محمد حنیف گل نے افسران کے ہمراہ شاہین آباد تا سانگلہ ہل سیکشن کا خصوصی معائنہ کیا

### ہر چھوٹے سٹیشن پر بھی مسافروں کیلئے واش رومز سمیت بنیادی سہولیات کی دستیابی یقینی بنائی جائے، ڈی ایس ریلوے لاہور



لاہور (سپیشل رپورٹر) ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے محمد حنیف گل نے شاہین آباد تا سانگلہ ہل سیکشن کا تفصیلی دورہ کیا۔ خصوصی دورے کے موقع پر ڈی ایس ریلوے کے ہمراہ متعلقہ افسران و عملہ بھی موجود تھا۔ ٹریک کی الائنمنٹ، ٹریک فٹنس، ٹریک کا بیلنس اور گیج کا سیفٹی کے حوالے سے خصوصی معائنہ کیا گیا۔ سیف ٹرین آپریشن اور پبلک سیفٹی کے حوالے سے لیول کراسنگ گیٹس اور برجز کا بھی خصوصی معائنہ کیا گیا۔ ٹرین آپریشن کے حوالے سے ڈی ایس ریلوے نے متعلقہ سٹاف سے سوالات بھی پوچھے اور درست جوابات پر شاباش دی۔ اس کے علاوہ گیٹ ٹوٹ جانے کی صورت میں ہنگامی بنیادوں پر گیٹ کو زنجیر کے ساتھ محفوظ بنانے کی مشق بھی کی گئی۔ سیکشن کی خصوصی انسپکشن کے دوران سٹاف کی جانب سے ناقص کارکردگی پر برہمی کا اظہار جبکہ اچھی کارکردگی پر کیش انعامات بھی دیے گئے۔ اس موقع پر گینگ نمبر 7 کے کام کی تعریف کرتے ہوئے ڈی ایس ریلوے کا کہنا تھا کہ آپ جیسے لوگوں کی محنت کی بدولت ریلوے آج رواں دواں ہے۔ انہوں نے مختلف سٹیشنوں پر مسافروں کیلئے دستیاب سہولیات اور صفائی ستھرائی کا بھی معائنہ کیا اور افسران کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ہر چھوٹے سٹیشن پر بھی مسافروں کیلئے واش رومز سمیت بنیادی سہولیات کی دستیابی یقینی بنائی جائے۔ دوران انسپکشن ڈی ایس ریلوے سے لالیاں، برج اور دارالاحسان ریلوے سٹیشنوں پر ویلفیئر کمیٹیز، انجمن تاجران سمیت میڈیا نمائندوں نے ملاقات کی اور ٹرینوں کے اسٹاپیج کا مطالبہ کیا۔ اس کے علاوہ انہوں نے کہا کہ قبضہ مافیا کے خلاف سخت پالیسی کے مطابق سامان بھی ضبط کر لیا جائے گا۔ پلانٹ فار پاکستان مہم کے سلسلے میں ڈی ایس ریلوے لاہور نے چناب نگر اور برج ریلوے سٹیشنوں پر پودے لگائے اور دعائے خیر بھی کی۔ دوران انسپکشن ڈویژنل ٹرانسپورٹیشن آفیسر اروا خان، ڈویژنل میڈیکل آفیسر صائمہ ممتاز، ڈویژنل کمرشل آفیسر غلام فرید اسد، ڈویژنل ٹیلیکام انجینئر محمد ندیم ملک، ڈویژنل ایگزیکٹو انجینئر غلام مرتضیٰ، ڈویژنل مکینیکل انجینئر محمد زوہیب، ڈویژنل الیکٹریکل انجینئر محمد ناصر، اسسٹنٹ آپریٹنگ آفیسر فیصل آباد عدنان مروت، اسسٹنٹ ایگزیکٹو انجینئر فیصل آباد محمد سالک ہارون عباسی سمیت دیگر عملہ بھی ڈی ایس ریلوے لاہور کے ہمراہ موجود تھا۔

## چیف ایگزیکٹو انجینئر شاہد حیدر کی زیر صدارت فنکشنل ہیڈز کا اجلاس

### اوور بلنگ اور صارفین کی شکایات کے ازالے کیلئے کیے جانیوالے اقدامات پر غور کیا گیا



لاہور (خبر نگار) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کے شعبہ تعلقات عامہ کی جانب سے جاری ہونیوالے اعلامیے کے مطابق چیف ایگزیکٹو لیسکو کی زیر صدارت ہونیوالے اعلیٰ سطح کے اجلاس میں اوور بلنگ اور صارفین کی شکایات کے ازالے کے لیے کیے جانیوالے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو انجینئر شاہد حیدر کا کہنا تھا کہ اوور بلنگ کرنے والے افسران و ملازمین کی انکوائری ایف آئی اے کو بھیجی جائے گی اور سے کسی صورت بھی معاف نہیں کیا جائے گا۔ چیف ایگزیکٹو نے ہدایت دی کہ متعلقہ افسران صارفین کی شکایات کے فوری ازالے کے لیے اقدامات کریں اور اس حوالے سے کوئی شکایت موصول ہونے کی صورت میں بروقت کارروائی کریں۔ چیف ایگزیکٹو کا کہنا ہے کہ لیسکو کے کسٹمر سروسز سنٹرز میں زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کی جائیں اور کسٹمر سروسز سنٹرز آنیوالے صارفین کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔ بجلی چوروں کے خلاف آپریشن میں ہونے والی ایف آئی آر میں شفافیت لائی جائے جعلی ایف آئی آر کروانے والے افسران و ملازمین کو سخت سے سخت سزا دی جائے گی۔ چیف ایگزیکٹو نے سختی سے ہدایت کی کہ کوئی بھی افسران و ملازمین ٹرانسفارمر کی مرمت پرائیویٹ فیکٹریوں سے کروانے میں ملوث پایا گیا تو اس کے خلاف سخت تادیبی کارروائی کی جائے گی۔ اجلاس میں انجینئر شاہد حیدر کے علاوہ ڈائریکٹر ایچ آر ضمیر حسین کلاچی، ڈائریکٹر کسٹمر سروسز سرور مغل، ڈائریکٹر ایڈمن معصومہ عادل، کمپنی سیکرٹری گوہر ایوب، چیف انجینئر آپریشنز عباس علی، چیف انجینئر پی آئی یو اعجاز بھٹی، چیف انجینئر پی ایم یو شعیب عاصم، چیف انجینئر ٹی اینڈ جی ظفر اقبال، ڈائریکٹر کمرشل طاہر ندیم، ڈائریکٹر کمپلینٹ سیل رانا رضوان صفت اللہ اور ڈائریکٹر سیفٹی فواد خالد موجود تھے۔

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور''(3)8اکتوبر 2024ء

# دیہات کی صفائی مستقل بنیادوں پر جاری ہے: طارق سبحانی وریو

**عوام کیلئے آسانیاں پیدا کی جارہی ہیں۔ چیئرمین لینڈ ریکارڈ پنجاب اور ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب کی ڈی سی آفس کمیٹی روم میں جاری ستھرا پنجاب پروگرام کا جائزہ لینے کے دوران اجلاس میں گفتگو**


سیالکوٹ: چیئرمین پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی بورڈ آف ریونیو چوہدری طارق سبحانی، ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین کے ہمراہ ستھرا پنجاب کے حوالے سے میٹنگ کر رہے ہیں۔

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) چیئرمین پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی بورڈ آف ریونیو پنجاب چودھری طارق سبحانی نے کہا کہ تاریخ میں پہلی مرتبہ دیہات میں صفائی کے لئے مستقل بنیادوں پر کام کا آغاز کر دیا گیا ضلع سیالکوٹ اور نارووال میں سیالکوٹ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی زیر نگرانی صفائی کے نظام کو آوٹ سورس کر دیا گیا اور آئندہ دو ہفتوں میں لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ اور ضلع کونسل کی بجائے صفائی ستھرائی ایس ڈبلیو ایم سی کی نگرانی میں شروع کر دی جائے گی اس سلسلہ میں کنٹریکٹر کو کنٹریکٹ ایوارڈ کر دیا گیا ہے۔ان باتوں کا اظہار چیئرمین لینڈ ریکارڈ پنجاب چودھری طارق سبحانی وریو و ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب نے ڈی سی آفس کمیٹی روم میں جاری ستھرا پنجاب پروگرام کا جائزہ لینے کے دوران اجلاس میں کیا۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ، سی او ایس ڈبلیو ایم سی کاشف نواز، سی او ضلع کونسل فدا افتخار میر، ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ عمر امجد بیگ بھی اہم اجلاس موجود تھے۔چوہدری طارق سبحانی وریو نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی واضح ہدایات ہیں کہ اربن و رورل عام عوام کی زندگی میں آسانیاں پیدا کرنے اور انکے بنیادی مسائل حل کرنے کیلئے بھرپور انداز میں عملی کاوشیں کی جائیں اس ضمن میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی۔

## دارارقم سکولز اور مختلف کالجز کے طلباء نے فلسطینی مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلی نکالی

**اسرائیل نے اہل غزہ پر زندگی تنگ کر رکھی ہے فلسطینیوں کے حق میں آواز بلند کرنا ہر مسلمان کا فرض ہے**

**انسانی حقوق پر واویلا کرنے والی تنظیمیں 45 ہزار شہادتوں پر چپ سادھے بیٹھی ہیں، مقررین**

وزیر آباد (نامہ نگار) دار ارقم سکولز اور مختلف کالجز کے طلباء نے فلسطینی مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کے سلسلہ میں ریلی نکالی، ریلی میں دار ارقم سکولز کے کیمپسز اور کالجز کے طلباء نے کثیر تعداد نے شرکت کی، بچوں نے فلسطینی پرچم، اور اسرائیل کے خلاف اور فلسطینی مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کے لکھے بینرز اٹھا رکھے تھے۔اس موقع پر پرنسپل دار ارقم سکول الہ آباد آسیہ صابر حسین بٹ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ غزہ قید خانے میں تبدیل ہو چکا ہے نہتے لوگوں کا قتل عام جاری ہے انسانی حقوق پر واویلا کرنے والی تنظیمیں 45 ہزار شہادتوں پر چپ سادھے بیٹھی ہیں، فلسطین پر اسرائیلی حملوں کی مذمت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم فلسطینیوں کے حقوق کے لئے آواز بلند کرتے رہیں گے، اسرائیل نے اہل غزہ پر زندگی تنگ کر رکھی ہے فلسطینیوں کے حق میں آواز بلند کرنا ہر مسلمان کا فرض ہے، ہمارا حق ہے کہ نوجوان نسل کو فلسطین اور اسرائیل کی اصل حقیقت سے آگاہ کیا جائے، عالمی طاقتیں اہل فلسطین پر بربریت پر خاموش ہیں مگر مسلم حکمرانوں کے سر پر جوں بھی نہیں رینگ رہی۔ پاکستانی قوم فلسطینیوں کے ساتھ ہے اور ملک بھر میں ہونیوالے مظاہرے ثابت کرتے ہیں کہ اسرائیل بربریت کی انتہا کر رہا ہے۔

## چیمہ کمپلیکس میں ہسپتال انتظامیہ کے زیر اہتمام لگائے گئے بریسٹ کینسر سے بچاؤ کے آگاہی فری میڈیکل کیمپ

**بریسٹ کینسر انتہائی خطرناک بیماری ہے کی طرف عام طور خواتین توجہ نہیں دیتی ہیں، ڈاکٹر آمنہ کی خواتین سے گفتگو**

**اگر آپ ایک ماں ہیں اور آپ کو بریسٹ کینسر یا چھاتی کا کینسر ہوا ہے تو آپ اپنی بیٹیوں کی سکینگ اور الٹراساؤنڈ ضرور کروانا چاہئے، ڈاکٹر آمنہ**



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) چیمہ کمپلیکس میں ہسپتال انتظامیہ کے زیر اہتمام چھاتی کے کینسر سے بچاؤ کیلئے آگاہی بارے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈاکٹر آمنہ، ڈاکٹر مائرہ نے آنیوالی خواتین کو قائل کرنے کیلئے بتایا کہ بریسٹ کینسر انتہائی خطرناک بیماری ہے کی طرف عام طور خواتین توجہ نہیں دیتی ہیں اس حوالہ سے انہوں نے خواتین میں شعور دیتے ہوئے کہا کہ اگر آپ ایک ماں ہیں اور آپ کو بریسٹ کینسر یا چھاتی کا کینسر ہوا ہے تو آپ اپنی بیٹیوں کی سکینگ اور الٹرا ساؤنڈ ضرور کروانا چاہئے کیونکہ اب آپ کی بیٹی کو بھی کینسر ہونے کا قوی امکان ہے۔ڈاکٹر آمنہ اور ڈاکٹر مائرہ کا مزید کہنا تھا کہ خواتین کو اپنے بریسٹ کینسر کے حوالے ٹیسٹ ضرور کروانے چاہئیں یا کم از کم خود اپنا معائنہ کریں کہ کہیں وہ بریسٹ کینسر کی جانب تو نہیں بڑھ رہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ مرض عام طور پر 50 سے 60 برس کی عمر کی عورتوں میں پایا جاتا تھا، لیکن اب کم عمر خواتین بھی اس بیماری میں بتلا ہو رہی ہیں۔بریسٹ کینسر کی مریض خواتین نہ صرف پسماندہ اور ترقی پذیر ممالک میں پائی جاتی ہیں۔

## سینئر صحافی رانا محمد یحییٰ آبائی قبرستان میں سپرد خاک

**جنازے میں سیالکوٹ پریس کلب صحافیوں وعمائدین کی کثیر تعداد میں شرکت**



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سیالکوٹ پریس کلب رجسٹرڈ کے سنیئر صحافی چیف ایڈیٹر یحییٰ نیوز رانا محمد یحییٰ کو انکے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔نماز جنازہ میں صحافیوں سمیت مختلف مکاتب فکر کے عمائدین شہر نے سینکڑوں کی تعداد میں شرکت کی۔بعدازاں انکی مغفرت و بلندی درجات کیلئے دعا کرائی گئی۔مرحوم عرصہ دراز سے سیالکوٹ میں صحافتی امور کی انجام دہی کرتے رہے اور سیالکوٹ پریس کلب کی توانا آواز تھے۔اللہ تعالیٰ مرحوم کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے۔

## تاجر رہنماؤں سے تاجر برادری کی بہتر نمائندگی کی توقع ہے، شیخ جاوید حیدر


**مرکزی انجمن تاجراں ہمہ وقت آپکی رہنمائی کیلئے تیار ہے۔سیکرٹری جنرل انجمن تاجراں**




سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) انجمن تاجراں لاری اڈہ کے مرکزی عہدیداران ومجلس عاملہ کی تقریب حلف برداری کا انعقاد ہوا۔مرکزی انجمن تاجران سیالکوٹ کے جنرل سیکرٹری شیخ جاوید حیدر کی قیادت میں سٹی صدر صرافہ ایسوی ایشن عظیم اکرم پلاسنیارا و دیگر تاجر عہدیداروں کی انجمن تاجران لاری اڈہ کی تقریب حلف برداری میں شرکت کی۔ اس موقع پر سیکرٹری جنرل مرکزی انجمن تاجراں سیالکوٹ نے نومنتخب عہدیداران سے انکے عہدوں کا حلف لیا۔اپنے مختصر خطاب میں شیخ جاوید حیدر نے کہا کہ دعا ہے کہ انجمن تاجراں لاری اڈہ سیالکوٹ کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد کیساتھ یہ توقع کرتے ہیں کہ آپ عہدیداران لاری اڈہ تاجر برادری کی بہتر نمائندگی کرتے ہوئے ان کے مسائل اور حقوق کی پاسداری بہتر انداز میں کریں گے۔آپ کو اپنے میرٹ پر معاملات و درپیش مسائل کیلئے کسی بھی پریشانی یا انتظامیہ کیجانب سے کوئی مسلہ ہو تو مرکزی انجمن تاجراں سیالکوٹ آپ کی ایک آواز پر لبیک کہے گی۔

# ہماری خواتین ہر شعبہ زندگی میں مردوں کے شانہ بشانہ کام کر رہی ہیں: نبیلہ حاکم علی خان

**ہمیں خواتین کو پروقار اور پراعتماد بنانا ہے اور انہیں ملازمت کی جگہ بہترین ماحول فراہم کرنا ہے تاکہ وہ بغیر کسی پریشانی کے اپنی ذمہ داریاں سرانجام دے سکیں،صوبائی خاتون محتسب پنجاب**




ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) صوبائی خاتون محتسب پنجاب نبیلہ حاکم علی خان نے کہا ہے کہ ہماری خواتین ہر شعبہ زندگی میں مردوں کے شانہ بشانہ کام کر رہی ہیں، ہمیں خواتین کو پروقار اور پراعتماد بنانا ہے اور انہیں ملازمت کی جگہ بہترین ماحول فراہم کرنا ہے تاکہ وہ بغیر کسی پریشانی کے اپنی ذمہ داریاں سرانجام دے سکیں۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن ساہیوال کے زیر اہتمام آگاہی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔سیمینار میں ایڈیشنل سیشن جج فرخ حمید اور غزالہ یاسمین، صدر ڈسٹرکٹ بار ساہیوال میاں رحمان حامد، نائب صدر ملک ریاست علی کوڈھن، سینئر وکلاء میں چوہدری انوار الحق، مہر قطب الدین طارق وسلی، ملک محمد حسین سکھلہ، چوہدری طاہر بشیر، ملک ریاست علی کوڈھن، ملک وسیم حسن سکھلہ، کنسلٹنٹ قاسم بشیر، کنسلٹنٹ رانا شاہد رضا، پی ایس او حافظ فاروق انور، لاء آفیسر وقار یونس سمیت مختلف شعبہ زندگی سے وابسطہ افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔صوبائی خاتون محتسب پنجاب نبیلہ حاکم علی خان نے کہا ہے اسلام نے خواتین کو وراثت سمیت تمام حقوق دیئے ہیں اور ریاست پاکستان نے بھی خواتین کے حقوق اور تحفظ کے لئے بہترین قوانین بنائے ہیں۔انہوں نے کہا کہ خواتین کو وراثتی حقوق دلانے کے لیے تمام اقدامات کیے جا رہے ہیں اور خواتین کو وراثتی حق سے کسی صورت محروم نہیں رکھا جاسکتا۔انہوں نے بتایا کہ پنجاب میں خواتین محتسب کے 9 ریجنل دفاتر کام کر رہے ہیں جبکہ ضلعی سطح پر بھی خاتون محتسب کے دفاتر جلد قائم کئے جا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت خواتین کی بہتری کیلئے اہم اقدامات کر رہی ہے اور خواتین کو تحفظ فراہم کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔

## معروف سماجی وصحافتی شخصیت سیدابوالحسن شاہ کے والدمحترم کی رسم چالیسواں اسداللہ پور میں اداکردی گئی

پاکپتن (محمد عمران جنجوعہ قوت) معروف سماجی و صحافتی شخصیت سید ابوالحسن شاہ کے والد محترم کی رسم چالیسواں اسداللہ پور میں ادا کر دی گئی۔ہر دلعزیز معروف سیاسی سماجی و صحافتی شخصیت سید ابوالحسن شاہ اور سید اکرام حسین شاہ کے والد محترم سید امام حسین شاہ بخاری کی رسم چالیسواں ان کے ڈیرہ چک اسداللہ پور میں ادا کر دی گئی۔ جس میں علاقہ بھر کی مذہبی سیاسی وسماجی شخصیات وکلاء برادری سرکاری افسران اور صحافیوں سمیت تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی اور اجتماعی دعائے مغفرت کی گئی۔

## کرمانی ویلفیئر فاؤنڈیشن موڑکھنڈا کے زیر اہتمام مقابلہ حسن قرات کا انعقاد

**گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول موڑکھنڈا کے حافظ غلام مصطفیٰ نے پہلی پوزیشن حاصل کی**




ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) کرمانی ویلفیئر فاؤنڈیشن موڑکھنڈا کے زیر اہتمام مقابلہ حسن قرات کا انعقاد کیا گیا۔تفصیلات کے مطابق کرمانی ویلفیئر فاؤنڈیشن موڑکھنڈا کے زیر اہتمام مقابلہ حسن قرات کا انعقاد کیا گیا۔کنٹری کالج میں ہونے والے مقابلے میں مختلف سرکاری اور نجی سکولوں اور دینی مدارس کے پچاس سے زائد طلباء نے حصہ لیا۔کنٹری گروپ آف کالجز کے ڈائریکٹر مہر احمد علی پڈھیار نے پروگرام کی صدارت کی۔ مقابلے کے دوران امیدواروں نے منفرد انداز اور خوبصورت آواز میں تلاوت کلام پاک پیش کر کے سماں باندھ دیا۔حافظ افتخار احمد، حافظ محمد بلال اور حافظ محمد ذوہیب نے ججز کے فرائض سرانجام دیئے۔مقابلے میں گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول موڑکھنڈا کے حافظ غلام مصطفیٰ نے پہلی جامعہ غوثیہ تعلیم القرآن کے حافظ محمد اکرام نے دوسری جبکہ جامعہ محمد سلفیہ کے حافظ علی حسنین نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔کرمانی ویلفیئر فاؤنڈیشن کی طرف سے مقابلے میں حصہ لینے والے تمام امیدواروں کو یادگاری سرٹیفکیٹس پہلی پوزیشن پر دس ہزار روپے دوسری پوزیشن پر پچھتر سو روپے جبکہ تیسری پوزیشن پر پانچ ہزار نقد انعام بھی دیا گیا۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے فاؤنڈیشن کے چیئرمین ملک محمد ساجد، صدر وقار علی گھکھ، جنرل سیکرٹری حافظ کاشف محمود، امانت علی سیف، محمد اعظم اجمل، امجد علی مغل، ملک نوید اختر اور مہر احمد علی پڈھیار سمیت دیگر مقررین نے کہا کہ قرآنی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر دنیا آخرت میں کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے۔مقابلہ نعت کا مقصد بچوں کو تلاوت کلام پاک کی طرف راغب کرنا اور انہیں قرآنی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کا پیغام دینا ہے تاکہ وہ باعمل مسلمان بن کر دنیا آخرت میں کامیابی حاصل کر سکیں۔ پروگرام کے اختتام پر ملکی تعمیر وترقی اور امن و امان کے لئے خصوصی دعا بھی کی

## اسرائیل کے فلسطین پر غاصبانہ قبضے کی کوشش اور غزہ پر جاری جارحیت کے خلاف جماعت اسلامی کے زیر اہتمام ریلی

پاکپتن (محمد عمران جنجوعہ قوت) اسرائیل کے فلسطین پر غاصبانہ قبضے کی کوشش اور غزہ پر جاری جارحیت کے خلاف جماعت اسلامی کے زیر اہتمام ریلی نکالی گئی۔ پاکپتن کے نگینہ چوک میں جماعت اسلامی کی جانب سے اسرائیل کی فلسطین پر جارحیت کے خلاف احتجاج کیا گیا اور ریلی نکالی گئی۔ریلی میں مختلف مکاتب فکر کے علما، مرکزی انجمن تاجران اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی، ریلی سے خطاب کرتے شرکا کا کہنا تھا کہ فلسطین کے مسلمانوں کا ناحق قتل کیا جا رہا ہے ان پر ظلم کے پہاڑ گرائے جا رہے ہیں جو کہ قابل مذمت ہے عالمی برادری کو فل فور نوٹس لے کر اس مسئلہ کے حل کے لیے اقدامات اٹھانے چاہییے۔

## میاں چنوں: جماعت اسلامی کی فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی ریلی

**ریلی میں امیر جماعت اسلامی تحصیل میاں چنوں افتخار الحسن چودھری و دیگر کی شرکت**




میاں چنوں (تحصیل رپورٹ) جماعت اسلامی کی جانب سے فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے ریلی نکالی گئی تفصیلات کے مطابق جماعت اسلامی میاں چنوں کے زیر اہتمام امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ انجینئر نعیم الرحمن خان کی ہدایت پر فلسطین کے ساتھ یکجہتی مارچ کیا گیا، ریلی میں امیر جماعت اسلامی تحصیل میاں چنوں افتخار الحسن چودھری، جنرل سیکرٹری انس معاویہ، سٹی امیر شہزاد عثمانی، سیکرٹری شہر چوہدری اشتیاق احمد جٹ سمیت جماعت اسلامی کے درجنوں افراد نے شرکت کی، ریلی تحصیل کچہری سے لاری اڈا تک نکالی گئی، ریلی کے شرکاء نے فلسطین کے حق میں نعرے لگائے اور فلسطین میں ظلم زیادتی کے خلاف شدید غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کب تک فلسطینیوں کے اس ظلم وزیادتی کا سامنا رہے گا جلد ہی امہ مسلمہ کو ایک ہو کر بڑا فیصلہ کرنا ہوگا تاکہ اسلامی ممالک کے خلاف جانے والوں کو منہ توڑ جواب دیا جائے۔

## اوکاڑہ: آر پی او ساہیوال محبوب رشید کی زیر صدارت کرائم میٹنگ کا انعقاد

**ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے امن وامان کی صورتحال اور جرائم کے انسداد کیلئے کیے جانے والے اقدامات کے حوالے سے بریفنگ**



دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) اوکاڑہ آر پی او ساہیوال محبوب رشید کی زیر صدارت کرائم میٹنگ کا انعقاد اوکاڑہ آر پی او ساہیوال محبوب رشید کی زیر صدارت طیب سعید شہید پولیس لائنز میں کرائم میٹنگ کا انعقاد ہوا اوکاڑہ میٹنگ میں ایس پی انویسٹیگیشن سمیت ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کی شرکت اوکاڑہ ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے امن و امان کی صورتحال اور جرائم کے انسداد کیلئے کیے جانے والے اقدامات کے حوالے سے بریفنگ دی اوکاڑہ آر پی او ساہیوال کی ایس ایچ اوز کو منشیات فروشوں، مجرم اشتہاریوں کے خلاف کاروائیاں مزید بہتر بنانے کی ہدایات اوکاڑہ ہوائی فائرنگ اور پتنگ بازی کے خلاف بلاتفریق کاروائیاں کی جائیں آر پی او ساہیوال اوکاڑہ پٹرولنگ اور ناکہ بندی کے دوران تمام جاری کردہ ایس او پیز پر من وعن عمل کیا جائے، آر پی او اوکاڑہ چائنیز و دیگر غیر ملکیوں کی سکیورٹی کو ہر حال میں یقینی بنایا جائے گا آر پی او ساہیوال اوکاڑہ کرپشن پر زیرو ٹالرنس کی پالیسی اپنائی جائے گی آر پی او اوکاڑہ شہریوں کی جانوں مال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے اور اس ذمہ داری کو پورا کرنے کے لیے ہر لمحہ کوشاں رہیں، محبوب رشید اوکاڑہ سرچ اور کومبنگ آپریشن کو دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کیساتھ مل کر روزانہ کی بنیاد پر مختلف علاقوں میں یقینی بنایا جائے۔

## ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی افسران سے میٹنگ

**ضلع بھر کے سکولوں کی مجموعی کارکردگی، سہولیات، انفراسٹرکچر و دیگر امور پر بریفنگ لی**



چنیوٹ ( ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی چنیوٹ کے افسران سے میٹنگ کی، میٹنگ میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو رانا محمد عمر، اسسٹنٹ کمشنر/ ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر شمس الرحمن، سی او ایجوکیشن ڈاکٹر محسن عباس، ڈی اوز سیکنڈری و ایلیمنٹری، لٹریسی، محمد عبدالجلیل، میڈم خدیجہ بخاری، ڈاکٹر روبینہ گل، ڈپٹی ڈی اوز میڈم زاہدہ عظیم، روبینہ چوہدری، محمد اسحاق تبسم محمد مدنی نور زمان، نمائندہ سپیشل ایجوکیشن فرحت طفیل و دیگر افسران نے شرکت کی، چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر محسن عباس نے ضلع بھر کے سکولوں کی مجموعی کارکردگی، سہولیات، انفراسٹرکچر و دیگر امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی، ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے جملہ ایجوکیشن فسران کو روزانہ کی بنیاد پر سکولوں کے وزٹ کرنے اور سکولوں میں کوالٹی ایجوکیشن کی فراہمی، بہتری و بحالی کے حوالے سے ہدایات جاری کیں۔

## پولیس ایمرجنسی ہیلپ لائن نمبر پکار 15 کی ماہ ستمبر کی کارکردگی رپورٹ جاری

چنیوٹ:(ڈسٹرکٹ رپورٹر) پولیس ایمرجنسی ہیلپ لائن نمبر پکار 15 کی ماہ ستمبر کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی گئی۔گزشتہ ماہ ستمبر میں پولیس ہیلپ لائن پکار 15 پر 31 ہزار سے زائد کالز موصول ہوئیں۔ 23 سو سے زائد کالز پر فوری کارروائی کرتے ہوئے شہریوں کو مدد فراہم کی گئی۔ گزشتہ ماہ ستمبر میں 12 سو سے زائد کالز پر شہریوں کی راہنمائی کی گئی۔ایمرجنسی نمبر 15 پر جھوٹی کال کرنے پر 8 افراد کیخلاف مقدمات درج ہوئے اور ملزمان کو جیل بھجوایا گیا۔ایمرجنسی نمبر 15 پر موصول ہونے والی کالز میں سے 90 فیصد سے زائد کالز غیر ضروری، غیر متعلقہ، بوگس تھیں۔

## گوجرانوالہ گورنمنٹ ایمرجنسی ہیلتھ سنٹر پیپلز کے ڈاکٹرز اور عملہ کا ڈیوٹی سے غائب رہنا معمول بن گیا

**سرکاری ڈاکٹرز اور عملہ کی اکثریت پرائیویٹ کلینکس اور نجی ہسپتالوں میں ڈیوٹیاں دینے میں مصروف**

**نائٹ شفٹ ڈیوٹی پر مامور عمر فیصل اور دیگر ایوننگ، نائٹ شفٹ عملہ پرائیویٹ کلینک اور نجی ہسپتالوں میں اشرافیہ کمانے لگا**




گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) پنجاب حکومت کے واضح احکامات کے باوجود ضلع گوجرانوالہ کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں ڈاکٹرز اور عملہ کی اکثریت فرائض کی سرانجام دہی کے بجائے پرائیویٹ کلینکس اور نجی ہسپتالوں میں ڈیوٹیاں دینے میں مصروف ہیں، بائیو میٹرک سسٹم کے نفاذ کیلئے کروڑوں روپے خرچ کرنے کے باوجود ڈاکٹرز اور عملہ کی حاضری کو یقینی نہ بنایا جاسکا، گوجرانوالہ ضلعی انتظامیہ اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹرز اور عملہ کی حاضری کو سو فیصد یقینی بنانے میں ناکام ہو چکی ہے، ذرائع کے مطابق گورنمنٹ ایمرجنسی ہیلتھ سنٹر پیپلز کالونی میں نائٹ شفٹ ڈیوٹی پر مامور عمر فیصل اور دیگر ایوننگ، نائٹ شفٹ عملہ فوٹو سیشن کرواتے ہی ڈیوٹی سے غائب ہو جاتے ہیں اور اپنے پرائیویٹ کلینک اور نجی ہسپتالوں میں اشرافیہ کمانے لگتے ہیں، ڈاکٹرز اور عملہ کا ڈیوٹی سرانجام نہ دینے کی وجہ سے رات گئے ایمرجنسی ہیلتھ سنٹر میں آئے مختلف بیماریوں میں بتلا مریض علاج معالجہ کیلئے پرائیویٹ ہسپتالوں کا رخ کرنے پر مجبور ہیں، تاہم مریض ولواحقین نے وزیراعلیٰ پنجاب سے التماس کی ہے کہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کے خلاف فوری نوٹس لیتے ہوئے ڈاکٹرز اور عملہ کی حاضری کو یقینی بنایا جائے اور تمام تر ضروری ادویات کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے۔

## پریس کلب شیخوپورہ کے ڈاکٹر عبدالقدیر ہال میں منعقدہ محفل سماع میں خاور علی قوال وہمنواؤں نے سماں باندھ دیا،

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پریس کلب شیخوپورہ کے ڈاکٹر عبدالقدیر ہال میں منعقدہ محفل سماع میں خاور علی قوال وہمنواؤں نے سماں باندھ دیا،صوفیانہ کلام پیش کر کے اپنے فن کے جوہر دکھائے اور حاضرین کی خوب داد وصول کی، اس موقع پر وائس چیئرمین پریس کلب عبدالحمید بھٹی، گروپ لیڈر مبشر حسن بٹ، جوائنٹ سیکرٹری میاں یاسر ندیم، اعظم محمود ولانہ،سید علی معظم رضوی، انفارمیشن سیکرٹری قمر الدین قادری، سیکرٹری فنانس میاں شاہد اسلم جالندھری، سابق جوائنٹ سیکرٹری رانا محمد اکرم، آفس سیکرٹری میاں عدنان سعید، سیف الرحمن سیفی، محمد شفیق چوہدری، میاں شاہد رفیق، میاں انوار الحق، محمد عالم، ثمر اقبال، حافظ عبدالرزاق، غضنفر خان لودھی، میاں شہباز حنیف، محمد عاصم، مرزا عظمت بیگ، احسن علی ہاشمی، میاں عاقب جاوید، عثمان بٹ، محمد سعید، شیخ دلاور چاند و دیگر نے ارکان و نمائندہ افراد موجود تھے، محفل کا اہتمام کوآرڈینیٹر کلچرل ونگ رانا شاہد لطیف نے کیا، محفل کے اختتام پر وائس چیئرمین عبدالحمید بھٹی اور جوائنٹ سیکرٹری میاں یاسر ندیم کی سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا۔

## صدر سیالکوٹ چیمبر اکرام الحق باکمال شخصیت ہیں، عمر خالد

**بطور وائس پریزیڈنٹ سیالکوٹ چیمبر بزنس کمیونٹی کی سہولت کیلئے کوشاں ہیں، نائب صدر سیالکوٹ چیمبر**



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) بزنس کمیونٹی وعمائدین شہر کیجانب سے نومنتخب عہدیداران سیالکوٹ چیمبر کیلئے مبارکبادوں کا سلسلہ جاری ہے۔نائب صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری عمر خالد سے ملاقات کیلئے ایکسپورٹرز عامر جیلانی، عرفان و سکندر حیات وائس پریزیڈنٹ آفس آئے اور انہیں پھول پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ وائس پریزیڈنٹ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس عمر خالد نے احباب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ میں، سنئیر نائب صدر وسیم لودھی اور صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اکرم الحق شہر اقبال کے شہریوں خصوصا ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ میں سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کی خدمت کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس کی نمائندگی ہمارے لئے باعث اعزاز ہے

## سٹی پریس کلب جوائن کرنے والے حاجی محمد ابراہیم بابا آمین کو مالا پہنا کر ویلکم کیا گیا

**صدر واحد ملک پر اعتماد کرتے ہوئے باقاعدہ شمولیت کا اعلان کرتے ہیں، حاجی محمد ابراہیم، آمین رحمانی**




مصطفیٰ آباد (نامہ نگار) سٹی پریس کلب مصطفیٰ آباد میں شمولیت کرنے والے حاجی ابراہیم، بابا آمین رحمانی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہم صدر واحد ملک، پر اعتماد کرتے ہوئے باقاعدہ شمولیت کا اعلان کرتے ہے اور دعا گو ہے سٹی پریس کلب دن دگنی رات چگنی ترقی کرے انشاء اللہ۔اس موقع پر وائس چیئرمین محمد عظیم بھٹی، صدر واحد ملک، نائب صدر رضوان بھٹی، سیکرٹری انفارمیشن حافظ ثاقب، سیکرٹری نشرواشاعت محمد نوید نقشبندی، احتشام زاہد اور دیگر صحافیوں نے نئے شامل ہونے والے دوستوں کے اعتماد پر پورا اتر کر دوستوں کے اعتماد کو بحال رکھنے کا عظم کیا تمام دوستوں کو ساتھ لیکر چلنے کا اظہار اور نئے شامل ہونے والوں کو مالا پہنا کر شاندار استقبال کیا گیا ٹیم سٹی پریس میں خوش آمدید کہا اور نئے ممبران کو مبارکباد دی

## ہمارے خاندان کا شمار ملک کے اُستاد گھرانوں میں ہوتا ہے؛ بخشی جاوید سلامت گروپ

**دنیا کے بے شمار ممالک میں اپنے فن کا مظاہرہ کر کے دادِ تحسین وصول کر چکے ہیں**

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) انٹرنیشنل شہرت کے حامل معروف قوال بخشی جاوید سلامت گروپ کے ندیم سلامت اور مسعود سلامت نے یہاں پریس کلب میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انکے خاندان کا شمار ملک کے اُستاد گھرانوں میں ہوتا ہے اور وہ اب تک دنیا کے بے شمار ممالک میں اپنے فن کا مظاہرہ کر کے دادِ تحسین وصول کر چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ برصغیر پاک وہند میں صوفیائے عظام اور اولیائے اکرام نے قوالی کے ذریعے بے شمار لوگوں کا دائرہ اسلام میں داخل کیا۔آج بھی ضرورت اس امر کی ہے کہ محافل سماع میں خشوع وخضوع کے ساتھ شرکت کی جائے تو اس سے نہ صرف دلوں پر لگا زنگ ختم ہوتا ہے بلکہ قلوب عشق رسول ﷺ کی شمع سے جگمگانے لگتے ہیں۔ندیم سلامت اور مسعود سلامت کا مزید کہنا تھا کہ انکے لئے دنیائے اسلام کے عظیم خطیب حضرت پیر سید شبیر حسین شاہ حافظ آبادیؒ کے سالانہ عرس پاک میں محفل سماع میں شامل ہونا بہت بڑی سعادت کی بات ہے اور وہ اس لئے بھی خوش قسمت ہیں کہ ایک بار پیر سید شبیر حسین شاہ حافظ آبادیؒ انکے گھر بھی تشریف لائے تھے۔

## ضلع ساہیوال میں پیسٹی سائیڈ ڈیلرز کے لائسنسوں کے اجراء اور تجدید کیلئے تنتالیسویں (43ویں) ٹریننگ شیڈول کا اعلان

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) اسسٹنٹ ڈائریکٹر پلانٹ پروڈکشن ڈاکٹر محمد اویس صادق نے کہا ہے کہ محکمہ زراعت نے ضلع ساہیوال میں پیسٹی سائیڈ ڈیلرز کے لائسنسوں کے اجراء اور تجدید کیلئے تنتالیسویں (43ویں) ٹریننگ شیڈول کا اعلان کر دیا ہے۔جس کیلئے درخواستیں 25 اکتوبر 2024ء تک وصول کی جائیں گی جبکہ ٹریننگ کا آغاز یکم نومبر سے ہوگا۔نئے درخواست گزار ٹریننگ فیس -/7260 روپے اور تجدید کے لئے -/3630 روپے جمع کرائیں۔درخواستیں دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر پلانٹ پروٹیکشن کے دفتر میں جمع کروائیں۔ انہوں نے کہا کہ نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد درخواست وصول نہیں کی جائے گی۔نئے لائسنس کے اجراء کیلئے درخواست گزار سادہ کاغذ پر درخواست لکھ کر اس کے ساتھ میٹرک سند اور شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپیاں اور پاسپورٹ سائز فوٹو چار عدد منسلک کریں گے جبکہ تجدید کیلئے ڈیلرز پرانے لائسنس کی فوٹو کاپی بھی ساتھ لگائیں۔

## صوابی: اباسین یونین اف جرنلسٹس ضلع صوابی کی تنظیم نو

**بابائے صحافت محمد شعیب سرپرست اعلی بابو لاجبر خان صدر اور سید بلال شاہ جنرل سیکرٹری منتخب**




صوابی (بیورو چیف شاہ صاحب) اباسین یونین اف جرنلسٹس ضلع صوابی کی تنظیم نو بابائے صحافت محمد شعیب سرپرست اعلی بابو لاجبر خان صدر اور سید بلال شاہ جنرل سیکرٹری منتخب دیگر عہدیداران میں محمد سیار بابا سینئر نائب صدر فقیر تاج نائب صدر اول عبدالصمد نائب صدر دوم محمد ایوب خان ڈپٹی جنرل سیکرٹری، جائنٹ سیکرٹری حق نواز جائنٹ سیکرٹری دوئم عابد جان پریس اینڈ انفارمیشن سیکرٹری امتیاز خان، فنانس سیکرٹری محمد اسرار، افس سیکرٹری یوسف علی، کوآرڈینیٹر سیکریٹری ذیشان منتخب ہو گئے اس موقع پر صوابی پریس کلب رجسٹرڈ کے صدر جلیل احمد خان نے نو منتخب کابینہ سے حلف لیا۔اس موقع پر صوابی پریس کلب کے جنرل سیکرٹری مقدم خان سینئر نائب صدر شوکت علی انجم، سید عارف شاہ نے نئے منتخب عہدیداران کو مبارکباد دی واضح رہے کہ اباسین یونین اف جرنلسٹس ضلع صوابی کی صحافیوں کی بانی تنظیم ہے اور یہ تنظیم 1990 میں قائم ہوئی اور نئے عہدیداران کے انتخاب کے لئے انکا اجلاس زیر صدارت جلیل احمد خان تورڈھیر میں ہوا جس میں ضلع صوابی کی چاروں تحصیلوں سے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے دو درجن سے زیادہ صحافی شریک تھے جنھوں نے اتفاق رائے سے نئے عہدیداران کا انتخاب کیا اس موقع نو منتخب صدر بابو لاجبر خان جنرل سیکرٹری سید بلال شاہ سرپرست اعلی محمد شعیب نے تمام ساتھیوں کا شکریہ ادا کیا اس موقع ارکان تنظیم کو مزید فعال بنانے اور پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا سے منسلک دیگر صحافیوں کو رکنیت دینے کا عہد کیا۔

## نجی سکول کے طلبہ نے فلسطینی مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کے لئے ریلی کا انعقاد

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) نجی سکول کے طلبہ نے فلسطینی مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کے لئے اور مسلمانوں کی نسل کشی کے خلاف ریلی نکالی جس میں طلبہ وطالبات بینرز اٹھائے ہوئے تھے۔طلبہ نے اسرائیلی جارحیت اور دہشت گردی کے خلاف سخت نعرے بازی کی اور اقوام متحدہ سے مطالبہ کیا کہ وہ فلسطین میں مسلمانوں کی نسل کشی کو روکنے کے لئے اقدامات عمل میں لائے۔ریلی فوارہ چوک پر اختتام پذیر ہوئی۔

## سیاسی عدم استحکام معیشت کیلئے زہر قاتل ہے،محمد ایوب مغل

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما محمد ایوب مغل نے اپنے خصوصی بیان میں کہا ہے کہ سیاسی عدم استحکام معیشت 'مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کیلئے زہر قاتل ہے۔موجودہ حکومت نے جن مشکل حالات میں ملک کی باگ ڈور سنبھالی وہ اپنی مثال آپ ہے۔وزیراعظم شہباز شریف اور ان کی ٹیم انتہائی لگن اور محنت سے ملک کو معاشی گرداب سے نکالنے کی جدوجہد کر رہی ہے۔

## عمیر اقبال کی گریڈ 17 میں ترقی: شیخوپورہ کی سیاسی وسماجی شخصیات کی مبارکباد

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پبلک سروس کمیشن لاہور میں تعینات عمیر اقبال کو گریڈ 17 میں ترقی ملنے پر شیخوپورہ کے عبدالحمید بھٹی سلطان حمید راہی شیخ عظیم علی رانا محمد اکرم ملک محمد بوٹا غلام احمد چوہدری صدر پریس کلب شیخوپورہ رانا محمد عثمان جنرل سیکرٹری صفدر شاہین اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر الائیڈ ہیلتھ سائنسز ڈیپارٹمنٹ لاہور ملک نبیل طارق و دیگر نمائندہ شخصیات نے مبارکباد دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ عمیر اقبال اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنے محکمہ کا نام روشن کریں گے۔

## ڈپٹی کمشنر کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں سے ملاقات

**شہریوں نے اپنے مسائل کے حل کے لیے درخواستیں بھی پیش کیں**



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے حکومت پنجاب کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت اپنے دفتر میں آنے والے شہریوں سے ملاقات کی اور انکے مسائل سنیں۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کو ملنے والے شہریوں نے اپنے مسائل کے حل کے لیے درخواستیں بھی پیش کیں جن پر ڈپٹی کمشنر نے فوری حل کے لیے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایات پر ضلع کے تمام سرکاری دفاتر میں عوامی مسائل کے حل کے لیے اوپن ڈور پالیسی کا سلسلہ جاری ہے اور ضلع کے تمام افسران اپنے دفاتر میں موجود ہو کر عوام سے براہ راست ملاقات اور انکے مسائل سن رہے ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں اور سرکاری افسران کے باہمی روابط میں اضافہ ہوا ہے اور عوام کے مسائل کو بھی ترجیحی بنیادوں پر حل کر کے انہیں حقیقی معنوں میں ریلیف فراہم کیا جا رہا ہے۔

## سموگ تدارک کیلئے احتیاطی تدابیر اختیار کی جائیں، ڈاکٹر شفقت رسول

**صاف ستھری فضا سب کا حق ہے اس کیلئے سب کو کردار ادا کرنا ہے، انچارج ٹریفک ایجوکیشن سیالکوٹ**




سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ رانا عمر فاروق کی خصوصی ہدایت پر ڈاکٹر سید شفقت رسول انچارج ٹریفک ایجوکیشن ونگ سیالکوٹ نے ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر سیالکوٹ ملک عطاء اللہ کی زیر نگرانی گورنمنٹ گریجویٹ کالج آف کامرس سیالکوٹ میں طلباء کو سموگ کے تدارک اور احتیاطی تدابیر اختیار کرنے بارے لیکچر دیا۔طلباء کو بتایا گیا کہ دھواں اور گرد وغبار سموگ کا باعث بنتا ہے لہذا آپ کو سموگ کے تدارک کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہے تاکہ اس کا خاتمہ ہو اور ہم سب صاف ستھری فضا میں سانس لیں سکیں کیونکہ یہ سموگ ہی سانس، آنکھوں اور دل کی مختلف بیماریوں کا باعث بنتی ہے۔آپ کے اردگرد اگر کوئی فصلوں کی باقیات کو آگ لگاتا ہے تو اس کو منع کریں کیونکہ یہ فضائی آلودگی یعنی سموگ کا باعث بنتی۔

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

## پی ٹی آئی کا احتجاج، جمہوریت کی آڑ میں ملک دشمنی نہ کی جائے

پاکستان تحریک انصاف نے ہفتے کے روز اسلام آباد اور لاہور میں احتجاج کے ذریعے وفاقی اور صوبائی دارالحکومت کا کاروبار زندگی معطل کرنے کی بھرپور کوشش کی اور لاکھوں شہری اس صورتحال سے بری طرح متاثر ہوئے۔ پی ٹی آئی کارکن ڈی چوک پر احتجاج کے لیے قافلوں کی صورت میں اسلام آباد پہنچنے کی کوشش کرتے رہے جس پر مظاہرین اور پولیس کے درمیان تصادم اور شدید شیلنگ کی گئی۔ 800 کارکن گرفتار ہوئے۔ پولیس اور پی ٹی آئی کے درمیان اسلام آباد چائنہ چوک، جناح ایونیو اور دیگر مقامات پر تصادم جاری رہا جبکہ پی ٹی آئی کے کارکنان چائنہ چوک سے ڈی چوک کی جانب بڑھنے کی کوشش کرتے رہے لیکن [illegible] اور آنسو گیس کی وجہ سے وہ پیش قدمی نہ کر پائے۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور احتجاجی قافلے سمیت [illegible]

اسلام آباد کے آئی جی علی ناصر رضوی نے کہا [illegible] پولیس، ایف سی اور رینجرز اہلکاروں کو [illegible] خیبر پختونخوا ہاؤس پہنچ گئے۔ [illegible] وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور [illegible] پی ٹی آئی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان [illegible] احتجاج کی حمایت کریں گے۔

علاوہ ازیں، پی ٹی آئی نے ہفتے کے روز دوپہر ڈیڑھ بجے لاہور مینار پاکستان پر احتجاج کی کال دی تھی [illegible] لاہور کی قیادت مینار پاکستان نہ پہنچ سکی۔ [illegible] پولیس نفری کے باعث گلیوں اور گھروں [illegible] لیکن پولیس نے انہیں بھی منتشر کر دیا۔ [illegible] پولیس نے کچھ گرفتاریاں بھی کیں۔

وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے [illegible] ڈی چوک میں [illegible] میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد پولیس نے احتجاج کرنے والے 564 افراد کو گرفتار کیا، گرفتار افراد میں 120 افغانی شہری بھی شامل ہیں جبکہ خیبر پختونخوا پولیس کے 11 اہلکار [illegible] پنجاب پولیس پر فائرنگ کی گئی، مظاہرین نے پتھراؤ [illegible] اسلام آباد پولیس کے 31 اہلکار اور پنجاب پولیس کے 75 اہلکار زخمی ہوئے۔

اس دوران احتجاج کے علاوہ سب سے اہم موضوع خیبر پختونخوا کے وزیر بیرسٹر سیف کا ایک نجی ٹیلی ویژن چینل پر دیا گیا وہ انٹرویو بنا جس میں انھوں نے بھارتی وزیر خارجہ جے شنکر کو اسلام آباد میں اپنے احتجاجی جلسے سے خطاب کی دعوت دی۔ سوشل میڈیا پر اس حوالے سے شور مچا تو پی ٹی آئی کی قیادت کو اس بات کا احساس ہو گیا کہ بیرسٹر سیف کا بیان ملک دشمنی کے ضمن میں آتا ہے، لہٰذا چیئرمین پی ٹی آئی اس حوالے سے کہا کہ بھارتی وزیر خارجہ جے شنکر کے حوالے سے بیرسٹر سیف کا بیان سیاق و سباق سے ہٹ کر لیا گیا۔ ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کی بھارت سے متعلق پالیسی وہی ہے جو پاکستان کی پالیسی ہے۔

یہ نہایت افسوس ناک بات ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے اجلاس سے پہلے ایک طرف پی ٹی آئی کی جانب سے خیبر پختونخوا کی صوبائی حکومت کی مدد سے احتجاج کر کے حالات خراب کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے اور دوسری جانب اس کے کچھ رہنما ایسے بیانات دے رہے ہیں جو صاف طور پر ملک دشمنی پر مبنی ہیں۔ سیاست اور جمہوریت کی آڑ میں کسی کو بھی ملک دشمنی کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ پی ٹی آئی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان خود ایک قانون دان ہیں انھیں چاہیے کہ وہ اپنی جماعت کو ایسے عناصر سے پاک کرنے پر توجہ دیں جن کی وجہ سے یہ تاثر پیدا ہو رہا ہے کہ یہ جماعت پاکستان کے مفادات کے خلاف کام کر رہی ہے۔ احتجاج جمہوری حق ضرور ہے لیکن ایک صوبے کے سرکاری وسائل استعمال کر کے دوسرے صوبے یا وفاقی دارالحکومت میں انتشار پھیلانے کی کوششوں کے نتیجے میں ایسے مسائل پیدا ہوں گے جو پی ٹی آئی کی قیادت کے لیے بھی قابل قبول نہیں ہوں گے۔

## جامن کا پیڑ: کرشن چندر

رات کو بڑے زور کا جھکڑ چلا۔ سیکریٹریٹ کے لان میں جامن کا ایک درخت گر پڑا۔ صبح جب مالی نے دیکھا تو اسے معلوم ہوا کہ درخت کے نیچے ایک آدمی دبا پڑا ہے۔ مالی دوڑا دوڑا چپراسی کے پاس گیا، چپراسی دوڑا دوڑا کلرک کے پاس گیا، کلرک دوڑا دوڑا سپرنٹنڈنٹ کے پاس گیا۔ سپرنٹنڈنٹ دوڑا دوڑا باہر لان میں آیا۔ منٹوں میں گرے ہوئے درختوں کے نیچے دبے ہوئے آدمی کے گرد مجمع اکٹھا ہو گیا۔

"بے چارہ جامن کا پیڑ، کتنا پھل دار تھا۔" ایک کلرک بولا۔

"اور اس کی جامن کتنی رسیلی ہوتی تھیں۔" دوسرا کلرک یاد کرتے ہوئے بولا۔

"میں پھلوں کے موسم میں جھولی بھر کے گھر لے جاتا تھا۔ میرے بچے اس کی جامنیں کتنی خوشی سے کھاتے تھے۔" تیسرا کلرک تقریباً آبدیدہ ہو کر بولا۔

"مگر یہ آدمی؟" مالی نے دبے ہوئے آدمی کی طرف اشارہ کیا۔

"ہاں، یہ آدمی---!" سپرنٹنڈنٹ سوچ میں پڑ گیا۔

"مر گیا ہوگا! اتنا بھاری تنا جس کی پیٹھ پر گرے، وہ بچ کیسے سکتا ہے؟" دوسرا چپراسی بولا۔

"نہیں میں زندہ ہوں۔" دبے ہوئے آدمی نے بمشکل کراہتے ہوئے کہا۔

"درخت کو ہٹا کر اسے جلدی سے نکال لینا چاہیے۔" مالی نے مشورہ دیا۔

"مشکل معلوم ہوتا ہے۔" ایک کاہل اور موٹا چپراسی بولا۔ "درخت کا تنا بہت بھاری اور وزنی ہے۔"

"کیا مشکل ہے؟" مالی بولا۔ "اگر سپرنٹنڈنٹ صاحب حکم دیں تو ابھی پندرہ بیس مالی، چپراسی اور کلرک زور لگا کر درخت کے نیچے سے دبے ہوئے آدمی کو نکالا جاسکتا ہے۔"

"مالی ٹھیک کہتا ہے۔" بہت سے کلرک ایک دم بول پڑے۔ "لگاؤ زور، ہم تیار ہیں۔" ایک دم بہت سے لوگ درخت اٹھانے کو تیار ہو گئے۔

"ٹھہرو!!" سپرنٹنڈنٹ بولا: "میں انڈر سیکریٹری سے مشورہ کر لوں۔"

سپرنٹنڈنٹ انڈر سیکریٹری کے پاس گیا، انڈر سیکریٹری ڈپٹی سیکریٹری کے پاس گیا، ڈپٹی سیکریٹری جوائنٹ سیکریٹری کے پاس گیا، جوائنٹ سیکریٹری چیف سیکریٹری کے پاس گیا۔ چیف سیکریٹری نے جوائنٹ سیکریٹری سے کچھ کہا، جوائنٹ سیکریٹری نے ڈپٹی سیکریٹری سے کہا، ڈپٹی سیکریٹری نے انڈر سیکریٹری سے کہا۔ فائل چلتی رہی۔ اس میں آدھا دن گزر گیا۔

دوپہر کے کھانے پر دبے ہوئے آدمی کے گرد بہت بھیڑ جمع ہو گئی تھی۔ لوگ طرح طرح کی باتیں کر رہے تھے۔ کچھ منچلے کلرکوں نے معاملے کو اپنے ہاتھ میں لینا چاہا، وہ حکومت کے فیصلے کا انتظار کیے بغیر درخت کو خود سے ہٹانے کا تہیہ کر رہے تھے کہ اتنے میں سپرنٹنڈنٹ فائل لیے بھاگا بھاگا آیا اور بولا:

"ہم لوگ خود سے اس درخت کو نہیں ہٹا سکتے۔ ہم لوگ محکمہ تجارت سے متعلق ہیں۔ اور یہ درخت کا معاملہ ہے جو محکمہ زراعت کی تحویل میں ہے۔ اس لیے میں اس فائل کو ارجنٹ مارک کر کے محکمہ زراعت کو بھیج رہا ہوں۔ وہاں سے جواب آتے ہی اس درخت کو ہٹوا دیا جائے گا۔"

دوسرے دن محکمہ زراعت سے جواب آیا کہ درخت محکمہ تجارت کے لان میں گرا ہے۔ اس لیے اس درخت کو ہٹوانے یا نہ ہٹوانے کی ذمہ داری محکمہ تجارت پر عائد ہوتی ہے۔ یہ جواب پڑھ کر محکمہ تجارت کو غصہ آگیا۔ انہوں نے فوراً لکھا کہ: پیڑوں کو ہٹوانے یا نہ ہٹوانے کی ذمہ داری محکمہ زراعت پر عائد ہوتی ہے۔ محکمہ تجارت کا اس معاملے سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

دوسرے دن بھی فائل چلتی رہی۔ شام کو جواب آگیا کہ ہم اس معاملے کو ہارٹی کلچرل ڈپارٹمنٹ کے سپرد کر رہے ہیں۔ کیونکہ یہ ایک پھلدار درخت کا معاملہ ہے اور ایگری کلچرل ڈپارٹمنٹ صرف اناج اور کھیتی باڑی کے معاملات میں فیصلہ کرنے کا مجاز ہے۔ جامن کا پیڑ ایک پھل دار پیڑ ہے، اس لیے پیڑ ہارٹی کلچرل ڈپارٹمنٹ کے دائرہ اختیار میں آتا ہے۔

تیسرے دن ہارٹی کلچرل ڈپارٹمنٹ سے جواب آگیا۔ بڑا کڑا جواب تھا، اور طنز آمیز۔ ہارٹی کلچرل ڈپارٹمنٹ کا سیکرٹری ادبی مزاج کا آدمی معلوم ہوتا تھا۔ اس نے لکھا تھا: "حیرت ہے! اس سمے میں جب ہم درخت اگاؤ اسکیم بڑے پیمانے پر چلا رہے ہیں، ہمارے ملک میں ایسے سرکاری افسر موجود ہیں جو درختوں کو کاٹنے کا مشورہ دیتے ہیں۔ اور وہ بھی اک پھل دار درخت کو! اور وہ بھی جامن کے درخت کو۔ جس کا پھل عوام بڑی رغبت سے کھاتے ہیں۔ ہمارا محکمہ کسی حالت میں اس پھلدار درخت کو کاٹنے کی اجازت نہیں دے سکتا۔"

"اب کیا کیا جائے!!" ایک منچلے نے کہا" اگر درخت کاٹا نہیں جاسکتا تو اس آدمی کو کاٹ کر نکال لیا جائے۔"

"یہ دیکھئے!" اس آدمی نے اشارہ سے بتایا۔ "اگر اس آدمی کو بیچ میں سے، یعنی دھڑ کے مقام سے کاٹا جائے، تو آدھا آدمی ادھر سے نکل آئے گا اور آدھا آدمی ادھر سے باہر آجائے گا اور درخت وہیں کا وہیں رہے گا۔"

"مگر اس طرح تو میں مر جاؤں گا۔" دبے ہوئے آدمی نے احتجاج کیا۔

"یہ بھی ٹھیک کہتا ہے۔" ایک کلرک بولا۔

آدمی کو کاٹنے والی تجویز پیش کرنے والے نے پرزور احتجاج کیا، "آپ جانتے نہیں ہیں۔ آج کل پلاسٹک سرجری



تحریر: محبوب الٰہی

کتنی ترقی کر چکی ہے۔ میں تو سمجھتا ہوں اگر اس آدمی کو بیچ میں سے کاٹ کر نکال لیا جائے تو پلاسٹک سرجری کے ذریعے دھڑ کے مقام سے اس آدمی کو پھر سے جوڑا جاسکتا ہے۔"

اب کے فائل کو میڈیکل ڈپارٹمنٹ میں بھیج دیا گیا۔ میڈیکل ڈپارٹمنٹ نے فوراً اس پر ایکشن لیا اور جس دن فائل ان کے محکمہ میں پہنچی، اس کے دوسرے ہی دن انہوں نے محکمہ کے سب سے قابل پلاسٹک سرجن کو تحقیقات کے لیے موقع پر بھیج دیا۔ سرجن نے دبے ہوئے آدمی کو اچھی طرح ٹٹول کر، اس کی صحت دیکھ کر، خون کا دباؤ، سانس کی آمد و رفت، دل اور پھیپھڑوں کی جانچ کر کے رپورٹ بھیج دی کہ "اس آدمی کا پلاسٹک آپریشن تو ہو سکتا ہے، اور آپریشن کامیاب ہو جائے گا، مگر آدمی مر جائے گا۔"

لہٰذا یہ تجویز بھی مسترد کر دی گئی۔

رات کو مالی نے دبے ہوئے آدمی کو دال بھات کھلایا۔ حالاں کہ ان کے چاروں اطراف پولیس کا پہرہ تھا کہ کہیں لوگ قانون کو ہاتھ میں نہ لے لیں۔ درخت کو خود سے ہٹوانے کی کوشش نہ کریں۔ مگر ایک پولیس کانسٹیبل کو رحم آ گیا۔ اس نے مالی کو دبے ہوئے آدمی کو کھانا کھلانے کی اجازت دے دی۔

مالی نے دبے ہوئے آدمی سے کہا،

"تمہاری فائل چل رہی ہے۔ امید ہے کل تک فیصلہ ہو جائے گا۔"

دبا ہوا آدمی کچھ نہیں بولا۔ مالی نے پھر کہا۔

"یہاں تمہارا کوئی وارث ہے تو اس کا اتا پتا دیں۔ میں انہیں خبر دینے کی کوشش کروں گا۔"

"میں لاوارث ہوں۔" دبے ہوئے آدمی نے بڑی مشکل سے کہا۔

مالی افسوس ظاہر کرتا ہوا وہاں سے ہٹ گیا۔

رات کو مالی نے دبے ہوئے آدمی کے منہ میں کھچڑی کے لقمے ڈالتے ہوئے اسے بتایا۔ "اب معاملہ اوپر چلا گیا ہے۔۔۔ سنا ہے کل سیکرٹریٹ کے سارے سیکرٹریوں کی میٹنگ ہو گی۔ اس میں تمہارا کیس رکھا جائے گا۔ امید ہے سب کام ٹھیک ہو جائے گا۔"

دبا ہوا آدمی آہ بھر کے آہستہ سے بولا۔

ہم نے مانا کہ تغافل نہ کرو گے لیکن
خاک ہو جائیں گے ہم تم کو خبر ہونے تک

مالی نے اچنبھے سے منہ میں انگلی دبائی، حیرت سے بولا۔ "کیا تم شاعر ہو؟"

دبے ہوئے آدمی نے آہستہ سے سر ہلایا۔

دوسرے دن مالی نے چپراسی کو بتایا، چپراسی نے کلرک کو۔ تھوڑے ہی عرصے میں سیکرٹریٹ میں یہ افواہ پھیل گئی کہ دبا ہوا آدمی شاعر ہے۔ بس پھر کیا تھا، لوگ جوق در جوق شاعر کو دیکھنے کے لیے آنے لگے۔ اس کی خبر شہر میں بھی پھیل گئی۔ اور شام تک محلے محلے سے شاعر جمع ہونا شروع ہو گئے۔ سیکرٹریٹ کا لان بھانت بھانت کے شاعروں سے بھر گیا۔ اور دبے ہوئے آدمی کے گرد ایک مشاعرہ بپا ہو گیا۔ سیکرٹریٹ کے کئی کلرک اور انڈر سیکرٹریز تک، جنہیں شعر و ادب سے لگاؤ تھا۔ وہ رک گئے۔ کچھ شاعر دبے ہوئے آدمی کو اپنی غزلیں اور نظمیں سنانے لگے۔ جب یہ پتہ چلا کہ دبا ہوا آدمی ایک شاعر ہے، تو سیکرٹریٹ کی سب کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ چونکہ دبا ہوا آدمی ایک شاعر ہے۔ لہٰذا اس فائل کا تعلق نہ ایگری کلچرل ڈپارٹمنٹ سے ہے نہ ہارٹی کلچرل ڈپارٹمنٹ سے، بلکہ صرف کلچرل ڈپارٹمنٹ سے ہے۔ کلچرل ڈپارٹمنٹ سے استدعا کی گئی کہ جلد سے جلد اس معاملے کا فیصلہ کر کے اس بدنصیب شاعر کو اس شجر سایہ دار سے رہائی دلائی جائے۔

فائل کلچرل ڈپارٹمنٹ کے مختلف شعبوں سے گزرتی ہوئی ادبی اکیڈمی کے سیکریٹری کے پاس پہنچی۔ بے چارہ سیکریٹری اسی وقت اپنی گاڑی میں سوار ہو کر سیکریٹریٹ پہنچا اور دبے ہوئے آدمی سے انٹرویو لینے لگا۔

"تم شاعر ہو؟" اس نے پوچھا۔

"جی ہاں!" دبے ہوئے آدمی نے جواب دیا۔

"کیا تخلص کرتے ہو؟"

"اوس۔"

"اوس!!" سیکرٹری زور سے چیخا۔ "کیا تم وہی اوس ہو جس کا مجموعہ "اوس کے پھول" حال میں ہی شائع ہوا ہے؟"

دبے ہوئے آدمی نے اثبات میں سر ہلایا۔

"کیا تم ہماری اکادمی کے ممبر ہو؟" سیکرٹری نے پوچھا۔

"نہیں۔"

"حیرت ہے!" سیکریٹری زور سے چیخا" اتنا بڑا شاعر، "اوس کے پھول" کا مصنف، اور ہماری اکادمی کا ممبر نہیں ہے۔۔!! اف۔۔اف!! کیسی غلطی ہو گئی ہم سے!! کتنا بڑا شاعر، اور کیسے گوشہ گمنامی میں دبا پڑا ہے!"

"گمنامی میں نہیں، ایک درخت کے نیچے دبا ہوں۔ براہ کرم مجھے اس درخت کے نیچے سے نکالیے۔"

"ابھی بندوبست کرتا ہوں۔" سیکریٹری فوراً بولا۔ اور فوراً جا کر اس نے اپنے محکمے میں رپورٹ کی۔

دوسرے دن سیکرٹری بھاگا بھاگا شاعر کے پاس آیا اور بولا، "مبارک ہو!! مٹھائی کھلاؤ! ہماری سرکاری اکادمی نے تمہیں اپنی مرکزی کمیٹی کا ممبر چن لیا ہے۔ یہ لو پروانہ انتخاب۔"

"مگر مجھے اس درخت کے نیچے سے تو نکالو۔" دبے ہوئے آدمی نے کراہ کر کہا۔ اس کی سانس بڑی مشکل سے چل رہی تھی اور اس کی آنکھوں سے معلوم ہوتا تھا کہ وہ شدید تشنج اور کرب میں مبتلا ہے۔

"یہ ہم نہیں کر سکتے۔" سیکریٹری نے جواب دیا۔"حضور! جو ہم کر سکتے تھے، وہ ہم نے کر دیا ہے۔ بلکہ ہم تو یہاں تک کر سکتے ہیں کہ اگر تم مر جاؤ تو تمہاری بیوی کو وظیفہ دے سکتے ہیں۔ اگر تم درخواست دو تو، ہم وہ بھی کر سکتے ہیں۔"

"میں ابھی زندہ ہوں۔" شاعر رک رک کر بولا۔ "مجھے زندہ رکھو۔"

"مصیبت یہ ہے۔" سرکاری اکادمی کا سیکرٹری ہاتھ ملتے ہوئے بولا۔ "ہمارا محکمہ صرف کلچرل سے متعلق ہے۔ درخت کاٹنے کا معاملہ قلم دوات سے نہیں، آری کلہاڑی سے متعلق ہے۔ اس لئے ہم نے فاریسٹ ڈپارٹمنٹ کو لکھ دیا ہے۔ اور ارجنٹ لکھا ہے۔"

شام کو مالی نے دبے ہوئے آدمی کو بتایا، "کل فاریسٹ ڈپارٹمنٹ کے آدمی آ کر اس درخت کو کاٹ دیں گے اور تمہاری جان بچ جائے گی۔"

مالی بہت خوش تھا۔ دبے ہوئے آدمی کی صحت جواب دے رہی تھی مگر وہ کسی نہ کسی طرح اپنی زندگی کے لئے لڑے جا رہا تھا۔ کل تک، صبح تک۔۔۔۔ کسی نہ کسی طرح اسے زندہ رہنا ہے۔ دوسرے دن جب فاریسٹ ڈپارٹمنٹ کے آدمی آری کلہاڑی لے کر پہنچے، تو ان کو درخت کاٹنے سے روک دیا گیا۔ معلوم ہوا کہ محکمہ خارجہ سے حکم آیا تھا کہ: اس درخت کو نہ کاٹا جائے۔ وجہ یہ تھی کہ اس درخت کو دس سال پہلے حکومت پی ٹونیا کے وزیراعظم نے سیکرٹریٹ کے لان میں لگایا تھا۔ اب اگر یہ درخت کاٹا گیا تو اس امر کا شدید اندیشہ ہے کہ حکومت پی ٹونیا سے ہمارے تعلقات ہمیشہ کے لیے بگڑ جائیں گے۔

''مگر ایک یہ آدمی کی جان کا سوال ہے۔'' ایک کلرک غصہ سے چلاّیا۔

''دوسری طرف دو حکومتوں کے تعلقات کا سوال ہے۔'' دوسرے کلرک نے پہلے کلرک کو سمجھایا۔

''اور یہ بھی تو سمجھو کہ حکومت پی ٹونیا ہماری حکومت کو کتنی امداد دیتی ہے۔ کیا ہم ان کی دوستی کی خاطر ایک آدمی کی زندگی کو بھی قربان نہیں کر سکتے؟''

''شاعر کو مر جانا چاہیے۔''

''بلاشبہ!''

انڈر سیکرٹری نے سپرنٹنڈنٹ کو بتایا:

''آج صبح وزیراعظم دورے سے واپس آ گئیں گے۔ آج چار بجے محکمہ خارجہ اس درخت کی فائل ان کے سامنے پیش کرے گا۔ جو وہ فیصلہ دیں گے، وہی سب کو منظور ہو گا۔''

شام کے پانچ بجے خود سپرنٹنڈنٹ شاعر کی فائل لے کر اس کے پاس آیا۔

''سنتے ہو!''

آتے ہی وہ خوشی سے فائل کو ہلاتے ہوئے چلاّیا۔ ''وزیراعظم نے اس درخت کو کاٹنے کا حکم دیا ہے اور اس واقعہ کی ساری بین الاقوامی ذمہ داری اپنے سر لے لی ہے۔ کل یہ درخت کاٹ دیا جائے گا اور تم اس مصیبت سے چھٹکارا حاصل کر لو گے۔''

''سنتے ہو! آج تمہاری فائل مکمل ہو گئی۔'' سپرنٹنڈنٹ نے شاعر کے بازو کو ہلا کر کہا۔

مگر شاعر کا بازو سرد تھا۔ آنکھوں کی پتلیاں بے جان اور چیونٹیوں کی ایک لمبی قطار اس کے منہ میں جا رہی تھی۔

اس کی زندگی کی فائل بھی مکمل ہو چکی تھی۔

منقول


## علوی اور شاعری کا دبستان سوئم

جن صاحب کو ایوان صدر میں براجمان کیا تھا اور جواب واپس اپنے آبائی کاروبار یعنی دندان سازی کی طرف لوٹ گئے ہیں، ان کا ایک دیا کھیان یعنی کہ بیانِ بے امان میڈیا پر آیا ہے۔ انہوں نے ملکی معیشت کی زبوں حالی کا نوحہ پڑھا ہے اور یہ پیش گوئی فرمائی ہے کہ معیشت کی حالت اتنی خراب ہے کہ اگر آئی ایم ایف کے سربراہ کو بھی لا کر بٹھا دیا جائے (یعنی وزیر اعظم یا وزیر خزانہ بنا دیا جائے) تو بھی معیشت ٹھیک نہیں ہو سکتی۔

موصوف کا نام عارف علوی ہے۔ علوی صاحب غالباً (شاید یقیناً) اخبارات نہیں پڑھتے اور ٹی وی بھی نہیں دیکھتے، وہ صرف سوشل میڈیا دیکھتے ہیں اور سوشل میڈیا سے مراد پی ٹی آئی کا وہ غل غپاڑہ بریگیڈ ہے جو سابق جنرل فیض حمید اور آصف غفور نے سرکاری خزانے سے زر کثیر خرچ کر کے قائم فرمایا تھا۔ ایسا نہ ہوتا تو موصوف اس طرح کا ہنسی آور اور تحیّر خیز دیا کھیان جاری نہ فرماتے۔

ملکی اور غیر ملکی میڈیا مسلسل بتا رہا ہے کہ ملکی معیشت سنبھالا لے رہی ہے۔ افراط زر دس فیصد سے بھی کم ہو گیا ہے جو علوی صاحب کے مرشد 34 فیصد پر چھوڑ کر گئے تھے۔ جی ڈی پی 2.3 فیصد ہو رہی ہے جو مرشد تقریباً منفی صفر کر گئے تھے۔ روپے کی قیمت مستحکم ہے بلکہ بقدر اشک بلبل ہی سہی، بڑھ رہی ہے۔ برآمدات میں اضافہ ہوا ہے، غیر ملکی پاکستانیوں کی ترسیلات زر بڑھی ہیں اور زرمبادلہ کے ذخائر بھی سوا ہوئے ہیں۔

علوی صاحب اخبارات کیوں نہیں پڑھتے، ٹی وی کیوں نہیں دیکھتے؟۔ اس کی واحد وجہ یہ نہیں ہے کہ وہ سارا وقت غل غپاڑہ سوشل میڈیا دیکھا کرتے ہیں بلکہ کچھ دگر ''اشواق'' بھی اس کی وجوہات میں شامل ہیں۔ پہلا شوق فلمیں دیکھنے کا ہے اور دوسرا مشاعرے کروانے کا۔ ایوان صدر میں ان کی یہ دو مصروفیات سرفہرست تھیں، تیسری مصروفیت یہ تھی کہ پورے نام جھام سے، ہٹو بچو کے عالی شان پروٹوکول کے جلو میں کسی فائیو سٹار ریسٹورنٹ میں کھانا کھانے تشریف لے جاتے تھے۔ درآنحالیکہ ایوان




صدر میں ان دنوں صبح دوپہر شام دنیا کے مہنگے ترین کھانے تیار ہوتے تھے لیکن سرکاری خزانے کا بوجھ ہلکا کرنے کا بھی اپنا الگ ہی مزا ہے۔

فلمیں وہ زیادہ تر پنجابی دیکھا کرتے تھے۔ پنجابی فلموں میں اس ''کلچرل انقلاب'' کی جھلکیاں زیادہ دیکھنے کو ملتی ہیں جو پی ٹی آئی نے نوجوانوں میں خاصی حد تک برپا کر دیا ہے۔ افسوس، پی ٹی آئی کے جلسے دھرنے پہلے کی نسبت کم ہو گئے اور یوں ٹی وی پر اس ثقافتی انقلاب کی لائیو جلوہ ریزی بھی۔

مشاعروں کا شوق بھی بہت تھا۔ آپ کو اردو شاعری کے دبستان سوئم سے خصوصی دلچسپی تھی۔ سب جانتے ہیں کہ اردو کی شاعری کے تین دبستان مشہور ہیں۔ اوّل دبستان دہلی، دوئم دبستان لکھنؤ اور سوئم دبستان امام دین گجراتی۔

پی ٹی آئی کے ثقافتی انقلاب کے جلو میں اردو شاعری کا یہ دبستان سوئم یعنی دبستان امان دین گجراتی بھی اپنی جڑیں گاڑ رہا ہے۔ اس دبستان کے تحت تیرا اباڈبّ کھڑباتوں انہوں کتھوں لبھا قسم کی شاعری کی جاتی ہے یا پھر اسی طرح کی کہ

میں کوٹھے پر سے ٹپا
اور جن پہاڑوں لتھا

تک دا کوکا جیسی گائیکی بھی اسی دبستان کا گل گلستاں ہے۔ علوی صاحب کو اس طرح کے ''اذواق'' کثرت سے لاحق ہیں۔ انہیں اذواقِ عالیہ بھی کہا جاسکتا ہے اور واضح رہے یہاں عالیہ سے مراد عالیہ حمزہ نہیں ہیں بلکہ ماضی کی رقاصہ عالیہ ہیں جن کے بے محابا رقص 1970ء کی دہائی میں پی ٹی آئی کے آنے والے ثقافتی انقلاب کی تصویر پیش کیا کرتے تھے۔ حتمی طور پر یہ وضاحت بھی ضروری ہے کہ مذکورہ اصطلاح میں عالیہ کا ذرا سا تعلق بھی اس عدالت عالیہ سے نہیں ہے جہاں ہر روز مرشد کے لیئے ضمانتوں کے جمعہ بازار لگا کرتے تھے۔ افسوس اب نہ پہلے سے جمعے رہے نہ پہلی سی جمعراتیں اور شب براتیں۔ اڈیالہ کے دارالثقافت میں رات کے وقت کوئی گہما گہمی نظر نہیں آتی البتہ دن کے وقت آنے جانے والوں کا آنا جانا لگا رہتا ہے۔

علوی صاحب کو چاہیے کہ اخبارات پڑھا کریں۔ پاکستان سے، پی ٹی آئی کو ان دنوں خاصی شدید الرجی ہے جو ترقی کر کے فوبیا کی حدود میں جاگھسی ہے۔ پی ٹی آئی کے رہنما ان دنوں اس تکیہ کلام کو کثرت سے استعمال کرتے سنائی دیتے ہیں کہ مرشد نہیں تو پاکستان بھی نہیں۔ مرشد اب نہیں رہے، مطلب باہر نہیں رہے، اندر کے ہو کے رہ گئے ہیں اس لئے ان حضرات کے نزدیک پاکستان بھی نہیں رہا، ان کے منطقی نتیجے کی حد تک۔ بہرحال، پاکستان تو ہے اور رہے گا اور مرشد بھی جہاں ہے، وہیں رہے گا۔

چنانچہ گمان غالب و اغلب ہے کہ علوی صاحب پاکستانی میڈیا کو اسی وجہ سے آنکھ اٹھا کے بھی نہیں دیکھتے ہوں گے۔ ایسا ہے تو انہیں بھارتی میڈیا دیکھتے رہنا چاہیے۔ نیٹ پر بھارت کے اخبارات دی ہندو، ایکسپریس، ٹائمز آف انڈیا وغیرہ دستیاب ہیں، یوٹیوب پر بھارتی چینل کی نشریات بھی دستیاب ہیں اور یہ خبر کہ پاکستانی معیشت سنبھل گئی ہے، بھارتی میڈیا پر بھی اپنے حساب سے آتی رہتی ہے اور یہ بھی کہ عالمی ریٹنگ والے ادارے پاکستان کی ریٹنگ مسلسل بہتر کرتے رہتے ہیں۔ لیکن لگتا ہے، علوی صاحب اب اپنے آبائی کاروبار کی طرف لوٹ جانے کے بعد بھی پنجابی فلموں اور دبستان سوئم کے مشاعروں میں اپنی دلچسپی کم نہیں کر سکے۔

موصوف کا ایک کارنامہ یہ تھا کہ جب مرشد کیخلاف تحریک عدم اعتماد آئی اور پی ٹی آئی کے دو درجن ارکان کے باغی ہونے کی خبر آئی تو بندیال کو ایس او ایس کال کی یعنی ریفرنس بھیجا۔ بندیال نے فوری سماعت کی اور آئین کے آرٹیکل-63 اے والی شق کو بدل کر نیا آئین لکھ دیا۔ آئین کے تحت ہر رکن کو اپنی رائے اور مرضی کے مطابق ووٹ ڈالنے کی اجازت ہے تاہم پارٹی سے انحراف کی وجہ سے وہ ڈی سیٹ ہو جائے گا یعنی ووٹ گنا جائے گا۔

## یوم یکجہتی فلسطین اور اسرائیلی جارحیت کا ایک سال

اسرائیل کے بدترین مظالم کا سامنا کرنے والے بے گناہ فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی اور غزہ پر اسرائیلی جارحیت جا ایک سال مکمل ہونے پر آج بروز پیر 7 اکتوبر کو پاکستان بھر میں یوم یکجہتی فلسطین منایا جا رہا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے یہ فیصلہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمن سے اسلام آباد میں ملاقات کے دوران کیا تھا۔ وزیراعظم شہباز شریف غزہ میں نہتے فلسطینیوں پر جاری ظلم و ستم کے خلاف آواز اٹھانے اور فلسطینی بھائیوں بہنوں کی حمایت کے لیے آل پارٹیز کانفرنس کی بھی میزبانی کریں گے۔ یوم یکجہتی کے موقع پر آل پارٹیز کانفرنس کے انعقاد اور تقریبات کی نگرانی کے لیے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار، شیری رحمان، خواجہ سعد رفیق اور نیئر بخاری پر مشتمل ایک کمیٹی پہلے ہی تشکیل دے دی گئی تھی۔ اسرائیلی بربریت کا ایک سال مکمل ہونے پر دنیا بھر میں مظاہرے شروع ہو چکے ہیں جس میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ غزہ میں بے گناہ فلسطینیوں کی خونریزی کا سلسلہ فوری بند کیا جائے۔ ایک غیر ملکی خبررساں ادارے رائٹرز نے فلسطینیوں سے یکجہتی کے لئے احتجاجی مظاہروں کی رپورٹ میں بتایا ہے کہ لندن کی سڑکوں پر 40 ہزار مظاہرین نے احتجاجی مارچ کیا جبکہ ہزاروں افراد نے پیرس، روم، منیلا، کیپ ٹاؤن اور نیویارک سٹی میں جمع ہو کر اپنا احتجاج ریکارڈ کرایا اسی طرح واشنگٹن میں وائٹ ہاؤس کے قریب مظاہرہ کیا جبکہ نیویارک سٹی میں مظاہرین نے




سیاہ اور سفید لباس پہن کر فلسطینیوں کے حق میں نعرے لگائے۔

ایک رپورٹ کے مطابق اسرائیلی بمباری کے نتیجہ میں فلسطینی شہداء کی تعداد 42 ہزار سے بھی تجاوز کر چکی ہے جن میں سے نصف سے زائد بچے اور خواتین شامل ہیں۔ بین الاقوامی قوانین کے مطابق جنگ کے کچھ اصول ہوتے ہیں جن کے مطابق جنگ کے دوران ہسپتالوں، سکولوں اور رہائشی آبادیوں کو بمباری کا نشانہ نہیں بنایا جاتا لیکن اسرائیلی فوج نے ہسپتالوں، سکولوں اور رہائشی آبادیوں پر بھی شدید بمباری کی، غزہ کی بستیاں قبرستان بن چکی ہیں، گھر، ہسپتال اور سکول کھنڈر بن چکے ہیں، 23 لاکھ کی آبادی بے گھر اور فاقہ کشی کی شکار ہو چکی ہے۔ اقوام متحدہ کی ریلیف اینڈ ورکس ایجنسی برائے فلسطینی پناہ گزین (UNRWA) نے خبردار کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ جو کچھ ہو رہا ہے اس کے تباہ کن نتائج برآمد ہوں گے۔ یو این آر ڈبلیو کے کمشنر جنرل فلپ لازارینی کا کہنا ہے کہ غزہ میں بچوں کی پوری نسل نفسیاتی صدمے کا شکار ہے اور وہاں بیماریاں اور قحط بڑھتا جا رہا ہے۔

ایڈولف ہٹلر نے جب یہودیوں کا بڑے پیمانے پر قتل عام کیا تو بعد میں لفظ ''نسل کشی'' متعارف ہوا، سن 1948 میں اقوام متحدہ نے نسل کشی کے جرم کی روک تھام اور اس کا ارتکاب کرنے والوں کے لئے سزا سے متعلق پہلا معاہدہ منظور کیا جسے نسل کشی کنونشن کہا جاتا ہے۔ 19 دفعات پر مشتمل کنونشن میں درج ہے کہ نسل کشی قابل سزا جرم ہے اور اس جرم سے کسی کو استثنیٰ حاصل نہیں خواہ وہ آئینی حکمران ہوں، سرکاری عہدیدار یا عام لوگ ہوں، اس جرم کا ارتکاب کرنے والوں پر مقدمہ اس ملک کی مجاز سرزمین پر یا عالمی عدالت میں بھی چلایا جاسکتا ہے۔ اسی کنونشن کے تحت جنوبی افریقہ نے نیدرلینڈ کے شہر ''دی ہیگ'' میں قائم عالمی عدالت انصاف میں ایک دعویٰ دائر کیا تھا کہ اسرائیل فلسطینیوں کی نسل کشی کو روکنے اور کنونشن کے قوانین پر عملدرآمد کرنے میں ناکام رہا ہے ابھی عالمی عدالت انصاف کا فیصلہ آنا باقی تھا کہ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے پہلے ہی اپنا فیصلہ سناتے ہوئے عالمی میڈیا میں بیان دیا ہے کہ وہ عالمی عدالت انصاف کے کسی فیصلے کو نہیں مانے گا اور غزہ میں جنگ جاری رکھے گا۔ ہٹلر کی طرح اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کا جنگی جنون بھی بڑھتا جا رہا ہے جو تیسری عالمی جنگ کی وجہ بنتا جا رہا ہے۔ عالم انسانی کا آج اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو سے ایک سوال ہے کہ جس طرح ہٹلر کا یہودیوں کے قتل عام پر نسل کشی کے خلاف کنونشن منظور کرایا گیا تھا آج اسی عالمی قانون پر خود یہودی عملدرآمد کیوں نہیں کر رہے ہیں؟ اسی طرح امریکہ جس طرح افغانستان میں انسانی حقوق کے نام پر جنگ مسلط کرتا رہا ہے ٹھیک اسی طرح فلسطینیوں کے لئے انسانی حقوق کا جذبہ آج کہاں گیا؟ یہ وہ سوالات ہیں جن کے جواب اسرائیلی وزیراعظم اور امریکی صدر کے پاس نہیں ہیں اور شائد تاریخ میں جب بھی ہٹلر کی بربریت کا ذکر ہو گا تو ان دونوں کا نام بھی ضرور لیا جائے گا۔

## بھارت عرب دنیا کا ناقابلِ اعتماد اتحادی

تحریر
جاوید اقبال

مقبوضہ کشمیر اور فلسطین کے لوگ کئی عرصے سے جارحیت پسندانہ ذہنیت اور سازشوں کا شکار ہیں۔ مسلمانوں کی نسل کشی اور ان پر تسلط بھارتی وزیر اعظم مودی اور ان کے اسرائیلی ہم منصب نیتن یاہو دونوں کا مشترکہ ایجنڈا ہے۔ اپنے شیطانی مقاصد کے حصول کے لیے دونوں رہنماؤں نے اسٹریٹجک اتحاد قائم کیا ہے۔ دنیا نے اس کی عملی مثال اس وقت دیکھی جب بھارت نے فلسطینی قرارداد پر ووٹنگ میں حصہ نہیں لیا۔ اگرچہ مودی حکومت عرب دنیا کے ساتھ اسٹریٹجک تعلقات کا دعویٰ کرتی ہے لیکن حقیقت اس کے برعکس ہے۔ اسرائیل کے نقش قدم پر چلتے ہوئے بھارتی حکومت نے مقبوضہ کشمیر میں اسرائیلی ماڈل نافذ کیا ہے تاکہ بہادر کشمیریوں کی مزاحمت کو شکست دی جا سکے جو اپنے قانونی حق کے حصول کے لیے ہر طرح سے قربانی دے رہے ہیں جبکہ بھارت اور اسرائیل انسانی حقوق کے نام نہاد علمبرداروں کی مکمل حمایت اور منظوری حاصل ہے۔ بے گناہ کشمیری اور فلسطینی مسلمان بدترین ظلم و ستم کا شکار ہیں۔ بہادر کشمیریوں اور فلسطینیوں کا صرف ایک ہی گناہ ہے کہ وہ بھارت اور اسرائیل کے غیر قانونی قبضے سے آزادی کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ مودی کے اثر و رسوخ میں بھارتی میڈیا نے یہ تاثر قائم کیا کہ عرب ممالک نے طویل عرصے سے بھارت کو اپنا ابھرتا ہوا اسٹریٹجک ساتھی سمجھا ہے لیکن اقوام متحدہ میں ووٹنگ سے گریز کرنے سے عرب رہنماؤں کو شدید دھچکا لگا اور انہیں بھارت کی دھوکہ دہی کا احساس ہوا اور بھارت کی طرف سے اس طرح کی اسرائیل نواز پالیسی عرب رہنماؤں کے لیے یقینا مایوسی کا باعث بنے گی اور اس کے ساتھ ساتھ قیام امن کے لیے بین الاقوامی برادری کی کوششوں کو شدید دھچکا لگے گا۔ بھارت کا ہمیشہ یہ وطیرہ رہا ہے کہ وہ اپنی مکارانہ پالیسی کو چھپانے کیلئے ہمیشہ خارجہ پالیسی میں توازن برقرار رکھنے کے بہانے کا سہارا لیتا ہے۔ بین الاقوامی طور پر بدلتی ہوئی صورتحال میں بھارت کے اس طرح کے اقدامات سے خانہ جنگی اور تصادم کے خطرات مزید پھیلنے کا خدشہ ہے۔ یہ پہلا موقع نہیں جب بھارت نے اپنے کسی اتحادی ملک کی پیٹھ میں چھرا نہ گھونپا ہو۔ اس کی ایک اور مثال حال ہی میں یوکرینی حکومت کو خفیہ طور پر ہتھیاروں کی فروخت شامل ہے۔ بھارت کی اس حرکت نے روسی حکومت کے سامنے بھارت کا مکروہ چہرہ بے نقاب کیا ہے۔ بھارت اسرائیل اور عرب دونوں ممالک کے ساتھ اپنے دوستانہ تعلقات کو برقرار رکھنے کی بھرپور کوشش کر رہا ہے، جس سے یہ سوال اٹھتا ہے کہ کیا بھارت ایک قابل بھروسہ حلیف ہے؟ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں فلسطینیوں کے حق میں ووٹنگ سے گریز نہ صرف بھارت کی سفارتی حیثیت کو مشکوک بناتا ہے بلکہ کشمیر کے معاملے میں بھارت اور فلسطین کے معاملے میں اسرائیل اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل نہ کر کے بین الاقوامی طور پر دونوں ممالک جنگی جرائم کے مرتکب ہیں اور عالمی برادری کو ان کے احتساب کا مطالبہ جلد یا بدیر کرنا ہی پڑے گا۔

## بلتستان کے مسائل

مومنہ چیمہ فاؤنڈیشن (ایم سی ایف) کی جانب سے سکردو انٹرنیشنل ایئرپورٹ انتظامیہ نے Time management and stress کے موضوع پر ایک ورکشاپ کا اہتمام کیا۔ سپیکر پروفیسر ڈاکٹر تنزیلہ خالد نے سکردو ایئرپورٹ سٹاف اور افسران کو ایک تفصیلی ٹاک دی۔ چیف آپریٹنگ افسر میاں شاہد عمران اور ایئرپورٹ کے اعلیٰ عہدیداران کی خصوصی کاوش سے ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ مومنہ چیمہ فاؤنڈیشن کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر ڈاکٹر تنزیلہ خالد کی گفتگو کو نہ صرف بے حد سراہا گیا بلکہ مومنہ چیمہ فاؤنڈیشن کی بلتستان میں رفاہی خدمات کو بھی خراج تحسین پیش کیا گیا۔ واضح رہے کہ مومنہ چیمہ فاؤنڈیشن کی ملک بھر میں تعلیمی خدمات کے علاوہ گلگت بلتستان کے ضلع شگر میں واٹر اور صحت پراجیکٹس بھی اپنا ایک مقام بنا چکی ہے۔ ضلع شگر میں ہیڈ آفس کا قیام بھی ہو گیا ہے اور ضلع شگر کے علاوہ ضلع گانچھے اور سکردو میں بھی رفاہی خدمات کی شروعات ہو چکی ہے۔ گو کہ تمام بلتستان ہی انتہائی پسماندہ علاقہ ہے لیکن گانچھے کا دیہات کورو آبادی کے اعتبار سے بہت بڑا ہونے کے باوجود بنیادی سہولیات سے محروم ہے۔ مومنہ چیمہ فاؤنڈیشن ٹیم نے گاؤں کے اسلامیہ مڈل سکول اور سرکاری مڈل سکول کا نہ صرف وزٹ کیا بلکہ مڈل سکول کو ہائی سکول تک لے جانے کی تجاویز بھی پیش کیں۔ اسلامیہ مڈل سکول میں مومنہ چیمہ لائبریری قائم کرنے کا عزم کا بھی ظاہر کیا۔ اسلامیہ مڈل سکول کورو ضلع گانچھے اپنی مدد آپ کے تحت ایک قابل تحسین کاوش ہے۔

گلگت بلتستان ایک صوبے کا نام ہے مگر گلگت اور بلتستان زبان اور علاقائی ماحول کے اعتبار سے مختلف ہیں۔ گلگت اور وادی ہنزہ میں آغا خان فاؤنڈیشن جیسی بڑی این جی اوز نے تعلیم اور تہذیب کو ترقی دے رکھی ہے جبکہ بلتستان کا مضافات بنیادی سہولیات سے بھی محروم ہے۔ سکردو بظاہر انٹرنیشنل شہر کہلاتا ہے مگر پسماندہ اور جدید سہولیات سے محروم ہے۔ ویسے تو پورے بلتستان کا حال ہی نہ گفتہ بہ ہے البتہ سکردو ایئرپورٹ ہارڈ ایریا اور تمام تر مشکلات کے باوجود مسافروں کے لیے ہر ممکن سہولیات مہیا کر رہا ہے۔ گرمیوں میں سکردو انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ریکارڈ مسافروں کی آمد ہوتی ہے جو کہ گلگت ایئرپورٹ سے 30 گنا زیادہ ہے۔ سول ایوی ایشن اتھارٹی ذرائع کے مطابق رواں سال صرف ماہ جون میں سکردو انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر 94 فلائٹ کے ذریعے 16920 مسافر اور اسی ماہ گلگت ایئرپورٹ پر 16 فلائٹ پر 720 مسافروں کی گلگت آمد ہوئی۔ ماہرین کے مطابق سیاحت میں اضافہ سے فلائٹس کی تعداد بڑھ چکی ہے جبکہ گلگت ایئرپورٹ پر بڑے جہازوں کی آمد نہ ہونے کی وجہ سے مسافروں کی تعداد سکردو ایئرپورٹ کی نسبت کئی گنا کم ہے جبکہ موسم خرابی کی وجہ سے




فلائٹ کے نہ ہونے سے بھی کئی مسافر گلگت سے بائی روڈ سکردو ایئرپورٹ کے ذریعے ملک کے دیگر علاقوں کو جاتے ہیں۔ سکردو انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے بہتر انتظامات کے پیچھے انتظامیہ کی محنت کارفرما ہے۔

جہاں تک سرکاری درسگاہوں کی حالت کا تعلق ہے پورے پاکستان میں صورتحال تشویشناک ہے۔ گلگت بلتستان میں تو افسوسناک حالات ہیں۔ عمارتیں ہیں مگر اساتذہ نہیں ہیں اور جو سرکاری تنخواہ دار اساتذہ دیہاتوں میں تعینات کیے ہیں ان میں بھی اثر و رسوخ استعمال کر کے سکردو اور گلگت شہروں میں اپنے گھروں میں بیٹھے مفت کی تنخواہ کھا رہے ہیں اور سرکاری سکول اساتذہ کے لیے این جی اوز سے بھیک مانگنے پر مجبور ہیں۔ بلتی لوگ مہمان نواز مہربان اور خوش مزاج ہیں۔ بلتی نوجوان نسل ابھی بہت سی برائیوں سے محفوظ ہے۔ البتہ جس تیزی سے سیاحوں کی آمد کا سلسلہ بڑھ رہا ہے اور بڑے بڑے ہوٹل تعمیر ہو رہے ہیں، اس خطہ کا مستقبل بھی کوہ مری اور پنجاب جیسا ہونے کا اندیشہ ہے۔ مخلوط تعلیمی ادارے بھی ہیں اور نوجوان نسل میں اعتماد اور مذہبی لحاظ برقرار ہے۔ اہل تشیع کی اکثریت آباد ہے اور ان کے علما اور بزرگ اپنے علاقوں میں باہر سے فحاشی اور گمراہی کی آمد کسی صورت برداشت نہیں کریں گے۔

یہاں خواتین بہت محنتی ہیں۔ لڑکیاں تعلیم کے ساتھ اپنی ماؤں کے ساتھ کھیتی باڑی میں بھی ہاتھ بٹاتی ہیں۔ جن دیہات میں مڈل تک سکول ہیں اکثر لڑکیوں کی مڈل کے بعد شادی کر دی جاتی ہے جبکہ لڑکیاں آگے پڑھنا اور بڑھنا چاہتی ہیں۔ بلتستان کا سب سے بڑا ضلع شگر ہے۔ یہاں بھی ایف اے تک تعلیم ہے۔ لڑکے مزید تعلیم کے لیے گلگت سکردو یا پنجاب اور کراچی کا رخ کرتے ہیں اور ان کے آبائی علاقوں میں روزگار نہ ہونے کے سبب انہی شہروں کے ہو کر رہ جاتے ہیں۔ جبکہ بہت کم خوش نصیب لڑکیاں یونیورسٹی تعلیم کے لیے گلگت سکردو یا پاکستان کے دیگر صوبوں میں جاسکتی ہیں، سبب مالی خوشحالی اور والدین کی اجازت ہے۔

گلگت بلتستان ایک ایسا علاقہ ہے جس کا 1948ء میں پاکستان سے الحاق کیا گیا تھا۔ اس وقت اس خطے میں کوئی تعلیمی نظام نہیں تھا۔ آہستہ آہستہ گلگت بلتستان کے کچھ مزید عزائم کے طالب علم بہتر تعلیم کی تلاش میں مختلف شہروں (جیسے کراچی اور لاہور) کی طرف چلے گئے۔ ان میں سے کچھ اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد اپنے گھر واپس آ گئے اور اپنے بچوں کو پڑھانا شروع کر دیا، اس طرح لوگوں کو یہ معلوم ہوا کہ خواندہ ہونا کیا ہے۔ انھوں نے حکومت سے علاقے میں اسکولوں کی تعمیر کا مطالبہ کیا، کئی سالوں کے بعد گلگت بلتستان میں اسکول کھلے اور یوں اس کا تعلیمی نظام وجود میں آیا۔ ابتدا میں صرف پرائمری اور مڈل اسکول دستیاب تھے۔ آہستہ آہستہ ان مڈل اسکولوں کو ہائی اسکولوں میں ترقی دے دی گئی۔ 1970ء کی دہائی میں طلبہ کو یونیورسٹی جانے کے لیے دیگر شہروں کی طرف جانا پڑتا تھا۔ آغا خان فاؤنڈیشن گلگت میں تعلیم کے پھیلاؤ میں اہم کردار ادا کیا جبکہ بلتستان میں صاف پانی اور تعلیم کے میدان میں مومنہ چیمہ فاؤنڈیشن اہم کردار ادا کر رہی ہے۔




# ملتان ٹیسٹ: پاکستان کے انگلینڈ کیخلاف 300 رنز مکمل، 3 کھلاڑی آؤٹ

## پاکستان نے ٹاس جیت کر بیٹنگ کا فیصلہ کیا تو 8 کے مجموعی اسکور پر پہلی وکٹ گر گئی، اوپنر صائم ایوب 4 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئے



ملتان (سپورٹس ڈیسک) پہلے ٹیسٹ میچ کی پہلی اننگز میں میزبان انگلینڈ کے خلاف پاکستان نے تین کھلاڑیوں کے نقصان پر 300 رنز بنالیے۔ پاکستان نے ٹاس جیت کر بیٹنگ کا فیصلہ کیا تو 8 کے مجموعی اسکور پر پہلی وکٹ گرگئی، اوپنر صائم ایوب 4 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئے۔صائم ایوب کے جلد آؤٹ ہونے کے بعد کپتان شان مسعود اور اوپنر عبداللہ شفیق نے دوسری وکٹ کی شراکت میں 253 رنز بنائے۔ یہاں عبداللہ شفیق 102 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے،انہوں نے ٹیسٹ میں اپنی پانچویں سنچری بنائی۔عبداللہ شفیق کے آؤٹ ہونے کے بعد کپتان شان مسعود بھی زیادہ دیر وکٹ پر ٹھہر سکے اور 151 رنز بنا کر وکٹ گنوا بیٹھے۔ انہوں نے 4 سال بعد کیریئر کی 11 ویں سنچری اسکور کی جس میں 10 چوکے اور 2 چھکے شامل تھے۔شان مسعود نے 28 اننگز پہلے انگلینڈ کے خلاف 2020 میں سنچری بنائی تھی جبکہ دوسری مرتبہ انگلینڈ کے خلاف 150 رنز کی اننگز کھیلی ہے۔تجربہ کار بلے باز بابر اعظم اور سعود شکیل اس وقت وکٹ پر موجود ہیں۔قومی ٹیم کے کپتان شان مسعود کا کہنا تھا کہ بڑے اسکور کی کوشش کریں گے اور اندازہ ہے کہ بڑی دیر سے جیت نہیں سکے، ہم تین فاسٹ اور دو اسپنرز کے ساتھ کھیلیں گے۔انگلش اولی پوپ نے کہا کہ پچ میں نمی موجود ہے لہٰذا جلد وکٹیں لینے کی کوشش کریں گے۔ٹاس جیت جاتے تو پہلے بیٹنگ کا فیصلہ ہی کرتے۔واضح رہے کہ ملتان میں اب تک دونوں ٹیمیں ایک دوسرے کے خلاف ایک ایک ٹیسٹ جیت چکی ہیں۔انگلینڈ سے قبل بنگلادیش نے پاکستان کو اسکی ہی سرزمین پر دو ٹیسٹ میچز کی سیریز میں وائٹ واش کیا تھا۔صائم ایوب، عبداللہ شفیق، کپتان شان مسعود، بابر اعظم، نائب کپتان سعود شکیل، وکٹ کیپر محمد رضوان، سلمان علی آغا، عامر جمال، شاہین شاہ آفریدی، نسیم شاہ اور ابرار احمد۔زیک کرالے، بین ڈکٹ، کپتان اولی پوپ، جو روٹ، ہیری بروک، وکٹ کیپر جیمی اسمتھ، کرس ووکس، گس اٹکنسن، برائیڈن کرس (ڈیبیو)، جیک لیچ اور شعیب بشیر۔

## عثمان خان نے تیز ترین لسٹ اے ڈبل سنچری کا نیا قومی ریکارڈ بنادیا

### عثمان خان لسٹ اے میچز میں ڈبل سنچری کرنے والے ساتویں پاکستانی کرکٹر ہیں




فیصل آباد (این این آئی) پاکستان کے جارح مزاج بیٹر عثمان خان نے تیز ترین لسٹ اے ڈبل سنچری کا نیا قومی ریکارڈ قائم کر دیا۔اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلے گئے پریذیڈنٹ کپ کے میچ میں ایشال ایسوسی ایٹس کے عثمان خان نے ایس این جی پی ایل کے خلاف شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 131 گیندوں پر اپنی ڈبل سنچری مکمل کی۔عثمان نے اپنی اننگز میں 132 گیندوں پر 201 رنز بنائے اور ریٹائرڈ آؤٹ ہوئے۔یہ پاکستان کی لسٹ اے کرکٹ میں تیز ترین ڈبل سنچری تھی، اس سے پہلے یہ ریکارڈ شرجیل خان کے پاس تھا جنہوں نے دو سال قبل 2022 میں سندھ کی نمائندگی کرتے ہوئے خیبر پختونخوا کے خلاف 133 گیندوں پر اپنی ڈبل سنچری مکمل کی تھی۔یہ عثمان خان کے کیریئر کا 10 واں لسٹ اے میچ تھا، وہ اب تک دس لسٹ اے میچز میں ایک ڈبل سنچری، ایک سنچری اور چار نصف سنچریوں کی مدد سے 81 عشاریہ 5 کی اوسط کے ساتھ 652 رنز بنا چکے ہیں۔

## پاک بھارت ٹاکرے کا رنگ برج خلیفہ پر بھی چڑھ گیا

دبئی (این این آئی) پاک بھارت ٹاکرے کا رنگ دنیا کی بلند ترین عمارت برج خلیفہ پر بھی چڑھ گیا۔ ویمنز ٹی 20 ورلڈکپ میں روایتی حریف پاکستان اور بھارت کی ٹیمیں آج پیر کو دبئی میں مدمقابل ہوں گی۔شائقین میں جوش و خروش بڑھانے اور میچ کی پروموشن کیلئے برج خلیفہ کو پاکستان اور بھارت کی ٹیموں کے رنگ میں رنگ دیا گیا۔اس سلسلے میں قومی ویمن کرکٹ ٹیم کی کپتان فاطمہ ثنا کا کہنا ہے کہ پہلے میچ کی طرح بھارت کے خلاف بھی عمدہ کھیلنے کی کوشش کریں گے۔خیال رہے کہ پاکستان ویمن ٹیم نے ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ 2024 میں فاتحانہ آغاز کرتے ہوئے ایشین چیمپئن سری لنکا کو با آسانی زیر کر دیا تھا۔

## یہ نہ سمجھیں بورڈ کی اعلیٰ انتظامیہ رضوان سے خوش ہے مگر مجبوری ہے، مدثر نذر

### اگر وہ کسی نوجوان کھلاڑی کو منتخب کرتے ہیں تو یہ وہی صورتحال بن جائے گی جیسی بابر اعظم کیساتھ ہوئی



لاہور (شیروز میاں سے) پاکستان کے سابق کرکٹر کا ماننا ہے کہ یہ نہ سمجھا جائے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ کی اعلیٰ انتظامی وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان سے خوش ہے۔سابق کرکٹر مدثر نذر خیال ہے کہ پی سی بی کے پاس اب ٹیم کی قیادت کے لیے واحد آپشن رہ گیا ہے، انھوں نے کہا کہ اس وقت کرکٹ بورڈ کے پاس کوئی چوائس نہیں رہی انھوں نے محمد رضوان کے علاوہ سب کو آزمالیا ہے، انھیں رضوان کو کپتان بنانا پڑے گا، مدثر نذر نے کہا کہ ویسے مجھے نہیں لگتا کہ اندرونی حلقے اور بورڈ کی اعلیٰ انتظامیہ رضوان سے بہت خوش ہیں، لیکن وہ اسے منتخب کرنے پر مجبور ہوجائیں گے۔انھوں نے کہا کہ اگر وہ کسی نوجوان کھلاڑی کو منتخب کرتے ہیں تو یہ وہی صورتحال بن جائے گی جیسے کہ بابر اعظم کے ساتھ ہوئی تھی، سابق پاکستانی کرکٹر مدثر نذر نے کہا کہ کسی سینئر کو کپتان بنایا جائے اور پھر اس کے انڈر میں کسی کو تیار کیا جائے۔

## دسویں چیف آف نیول اسٹاف امیچر زینیٹ شیلڈ گولف، انعام الحق کی برتری

راولپنڈی (این این آئی) دسویں چیف آف نیول اسٹاف امیچر زینیٹ شیلڈ گولف میں راولپنڈی گولف کلب کے انعام الحق ملک نے برتری حاصل کرلی۔چیف آف نیول اسٹاف امیچر نیٹ شیلڈ گولف لاہور کے رایا گولف کلب میں جاری ہے، دوسرے راؤنڈ میں بھی پاکستان کے ٹاپ امیچر ز گالفرز کے درمیان سخت مقابلہ جاری رہا۔دوسرے راؤنڈ کے اختتام پر راولپنڈی گولف کلب کے انعام الحق ملک نے شاندار مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے نیٹ اسکور 139 کے ساتھ برتری حاصل کرلی۔پہلے راؤنڈ کے لیڈر احمد نواز ٹوانہ دوسرے راؤنڈ میں اپنی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ نہ کر سکے اور وہ اب پانچویں نمبر پر چلے گئے ہیں۔

## پی ایف ایف نے ساف ویمنز چیمپئن شپ 2024 کیلئے حتمی اسکواڈ کا اعلان کردیا

کٹھمنڈو (این این آئی) پاکستان فٹبال فیڈریشن (پی ایف ایف) نے رواں ماہ نیپال میں ہونے والی ساؤتھ ایشین فٹبال فیڈریشن (ساف) ویمنز چیمپئن شپ 2024 کیلئے حتمی اسکواڈ کا اعلان کردیا۔پی ایف ایف کے اعلان کردہ اسکواڈ میں نشا اشرف، مافیا پروین اور رومیسا خان بطور گول کیپر جگہ بنانے میں کامیاب رہیں۔ ڈیفنڈر کے طور پر کائنہ صدیقی، مشال بھٹی، سارہ خان، نزالیہ صدیقی، صوفیہ قریشی، فاطمہ ناصر اور مہرین خان کے نام بھی اسکواڈ میں شامل ہیں۔حتمی اسکواڈ میں مڈفیلڈر کے طور پر سوہا ہیرانی، ماریہ خان، ثناء مہدی، آمنہ حنیف، رامین فرید اور کائنات بخاری جبکہ فارورڈ کیلئے نادیہ خان، ظہمینہ ملک، اسریٰ خان، انمول حرا، انوشے عثمان اور عالیہ صادق کو بھی حتمی اسکواڈ کا حصہ بنایا گیا ہے۔چیمپئن شپ 17 سے 30 اکتوبر تک نیپال کے شہر کھٹمنڈو میں کھیلی جائے گی جبکہ قومی ٹیم 12 اکتوبر کو اسلام آباد سے براستہ دبئی، نیپال روانہ ہوگی۔ایونٹ میں پاکستان اپنی مہم کا آغاز 17 اکتوبر کو بھارت کے خلاف میچ سے کرے گا، بعد ازاں گروپ مرحلے میں 20 اکتوبر کو بنگلادیش کے ساتھ مقابلہ ہوگا۔ساف ویمنز چیمپئن شپ 2024 میں ٹیم پاکستان کے دونوں میچ شام 4 بج کر 45 منٹ پر کھیلے جائیں گے۔

## پاکستانی باکسر محمد وسیم نے جارجیئن باکسر کو ناک آؤٹ کردیا

### پاکستانی باکسر کے کیریئر کی تیرہویں پروفیشنل کامیابی ہے

سنگاپور سٹی (این این آئی) ڈبلیو بی ایف کی رینکنگ فائٹ میں پاکستان کے باکسر محمد وسیم نے جارجیئن باکسر کو ناک آؤٹ کرکے اہم کامیابی حاصل کرلی۔رپورٹس کے مطابق پاکستانی باکسر محمد وسیم پروفیشنل باکسنگ میں ایک اور اہم کامیابی حاصل کی ہے، انہوں نے جارجیا کے جابا کیمیکیشیلی کو تیسرے راؤنڈ میں ناک آؤٹ کیا۔یہ پاکستانی باکسر کے کیریئر کی تیرہویں پروفیشنل کامیابی ہے، انہوں نے نویں بار اپنے مدمقابل حریف کو ناک آؤٹ کیا ہے۔اس سے قبل پاکستان کا فخر شاہ زیب رند نے کرائے کمبیٹ چیمپئن شپ (KC-49) جیت کر قوم کا سر فخر سے بلند کیا جس کے بعد وہ میسی کلب میں بھی شامل ہوگئے۔

## جنوبی افریقی حریف پانچویں راؤنڈ میں ناک آؤٹ، شہیر آفریدی نے پروفیشنل فائٹ جیت لی

بنکاک (این این آئی) پاکستانی باکسر شہیر آفریدی نے جنوبی افریقہ کے پیٹرک آلوٹے کو پروفیشنل فائٹ میں پانچویں راؤنڈ میں ناک آؤٹ کردیا۔شہیر آفریدی اور جنوبی افریقہ کے پیٹرک آلوٹے کے درمیان یہ فائٹ بنکاک میں ہوئی جو پانچویں راؤنڈ سے آگے نہ جاسکی۔قومی باکسر نے اپنے حریف کو پانچویں راؤنڈ میں ہی ناک آؤٹ کردیا۔اس فتح کے ساتھ شہیر آفریدی مڈل ویٹ کیٹیگری میں ورلڈ باکسنگ کونسل، ورلڈ باکسنگ ایسوسی ایشن اور ایشین باکسنگ فیڈریشن ٹائٹلز کا دفاع کرنے میں بھی کامیاب رہے۔

## سابق بھارتی کرکٹر کی ماں کی گلا کٹی لاش برآمد

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے سابق کرکٹر کی ماں اپنے پونے میں فلیٹ میں مردہ حالت میں پائی گئیں جبکہ ان کا گلا بھی بے دردی سے کٹا ہوا تھا۔میڈیا رپورٹ کے مطابق بھارت کے سابق فاسٹ بولر سلیل انکولا سابق کرکٹر ہونے کے ساتھ ساتھ اداکاری میں بھی قسمت آزمائی کر چکے ہیں، ان کی 77 سالہ ماں مالا اشوک انکولا کی لاش مہاراشٹرا میں دکن جیمخانہ کے علاقے میں واقع ان کے فلیٹ میں پائی گئی جبکہ ان کا گلا کاٹ گیا گیا تھا۔

## دسویں چیف آف نیول اسٹاف امیچر زینیٹ شیلڈ گولف انعام الحق ملک نے جیت لی




لاہور (شیروز میاں سے) دسویں چیف آف نیول اسٹاف امیچر زینیٹ شیلڈ گولف راولپنڈی گولف کلب کے انعام الحق ملک نے جیت لی۔دسویں چیف آف دی نیول اسٹاف نیٹ شیلڈ گالف لاہور کے رائل پام گولف کلب میں اختتام پذیر ہوگئی، ایونٹ میں امیچر ز، سینیئر امیچر ز اور لیڈیز امیچر ز کے مقابلے ہوئے، آخری روز انویٹیشنل میچز بھی ہوئے۔راولپنڈی گولف کلب کے انعام الحق ملک آخری روز بھی اپنی برتری برقرار رکھتے ہوئے ٹائٹل اپنے نام کرنے میں کامیاب رہے، ان کا اسکور 211 رہا۔ایونٹ میں احمد نواز ٹوانہ 213 اسکور کے ساتھ دوسرے اور 214 اسکور کے ساتھ رفاقت حسین تیسرے نمبر پر رہے، سینیئر امیچر ز میں میجر قاسم قریشی اور لیڈیز امیچر ز میں ثاقبہ بتول فاتح رہیں۔وائس چیف آف دی نیول اسٹاف وائس ایڈمرل اویس احمد بلگرامی اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی تھے جنہوں نے گولفرز میں انعامات تقسیم کیے۔اس موقع پر وائس ایڈمرل اویس احمد بلگرامی نے کہا کہ پاک بحریہ ملک میں کھیلوں کے ذریعے صحت مند سرگرمیوں کے فروغ کیلئے کوشاں ہے۔ان کا کہنا تھا کہ پاک بحریہ نوجوانوں کو گالف اور دیگر کھیلوں کی تربیتی سہولیات کی فراہمی ممکن بنانے کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے گی۔

## نورڈک جونیئر اوپن اسکواش چیمپئن شپ، پاکستان کی مہوش علی نے ٹائٹل اپنے نام کرلیا

### ایونٹ کے فائنل میں مہوش نے فرانس کی سیکنڈ سیڈ کیارا بولینگر کو شکست دیکر فتح کا تاج اپنے سر سجایا

سٹاک ہوم (این این آئی) پاکستانی کھلاڑی مہوش علی نے نورڈک جونیئر اوپن اسکواش چیمپئن شپ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایونٹ کا ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔سویڈن میں منعقد ہونے والے ایونٹ کے فائنل میں مہوش نے فرانس کی سیکنڈ سیڈ کیارا بولینگر کو شکست دیکر فتح کا تاج اپنے سر سجایا۔کھیل کے دوران مہوش نے فیصلہ کن مقابلہ 0-3 سے اپنے نام کیا۔ان کی کامیابی کا اسکور 5-11، 7-11، 11-7 اور 10-12 رہا۔اس سے قبل نورڈک اوپن کے گروپ ڈی میچز میں مہوش نے پہلی کامیابی ناروے کی ویلڈ اوڈے کے خلاف حاصل کی پھر انہوں نے ڈنمارک کی کامیلا تھامسن کو بھی 0-3 سے شکست دی۔کوارٹر فائنل میں مہوش نے اپنی بہن ماہ نور علی کو سخت مقابلے کے بعد ہرایا جبکہ سیمی فائنل میں بیلجیئم کی ایلس الارڈ کو شکست دیکر فائنل میں پہنچیں۔نورڈک جونیئر اوپن اسکواش چیمپئن شپ کے فائنل میں فرانس کی کیارا بولینگر کو ہرا کر مہوش علی چیمپئن بن گئیں۔نورڈک اوپن میں ان کی بہنوں نے بھی شاندار کارکردگی دکھائی، سحرش چوتھی اور ماہ نور پانچویں پوزیشن پر آئیں۔مہوش نے گزشتہ ماہ ڈینش جونیئر اسکواش چیمپئن شپ میں برانز میڈل بھی جیتا تھا۔ایونٹ کا ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔سویڈن میں منعقد ہونے والے ایونٹ کے فائنل میں مہوش نے فرانس کی سیکنڈ سیڈ کیارا بولینگر کو شکست دیکر فتح کا تاج اپنے سر سجایا۔




## بگ باس سیزن 18 کا پرومو، سلمان خان کے اے آئی روپ نے دھوم مچادی

### پرومو میں مستقبل کا سلمان بھی دکھایا گیا ہے، جو سفید بالوں اور داڑھی میں ہے



ممبئی (این این آئی) بگ باس 18 کے نئے سیزن کے پرومو میں سپر اسٹار سلمان خان کو ایک منفرد انداز میں پیش کیا گیا ہے۔اس بار شو میں سلمان خان کا ماضی اور مستقبل کے AI سے بنے ہوئے کرداروں کے ساتھ سامنا ہوگا۔پرومو میں دکھایا گیا ہے کہ سلمان خان اپنے ماضی کے ساتھ ایک عجیب گفتگو کرتے ہوئے نظر آتے ہیں، جس میں وہ خود سے سوال کرتے ہیں: ''کیا لفڑا کیا تو نے؟'' ماضی کا سلمان پوچھتا ہے کہ وہ اب کہاں ہیں، جس پر موجودہ سلمان جواب دیتا ہے، ''اعترافی کمرے میں۔'' ماضی کا سلمان حیرانی سے پوچھتا ہے، ''اب کونسا اعتراف دے رہے ہو؟ کیا لفڑا کیا تو نے؟'' جس پر موجودہ سلمان تھوڑا غصے میں آ کر کہتا ہے، ''رک جا یار، نہ میں نے کچھ کیا ہے اور نہ تو نے کچھ کیا تھا۔'' پرومو میں مستقبل کا سلمان بھی دکھایا گیا ہے، جو سفید بالوں اور داڑھی میں ہے اور وہ بتاتا ہے کہ وہ بگ باس کا پرومو شوٹ کرنے جا رہے ہیں۔سلمان حیرت سے پوچھتے ہیں، ''کیا بگ باس ابھی بھی چل رہا ہے؟''

## میں سدھارتھ کی اچھی شکل اور پُرکشش شخصیت کی وجہ سے خود کو غیر محفوظ محسوس کرتی تھی، اداکارہ شہناز گل

ممبئی (این این آئی) بھارتی مقبول ترین ریئلیٹی شو 'بگ باس' کے سیزن 13 سے شہرت حاصل کرنے والی اداکارہ شہناز گل نے کہا ہے کہ وہ اپنے سابق بوائے فرینڈ سدھارتھ شکلا کی پُرکشش شخصیت کی وجہ سے غیر محفوظ محسوس کرتی تھیں۔بھارتی میڈیا کے مطابق شہناز گل نے حال ہی میں معروف فلمساز فرح خان کو خصوصی انٹرویو دیا جس میں انہوں نے آنجہانی اداکار سدھارتھ شکلا کے ساتھ اپنے تعلقات کے بارے میں بات کی۔شہناز گل نے کہا کہ میں کبھی بھی کسی مرد کی شکل و صورت سے متاثر نہیں ہوسکتی، میرے لیے سب سے اہم مرد کا اخلاق اور کردار ہے۔

## ہر ہفتے اپنی نظر اتارتی ہوں'، اننیا پانڈے نے ٹوٹکا بھی بتا دیا



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ اننیا پانڈے بھی نظر لگنے پر یقین رکھتی ہیں جس کا توڑ اداکارہ صدیوں پرانے ٹوٹکے سے کرتی ہیں۔اننیا پانڈے نے فلم انڈسٹری کے بعد اب نیٹ فلکس کی دنیا میں بھی قدم رکھ دیا ہے، جہاں وہ نیٹ فلکس کی سیریز 'سی ٹی آر ایل' میں نظر آئیں گی جس کیلئے اداکارہ ان دنوں پروموشن میں مصروف ہیں۔ایک یوٹیوب چینل پر اداکارہ نے اپنی نیٹ فلکس سیریز کی تشہیر کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ وہ برائی سے بچنے کے لیے ہر ہفتے اپنی 'نظر' اتارتی ہیں۔اننیا پانڈے نے کہا کہ میں ہر ہفتے مرچوں سے نظر اتارتی ہوں، اگر اس سے بدبو آئے تو اس کا مطلب ہے آپ کو نظر ہے۔اداکارہ نے مزید کہا کہ مجھے نظر اتارنے کیلئے مرچی جلانے کی وجہ نہیں پتا، اس کے علاوہ بری نظر سے بچنے کیلئے میری والدہ کان کے پیچھے دو کالے ٹیکے لگاتی ہیں، لوگ سوچتے ہیں میں نہا کر نہیں جاتی جس کی وجہ سے میرے کان کے پیچھے کچھ گندگی لگی ہے لیکن میری والدہ بار بار مجھے ٹیکا لگاتی ہیں۔

## ہاردک پانڈیا سے طلاق کے بعد نتاشا کی شوبز دنیا میں واپسی

ممبئی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے آل راؤنڈر ہاردک پانڈیا سے طلاق کے بعد بالی ووڈ اداکارہ نتاشا اسٹینکووچ نے اپنی پیشہ ورانہ زندگی میں واپسی کرلی ہے۔بھارتی میڈیا کے مطابق ہاردک پانڈیا سے طلاق کے بعد نتاشا اپنے بیٹے کے ہمراہ اپنے آبائی وطن سربیا چلی گئیں تھیں تاہم وہاں چند ماہ رہنے کے بعد اداکارہ حال ہی میں بھارت واپس آئیں۔نتاشا نے بھارت واپس آتے ہی اپنی تمام تر توجہ اپنے کیریئر پر مرکوز کرلی ہے، وہ مختلف پراجیکٹس کی شوٹنگ میں مصروف ہیں جن میں میوزک ویڈیوز سمیت آئٹم نمبرز بھی شامل ہیں۔گزشتہ روز نتاشا نے اپنے آفیشل انسٹاگرام ہینڈل پر اپنے نئے پراجیکٹ کا اعلان کیا، اداکارہ نے گلوکار پریت اندر کے ساتھ اپنی نئی آنے والی میوزک ویڈیو تیرے کرکے کا پوسٹر شیئر کیا۔

## کورونا وائرس کے باعث موت کے تجربے سے گزر چکا ہوں، الپچینو



نیویارک (این این آئی) بالی ووڈ کے عالمی شہرت یافتہ سینئر اداکار الپچینو نے کہا ہے کہ وہ 2020 میں عالمی وبا کورونا وائرس کے دوران موت کے تجربے سے گزر چکے ہیں۔ایک انٹرویو کے دوران انہوں نے بتایا کہ وہ کورونا وائرس میں مبتلا ہوگئے تھے اور زیر علاج تھے۔84 سالہ اداکار متعدد فلموں میں کام کرچکے ہیں جن میں تین حصوں پر مشتمل مشہور فلم دی گاڈ فادر، اسکارفیس اور ہیٹ شامل ہیں۔سینئر اداکار اپنی آئندہ آنیوالی یادداشت بعنوان سونی بوائے کے منتظر ہیں۔الپچینو کہتے ہیں کہ انہیں یاد ہے کہ ایک نرس نے ان سے کہا تھا ایک مخصوص وقت پر انکی نبض نہیں تھی۔الپچینو کے مطابق اس صورتحال پر میرے قابل قدر اسسٹنٹ مائیکل کوئنن نے فوری اقدام کرتے ہوئے پیرا میڈکس سے رابطہ کیا اور انہیں بلایا کیونکہ جو نرس میری نگہداشت کر رہی تھی اسکا کہنا تھا کہ اسے میری ایک نبض نہیں مل رہی تھی۔اس دوران میں مر تو نہیں سکتا تھا کیونکہ پیرا میڈکس کے لوگ میرے گھر کے سامنے ایمبولینس میں موجود تھے۔

## بگ باس میں سلمان خان کو دلہن تلاش کر کے دینے کی پیشکش

### پوکی بابا نے سلمان خان کو یقین دلایا کہ جو دلہن میں تلاش کرونگا وہ بھاگے گی نہیں



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ سپر اسٹار سلمان خان بگ باس کے نئے سیزن کے میزبان کے طور پر واپس آرہے ہیں، جہاں انہیں دلہن تلاش کرکے دینے کی بھی پیشکش کردی گئی۔اس سلسلے میں کلرز ٹی وی کی جانب سے جاری ہونے والے پرومو میں بگ باس 18 شو میں ہندو مذہبی رہنما اور قصہ گو انیرودھا چاریہ، جو کہ پوکی بابا کے نام سے معروف ہیں، نے سلمان خان کو دلہن تلاش کر کے دینے کی پیشکش کردی۔بگ باس کے نئے سیزن کے دوران خود ساختہ پوکی بابا نے مقابلے کے شرکا کو زندگی کے بارے میں مشورے دینے کی بھی پیشکش کی۔پرومو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ وہ بالی ووڈ سپر اسٹار سلمان خان اور مقابلے میں شریک ایک کنٹسٹنٹ سے گفتگو کر رہے ہیں۔ہی کنٹسٹنٹ کہتے ہیں کہ سیاستدان بہت لالچی ہوتے ہیں اور لالچ یہ ہوتا ہے کہ زیادہ سے زیادہ لوگ ہمیں جانیں، جب ان سے پوچھا گیا کہ وہ شادی شدہ ہیں تو انہوں نے انکار کرتے ہوئے کہا کہ وہ سلمان خان سے چھوٹے ہیں۔جس پر سلمان کہتے ہیں کہ انکی عمر شادی کرنے کیلئے بہت کم ہے تاہم اس موقع پر پوکی بابا نے سلمان خان کو یقین دلایا کہ جو دلہن میں تلاش کرونگا وہ بھاگے گی نہیں۔اس پر سلمان خان پر مزاح انداز میں کہتے ہیں کہ انہیں تو بھگوڑی ہی چاہیے، جس پر زوردار قہقہہ بلند ہوتا ہے۔

## شوبز میں آنے سے قبل میں ایئر ہوسٹس تھی، اداکارہ و ماڈل ازیکا ڈینئل

لاہور (این این آئی) خوبرو پاکستانی اداکارہ و ماڈل ازیکا ڈینئل نے کہا ہے کہ کام کی جگہ پر لڑکیوں کو ہراساں کرنا عام بات ہے۔نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے ازیکا کا کہنا تھا کہ خواتین کی آزادی اور خودمختاری کی تحریکوں کے باوجود ہراسانی میں کوئی کمی واقع نہیں ہوئی، کام کی جگہوں پر خواتین کو ہراساں کرنے والے افراد کو یہ سمجھنا چاہیے کہ جو لڑکیاں کام کے لیے گھروں سے نکلتی ہیں ایسا نہیں کہ وہ اپنے رشتے تلاش کرنے نکلی ہیں۔اداکارہ نے انکشاف کیا کہ شوبز میں آنے سے قبل وہ ایئر ہوسٹس تھیں اور فضائی میزبانی کی ملازمت کے دوران ہی انہیں ڈراموں میں کام کی پیشکش ہوئی۔



## حمائمہ ملک کو سوناکشی سنہا کا لُک چُرانا مہنگا پڑ گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ حمائمہ ملک کو بھارتی ویب سیریز ہیرا منڈی سے اداکارہ سوناکشی سنہا کا لک چرانا مہنگا پڑ گیا۔مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر اداکارہ کی ایک مختصر ویڈیو وائرل ہو رہی ہے۔اس ویڈیو میں حمائمہ ملک بھارتی ویب سیریز ہیرا منڈی کے مشہور گانے 'طلسمی باہیں' پر اداکارہ سوناکشی سنہا کے انداز میں جلوے بکھیرتے ہوئے دکھائی دے رہی ہیں۔یوں تو اداکارہ نے یہ شوٹ نجی برانڈ کی تشہیر کے لیے کروایا ہے، جس میں انہوں نے بھارتی ویب سیریز ہیرا منڈی کے کردار 'فریدان' کا انداز اپنایا ہوا ہے، اسی کردار کی طرح سگریٹ نوشی بھی کرتی دکھائی دے رہی ہیں، جسے اداکارہ سوناکشی سنہا نے نبھایا تھا۔حمائمہ کو بھارتی اداکارہ کے روپ میں دیکھ کر سوشل میڈیا صارفین تعیش میں آگئے اور انہیں آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے سیکنڈ ہینڈ سوناکشی سنہا قرار دے دیا۔صارفین کے مطابق اداکارہ کا اسٹائل انتہائی نامناسب ہے، صارفین انہیں ان کے لباس، انداز اور نخروں پر بھی شدید تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں اور سوال کر رہے ہیں کہ اس کی کیا ضرورت تھی۔بعض صارفین کے مطابق اداکارہ کی اب عمر ہو چکی ہے اور انہیں یہ انداز زیب نہیں دیتا جبکہ بعض کے مطابق ایک مسلمان ہونے کی حیثیت سے ایسا کرنا نامناسب ہے اور سگریٹ نوشی کی تشہیر کرنا صحت کے لیے بھی اچھا نہیں ہے۔



روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

# صنعت و تجارت نیوز

# معیشت نامہ

## چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت ٹیوٹا کے نئے بورڈ کا پہلا اجلاس، ٹیوٹا کی کارکردگی، اہداف اور آئندہ کے لائحہ عمل کا جائزہ لیا گیا

### ٹیوٹا کا نیا بورڈ تشکیل دیا گیا ہے مل کر فنی تعلیم کا معیار بہتر بنائیں گے، صوبائی وزیر صنعت و تجارت



لاہور (شیروز میاں سے) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت ٹیوٹا کے نئے بورڈ کا پہلا اجلاس ٹیوٹا سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا، 3 گھنٹے تک جاری رہنے والے اجلاس میں ٹیوٹا کی کارکردگی، اہداف اور آئندہ کے لائحہ عمل کا جائزہ لیا گیا۔ چیئرمین ٹیوٹا بریگیڈیئر ریٹائرڈ محمد ساجد کھوکھر نے تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے ٹیوٹا بورڈ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ٹیوٹا کا نیا بورڈ تشکیل دیا گیا ہے، مل کر فنی تعلیم کے معیار کو بہتر بنائیں گے، پنجاب بھر میں ٹیوٹا کے 388 اداروں کی اپ گریڈیشن کا مرحلہ وار پروگرام شروع کر دیا گیا ہے جس کے تحت ٹیوٹا کے اداروں کی لیبز اور کورسز کو عالمی معیار کے مطابق بنایا جا رہا ہے، ٹیوٹا کے اداروں سے تربیت حاصل کرنے والوں کیلئے روزگار کی فراہمی کا میکانزم بھی بنایا گیا ہے، صوبائی وزیر نے کہا کہ چیف منسٹر سکل ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت 1000 بچے 3 ماہ پر محیط آئی ٹی کے شارٹ کورسز مکمل کر چکے ہیں جبکہ دوسرے مرحلے میں 1000 بچوں کو کورسز کروائے جا رہے ہیں ایک سال میں 4000 بچوں کو آئی ٹی کے جدید کورسز کروائے جائیں گے۔

## امت مسلمہ کے حکمران زبانی جمع خرچ اور قراردادوں سے نکلیں، سید آفتاب عظیم بخاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان فلاح پارٹی کے رہنما سید آفتاب عظیم بخاری نے حزب اللہ تحریک کے سربراہ حسن نصر اللہ اور انکی بیٹی سمیت متعدد افراد کی شہادتوں پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عالم کفر اسلام پر چڑھ دوڑا ہے اور مسلمانوں کو صفحہ ہستی سے مٹانا چاہتا ہے جبکہ امت مسلمہ اور اسکے حکمران زبانی جمع خرچ اور قراردادوں سے ہی نہیں نکل رہے جبکہ رہبران امت علامہ محمد اقبال جیسے نباض قوم بہت پہلے ہی مسلمانوں کو درس دے گئے تھے جسے ہم نے بھلا دیا اور عالم کفر آج وحشی جانوروں کی طرح امت مسلمہ کو کاٹ رہا ہے جسکی ہر روز تازہ منظر دیکھنے کو مل رہے اب بھی موقع ہے کہ ہم عالم کفر کے خلاف متحد ہوں اور اگر نا ہوئے تو یاد رکھیں تمہاری داستان تک نا ہوگی داستانوں میں اسماعیل ہنیہ، حسن نصر اللہ اور انکے خاندان سمیت ہزاروں فلسطینی و لبنانی مسلمانوں کی شہادت پر عالمی اداروں کی خاموشی عبرت کا پیغام ہے۔

## نارنگ منڈی: اسسٹنٹ کمشنر سمیت انتظامیہ خاموش تماشائی

### دوکانداروں کی چور بازاری سبزیوں کے کئی گنا دام خود ہی بڑھا لیے

نارنگ منڈی (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر سمیت انتظامیہ خاموش تماشائی نارنگ منڈی کے دوکانداروں کی چور بازاری سبزیوں کے کئی گنا دام خود ہی بڑھا لیے 400 روپے کلو والا دھنیا 1000 روپے کلو 10 روپے کی پودینے کی گٹھی 50 روپے میں فروخت ٹماٹر ادرک سبزیوں سمیت تمام اشیاء کی قیمتیں کئی گنا اندوصول تفصیل کے مطابق پی ٹی آئی کے احتجاج کے باعث سڑکیں بند تھیں دو روز سبزیوں کے ٹرک ترسیل نہ کر سکے تو سبزی فروشوں نے خودساختہ اور منہ مانگی قیمتیں وصول کر کے خوب منافع کمایا سبزیاں کئی گنا زیادہ قیمت پر فروخت کی گئیں جس پر اہل علاقہ نے شدید احتجاج کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ غربت کی ماری عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے والے خودساختہ مہنگائی کرنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے۔

## سٹیٹ بینک تاجروں کے لیے سہولیات کی فراہمی، مسائل کا فوری حل یقینی بنائے: میاں ابوذر شاد





لاہور (شیروز میاں سے) لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوذر شاد نے چیف منیجر سٹیٹ بینک آف پاکستان طارق ریاض سے لاہور چیمبر میں ملاقات کے موقع پر کہا ہے کہ حکومت اور سٹیٹ بینک آف پاکستان کاروباری برادری کے لیے سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں تاکہ یہ ملک کی معاشی ترقی و خوشحالی میں بھرپور کردار ادا کر سکے۔ اس موقع پر موجودہ اور سابق ایگزیکٹو کمیٹی ممبران بھی موجود تھے۔ لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوذر شاد نے کہا کہ وفاقی شریعہ کورٹ کی جانب سے 2027 تک ملک میں کنونشنل بینکنگ کو شریعہ کمپلائنٹ یعنی اسلامک بینکنگ میں تبدیل کرنے پر زور دیا جا رہا ہے۔ اس حوالے سے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے متعدد اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں جو خوش آئند قدم اور وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور چیمبر ٹیکسیشن پر خصوصی کام کر رہا ہے جبکہ حکومت کو آگاہ کیا ہے کہ معیشت کو ڈیجیٹائز کریں۔ میاں ابوذر شاد نے کہا کہ حکومت فیڈرل بورڈ آف ریونیو سے متعلق تاجر برادری کے تحفظات دور کرے۔ انہوں نے سٹیٹ بینک آف پاکستان پر بھی زور دیا کہ نظام خودکار بنائے اور ایل سیز کھولنے کے سلسلے میں بینکوں کی اجارہ داری ختم کرے۔ انہوں نے کہا کہ تاجروں کے اس حوالے سے خدشات دور کیے جائیں اور کمرشل بینک پوری طرح سٹیٹ بینک آف پاکستان کے کنٹرول میں ہونے چاہئیں۔ میاں ابوذر شاد نے سٹیٹ بینک آف پاکستان کے چیف منیجر پر زور دیا کہ وہ تمام بینکوں کو لاہور چیمبر کے ممبران سے بھرپور تعاون کی ہدایت کریں۔

## تھانہ سٹی کی حدود میں ڈکیتی اور چوری کی واردات، چور موٹر سائیکل لے اڑے

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) تھانہ سٹی کی حدود میں ڈکیتی اور چوری کی واردات، تفصیلات کے مطابق میاں چنوں تھانہ سٹی کی حدود میں دن دیہاڑے مسلح ڈاکوؤں نے تلمبہ روڈ پر فارمیسی پر عملے اور گاہکوں کو یرغمال بنا کر نقدی اور موبائل لوٹ لئے اور ملزمان اسلحہ لہراتے ہوئے فرار ہو گئے، جبکہ لیاقت روڈ سے نامعلوم چور شہری دکاندار ظفر اقبال کا اپلائیڈ فار نیو ہنڈا موٹر سائیکل چوری کر کے لے گئے، ڈکیتی اور چوری کی وارداتوں کے بعد پولیس تھانہ سٹی جائے وقوعہ پر پہنچ گئی، ایس ایچ او ارسلان امجد نے بتایا دونوں وارداتوں کے ملزمان کو جلد گرفتار کر کے متاثرین کی برآمدگی کروائی جائے گی۔

## ستھرا پنجاب: شہروں سمیت تمام دیہاتوں میں کامیابی سے جاری

... ٹیموں کی نگرانی کر رہے ہیں، عوام الناس کو مزید بہترین میونسپل سروسز کی فراہمی اور ناجائز تجاوزات کے خاتمے کیلئے تمام مشینری و عملہ ضلع بھر میں مکمل متحرک ہے، شہروں کی سڑکوں، گلی محلوں اور دیگر عوامی مقامات کی صفائی یقینی بنانے کیلئے مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے ... دکھائی دے رہے ہیں، جبکہ متعلقہ اداروں کا عملہ سیوریج لائنوں، واٹر ڈسپوزلز کی صفائی اور گٹروں کو ڈھکن لگانے کا کام باقاعدگی سے جاری رکھے ہوئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت عوام کو اچھا ماحول فراہم کیا جائے۔

## کمشنر ساہیوال کی معروف ترین پاک پتن بازار سے بھی تجاوزات ختم کرنے کی ہدایت

### کارپوریشن کا عملہ عارضی تجاوزات ختم کرے اور دوسرے مرحلے میں پختہ تجاوزات بھی ختم کی جائیں



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے شہر کے معروف ترین پاک پتن بازار سے بھی تجاوزات ختم کرنے کی ہدایت کر دی، پہلے مرحلے میں کارپوریشن کا عملہ عارضی تجاوزات ختم کرے اور دوسرے مرحلے میں پختہ تجاوزات بھی ختم کی جائیں، کمشنر ساہیوال۔ وہ یہاں اپنے دفتر میں پسپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن خالد محمود گیلانی، ڈی جی پی ایچ اے محمد اکرام ملک، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، چیف آفیسر کارپوریشن شیخ اشفاق احمد سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی پریشانی کا باعث بننے والی تجاوزات برداشت نہیں کی جا سکتی اور انہیں ہر صورت گرایا جائے گا۔ انہوں نے تاجروں سے اپیل کی کہ وہ ازخود عارضی اور پختہ تجاوزات کو گرا کر ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔ کمشنر شعیب اقبال سید نے کارپوریشن کی واجبات ریکوری اور دوکانوں سے کرایوں کے بقایاجات وصولی پر بھی سی او میونسپل کارپوریشن شیخ اشفاق احمد اور میونسپل افسران جاوید انور گوندل اور پیام غنی کی کاوشوں کو سراہا۔

## شاہین ویلفیئر کے زیر اہتمام سالانہ ایوارڈ تقریب

### مختلف شعبہ جات میں نمایاں کارکردگی والی تنظیموں، شخصیات کو ایوارڈز سے نوازا گیا

سمندری (تحصیل رپورٹر) شاہین ویلفیئر کے زیر اہتمام سالانہ ایوارڈ تقریب، مختلف شعبہ جات میں نمایاں کارکردگی والی تنظیموں، شخصیات کو ایوارڈز سے نوازا گیا، تفصیلات کے مطابق سماجی تنظیم شاہین ویلفیئر کے زیر اہتمام مقامی ہوٹل میں سالانہ ایوارڈ تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں میاں عبدالرشید سابق تحصیل ناظم، رانا عبدالحفیظ ڈائریکٹر کنکورڈیا کالج نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، اس موقع پر شہر بھر میں نمایاں کردار ادا کرنے والی تنظیمیں اور شخصیات کو شاہین ویلفیئر کی جانب سے ایوارڈ سے نوازا گیا، اس موقع پر سرپرست اعلیٰ شیخ ہارون ارشاد خاں ایڈووکیٹ، چیئرمین رانا آصف نصیر خاں نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ شاہین ویلفیئر ترجیحی بنیادوں پر خدمت انسانیت کر رہی ہے میڈیکل کی سہولیات کی فراہمی سمیت دیگر پراجیکٹ پر کام جاری ہے دو مساجد شاہین ویلفیئر کے زیر اہتمام کام کر رہی ہے ہمارا مقصد ہی بے لوث مخلوق خدا کی خدمت ہے، شہری حلقوں نے شاہین ویلفیئر کو پروقار تقریب کے انعقاد پر خراج تحسین پیش کیا

## ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن وزیرآباد کے زیر اہتمام فلسطینی مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی



## شیخوپورہ پولیس کی ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری

## مسلح ملزمان کا غریب محنت کش کے کمسن بیٹے کو چھرا مار کر شدید زخمی کر دیا

... حالت میں لاہور ہسپتال ریفر کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق چند روز قبل بجلی کی تار نہ دینے پر فرنیچر میکر ذوالفقار علی کی ملزمان غضنفر، ظفر، غلام، عمر وغیرہ سے تو تکرار ہوئی جس پر ملزمان نے گذشتہ روز ذوالفقار کی دوکان پر توڑ پھوڑ کرتے ہوئے وہاں سے قیمتی سامان بھی چرا لیا اور اس دوران اسکے کمسن بیٹے کو چھرا مار کر شدید زخمی کر دیا جس پر پولیس نے آٹھ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے دو کو گرفتار کر لیا۔

## مرکزی انجمن تاجران کے زیر اہتمام اسرائیل کی فلسطین پر جارحیت اور بربریت پر اظہار یکجہتی کیلئے اجلاس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) مرکزی انجمن تاجران کے زیر اہتمام اسرائیل کی فلسطین پر جارحیت اور بربریت پر اظہار یکجہتی کیلئے اجلاس کا انعقاد اجلاس کی صدارت ضلعی صدر انجمن تاجران شیخ محمد ریاض نے کی جنرل سیکرٹری عبدالوحید بھلر اور دیگر عہدیداران نے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور تجاویز پیش کی گئیں انجمن تاجران کے چیئرمین چوہدری فیصل عزیز۔ ضلعی صدر شیخ محمد ریاض اور ضلعی جنرل سیکرٹری عبدالوحید بھلر کا کہنا تھا کہ اسرائیلی جارحیت کی وجہ سے 45 ہزار سے زائد مظلوم مسلمان شہید ہوئے غزہ کو کھنڈرات میں تبدیل کر دیا گیا۔

## راول ویلفیئر پاکستان کا اہم اجلاس اعظم رضا راول کی زیر صدارت منعقد

### نومبر کے دوسرے ہفتے میں راول کنونشن کا انعقاد کرنے پر اتفاق حتمی تاریخ فائنل

### ندیم حسین راول کی قیادت میں کمیٹی قائم راول کنونشن کے انتظامات کئے جائینگے



سمندری (تحصیل رپورٹر) راول ویلفیئر پاکستان کا اہم اجلاس اعظم رضا راول کی زیر صدارت منعقد نومبر کے دوسرے ہفتے میں راول کنونشن کا انعقاد کرنے پر اتفاق حتمی تاریخ فائنل۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان سمیت دنیا بھر راول فیملی کے افراد کو ایک پیج پر متحد کرنیوالی پہلی نمائندہ تنظیم راول ویلفیئر پاکستان کا انتہائی اہم اجلاس بانی و چیئرمین محمد اعظم رضا راول کی صدارت فیصل آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس سنٹرل کوآرڈی نیٹر و صوبائی صدر پنجاب انجینئر محمد عباس راول کے دفتر میں منعقد ہوا، اجلاس میں فیصل آباد سٹی میں نومبر کے دوسرے ہفتے مرکزی سطح پر ایک شاندار پروگرام کروائے جانے پر اتفاق ہوا، اجلاس میں صدر پنجاب، انجینئر عباس راول، نائب صدر حکیم ارشد سعید راول، ممبران مشاورتی کمیٹی پنجاب بابا محمد اکرم راول، ڈاکٹر ندیم حسین راول، سینئر رہنما چوہدری شوکت علی راول، حکیم وارث علی، ڈاکٹر شاہد راول، صدام حسین راول، عاصم سلطان راول سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ متفقہ طور پر اجلاس میں ڈاکٹر ندیم حسین راول کی قیادت میں ایک کمیٹی قائم کی گئی جو راول کنونشن کے انتظامات کے حوالے سے تمام تر اقدامات اٹھائیگی۔





## بیوہ خاتون کے گھر چوری کی واردات، ملزمان گھر کا صفایا کر گئے

### بیوہ خاتون تین یتیم بچوں کے ساتھ انصاف کیلئے دربدر ٹھوکریں کھانے پر مجبور



میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) بیوہ خاتون کے گھر چوری کی واردات، ملزمان گھر کا صفایا کر گئے، بیوہ خاتون تین یتیم بچوں کے ساتھ انصاف کیلئے دربدر ٹھوکریں کھانے پر مجبور تفصیلات کے مطابق نواحی گاؤں 23 چودہ ایل کی رہائشی بیوہ خاتون آسیہ بی بی کے گھر کے کمرے کی چھت پھاڑ کر نامعلوم چور زندگی کی جمع پونجی نقدی ایک لاکھ، 4 تولے زیوارات، بسترے اور بچوں کے کپڑے چوری کر کے لے گئے، متاثرہ خاتون نے اپنے تین یتیم بچوں کے ہمراہ بتاتا دو سال قبل شوہر بیماری کی وجہ سے انتقال کر گیا تھا میں اب مزدوری کر کے بچوں کو پال رہی ہوں، گھر کا چولہا تک چلانا مشکل ہے اور چوروں نے میرے بچوں کے مستقبل کیلئے رکھی گئی جمع پونجی چوری کر کے مجھ سے جینے کی امید تک چھین لی ہے، متاثرہ خاتون انصاف کیلئے کبھی تھانے کبھی سیاسی سماجی لوگوں کے ڈیروں پر جاتی ہے، پولیس تھانہ شاہ کوٹ نے بجرم 380/457 کے تحت مقدمہ درج کر لیا ہے، متاثرہ خاتون انصاف کی منتظر ہے۔

## نوجوان پر تشدد کرنے کی ویڈیو وائرل، گرفتار ملزمان کے چالان عدالت میں پیش

### کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی، ڈی پی او

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) خانقاہ ڈوگراں کے علاقہ کلسیاں بھٹیاں میں نوجوان پر تشدد کرنے کی ویڈیو وائرل ہونے کے بعد پولیس کی طرف گرفتار کئے گئے چاروں ملزمان کا چالان مکمل کر کے عدالت میں پیش کر دیا گیا ہے، ڈی پی او بلال ظفر شیخ کے مطابق کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی نوجوان پر تشدد کرنے والے ملزمان کو فوری گرفتار کر کے مقدمہ درج کیا گیا متاثرہ نوجوان کو انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔

## پروفیسر اے کیو ایم خالق کی زیر صدارت ایک معلوماتی لیکچر کا اہتمام

### تحقیق اور جدت کے مختلف میدانوں میں ہونے والی ترقی پر روشنی ڈالی گئی



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد، ساہیوال کیمپس کے ریاضی ڈیپارٹمنٹ نے امریکہ کی مڈل ٹینیسی اسٹیٹ یونیورسٹی کے پروفیسر اے کیو ایم خالق کی زیر صدارت ایک معلوماتی لیکچر کا اہتمام کیا۔ اس تقریب کا عنوان "ڈیٹا ڈرائیون ڈیپ نیورل نیٹ ورکس اور سیمولیشن" تھا، جس میں ڈیٹا کے استعمال اور جدید کمپیوٹیشنل طریقوں کے ذریعے تحقیق اور جدت کے مختلف میدانوں میں ہونے والی ترقی پر روشنی ڈالی گئی۔ پروفیسر خالق نے حاضرین کو ڈیٹا کے تجزیے کے جدید طریقے پیش کیے، جن کی مدد سے دنیا کے حقیقی مسائل حل کیے جا سکتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ آج کے دور میں ڈیٹا کی بنیاد پر تحقیق کیسے نہایت اہمیت اختیار کر چکی ہے، جو کہ صحت، ماحولیاتی سائنس اور ٹیکنالوجی جیسے شعبوں پر گہرا اثر ڈال رہی ہے۔ لیکچر میں نئے کمپیوٹیشنل ماڈلز کے ذریعے بہتر فیصلے کرنے اور نظام کو زیادہ مؤثر اور درست بنانے کی صلاحیتوں پر توجہ دی گئی۔ پروفیسر خالق نے تحقیق کو آگے بڑھانے میں ڈیپ لرننگ اور سیمولیشن کے کردار پر بھی بات کی، اور طلباء کو تحقیقی سوچ اپنانے اور اپنے تعلیمی سفر میں نئے امکانات کی تلاش کی ترغیب دی۔ تقریب کے اختتام پر سوالات و جوابات کا سیشن ہوا، جس میں طلباء اور فیکلٹی ممبران نے مصنوعی ذہانت کے بڑھتے ہوئے اثرات، ٹیکنالوجی میں اخلاقی مسائل اور مستقبل کے چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا۔

## اوکاڑہ نشہ آور چیز کھلا کر 15 سالہ لڑکے سے مبینہ جنسی زیادتی کا واقعہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ نشہ آور چیز کھلا کر 15 سالہ لڑکے سے مبینہ جنسی زیادتی کا واقعہ۔ ملزمان نے لڑکے کو نوکری دینے کا جھانسہ دے کر منڈی بہاوالدین بلایا تھا۔ ایف۔ آئی۔ آر کے مطابق اوکاڑہ کیگاؤں 22 فور ایل کے رہائشی 15 سالہ شہزاد کو ملزمان ظہیر عباس اور زیارت علی عرف لکی نے ملازمت کے لیے منڈی بہاوالدین بلوایا۔ جہاں ملزمان نے شہزاد کو نشہ آور چیز کھلا کر اس سے جنسی زیادتی کی اور اس مکروہ فعل کی ویڈیو بھی بنالی۔ ملزمان اسے قتل کر دینے کی دھمکیاں دیتے رہے جنسی زیادتی کا شکار شہزاد اوکاڑہ گھر واپس آگیا تو وہ سہما سہما رہ رہا تھا جس کے والدین نے پوچھنے پر لڑکا خوف میں مبتلا ہونے کی وجہ سے خاموش رہا اس دوران۔ ملزم ظہیر عباس لڑکے کے پیچھے اوکاڑہ آیا اور اسے گھر سے باہر بلایا ملزم ظہیر عباس بھی اسی گاؤں کا رہائشی ہے۔ ملزم نے ڈرا دھمکا کر دوبارہ اس سے جنسی زیادتی کی۔ لڑکا بیمار سا رہنے لگا لڑکے نے اہل گاؤں کے سامنے تمام قصہ بتا دیا۔ متاثرہ لڑکے کی والدہ کی مدعیت میں تھانہ شاہبور اوکاڑہ پولیس نے مقدمہ نمبر 643/24 درج کر لیا ہے پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔

## 13 گھنٹے گیس کی لوڈ شیڈنگ نے گھریلو صارفین کی زندگی اجیرن کر دی

مصطفیٰ آباد للیانی (علی ملک سے) 13 گھنٹے گیس کی لوڈ شیڈنگ نے گھریلو صارفین کی زندگی اجیرن کر دی، شہری سراپا احتجاج، اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ، تفصیل کے مطابق شہر بھر میں گزشتہ تقریباً چھ، سات ماہ سے صبح، شام اور رات 10 بجے کے اوقات مجموعی طور پر 13 گھنٹے گیس کی لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث گھریلو صارفین، خصوصی طور پر خواتین کو انتہائی مشکلات کا سامنا ہے، شہریوں کا کہنا ہے گیس کی شدید لوڈ شیڈنگ ہو رہی ہے لیکن حیرت کی بات ہے کہ بل میں کمی ہونے کی بجائے انہیں بھاری بلوں کی ادائیگی کرنی پڑ رہی ہے جبکہ کمر توڑ مہنگائی میں ہفتہ میں کئی بار صبح اور شام کے وقت انہیں بچوں کیلئے کھانا بھی باہر سے لانا پڑ رہا ہے۔

## ڈسکہ کے گنجان آباد علاقہ کالج روڈ پر دن دیہاڑے ڈکیتی کی بڑی واردات

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ڈسکہ کے گنجان آباد علاقہ کالج روڈ پر دن دیہاڑے ڈکیتی کی بڑی واردات، دو ڈاکو معروف فارمیسی سے لاکھوں روپے نقدی لوٹ کر اطمینان سے فرار ہو گئے ڈاکوؤں نے فارمیسی سمیت کسٹمرز اور میڈیسن کمپنیوں کے ملازمین سے بھی رقم لوٹی سٹی پولیس نے شواہد اکٹھے کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا

## نارنگ منڈی: 7 افراد کے قتل کا معاملہ: 3 ملزم نامزد، گرفتاری دیدی

### ملزمان عامر ذوالفقار گھمن مظہر گھمن اور عابد اصغر نے تھانہ نارنگ میں خود پیش ہو گئے

نارنگ منڈی (نامہ نگار) نارنگ کے نواحی گاؤں ماڑی کے رہائشی 7 افراد کے قتل کا معاملہ 3 نامزد ملزمان نے تھانہ نارنگ پولیس کو گرفتاری دے دی ملزمان عامر ذوالفقار گھمن مظہر گھمن اور عابد اصغر نے تھانہ نارنگ میں خود پیش ہو کر گرفتاری دی نارنگ پولیس نے ملزمان کو تھانہ قلعہ کالروالا پولیس کے حوالے کر دیا ہے واضح رہے کہ نارنگ کے نواحی گاؤں ماڑی کے رہائشی 6 افراد سمیت 7 افراد کو ضلع سیالکوٹ کے تھانہ قلعہ کالروالا کی حدود میں فار چیونر پر اندھا دھند فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا تھا جس پر اکرم میو کی مدعیت میں 8 نامزد اور 3 نامعلوم ملزمان سمیت 11 افراد کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا گزشتہ روز تین نامزد ملزمان نے نارنگ پولیس کو گرفتاری دے دی ہے۔

## گوجرانوالہ: آر پی او کی زیر صدارت کرائم میٹنگ کا انعقاد

### کرائم میٹنگ میں ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کی شرکت



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) آر پی او ساہیوال محبوب رشید کی زیر صدارت طیب سعید شہید پولیس لائنز میں کرائم میٹنگ کا انعقاد ہوا۔ پولیس ترجمان کے مطابق پولیس لائنز میں ہونے والی میٹنگ میں ایس پی انویسٹیگیشن سمیت ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کی شرکت۔ ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے امن و امان کی صورتحال اور جرائم کے انسداد کیلئے کیے جانے والے اقدامات کے حوالے سے بریفنگ دی آر پی او ساہیوال محبوب رشید کی ایس ایچ اوز کو منشیات فروشوں، مجرم اشتہاریوں کے خلاف کارروائیاں مزید بہتر بنانے کی ہدایت ہوائی فائرنگ اور پتنگ بازی کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں کی جائیں، پٹرولنگ اور ناکہ بندی کے دوران تمام جاری کردہ ایس او پیز پر من و عن عمل کیا جائے، چائنیز و دیگر غیر ملکیوں کی سیکیورٹی کو ہر حال میں یقینی بنایا جائے گا، کرپشن پر زیرو ٹالرنس کی پالیسی اپنائی جائے گی، شہریوں کی جانوں مال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے اور اس ذمہ داری کو پورا کرنے کے لیے ہر لمحہ کوشاں رہیں، سرچ اور کومبنگ آپریشن کو دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کیساتھ مل کر روزانہ کی بنیاد پر مختلف علاقوں میں یقینی بنایا جائے تھانوں میں آئے سائلین کے ساتھ حسن اخلاق سے پیش آئیں اور دادرسی کی ہر ممکن کوشش کریں۔

## دل کا مریض لاہور علاج کروانے گیا، پیچھے سے چور گھر کا صفایا کر گئے

### گھر سے 8 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا زیور سمیت گھر کے برتن و دیگر سامان لے گئے

نارنگ منڈی (نامہ نگار) دل کا مریض سکول ٹیچر علاج کروانے لاہور ہسپتال داخل پیچھے سے چور گھر کا صفایا کر گئے تفصیل کے مطابق نارنگ کے محلہ پیر بخاری کا رہائشی سرکاری سکول کا استاد عبدالوحید دل کے مرض کا علاج کروانے لاہور ہسپتال داخل تھا اسی دوران چور اپنا کام دکھا گئے گھر سے 8 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا زیور سمیت گھر کے برتن اور دیگر سامان غائب تھانہ نارنگ منڈی پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔

## مسلح افراد نے سابقہ دشمنی پر فائرنگ کر کے دو افراد کو قتل کر دیا

### حق نواز اور افتخار احمد اپنے ڈیرہ پر بیٹھے تھے کہ مخالفین نے اندھا دھند فائرنگ کر دی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد کے نواحی گاؤں ادوکی میں مسلح افراد نے سابقہ دشمنی پر فائرنگ کر کے دو افراد کو قتل کر دیا جس کے بعد ملزمان فرار ہو گئے۔ پولیس نے گیارہ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق حق نواز اور افتخار احمد اپنے ڈیرہ پر بیٹھے تھے کہ انکے مخالفین نے وہاں آ کر ان پر اندھا دھند فائرنگ کر دی جس کے نتیجہ میں حق نواز اور افتخار احمد جاں بحق ہو گئے جبکہ ملزمان موقع سے فرار ہو گئے۔ پولیس نے گیارہ ملزمان وقار احمد، اخلاق احمد، اشفاق، حق نواز ولد عمر دراز، حق نواز ولد محمد محمود اور ارشد وغیرہ کے خلاف دوہرے قتل کے الزام میں مقدمہ درج کر لیا۔

## 15 کی بوگس کال کرنے پر شہری کے خلاف مقدمہ درج

مصطفیٰ آباد للیانی (علی ملک سے) 15 کی بوگس کال کرنے پر شہری کے خلاف مقدمہ درج، تفصیلات کے مطابق عرفان بھٹی نامی شہری نے پولیس کو 15 پر کال کر کے اطلاع دی کہ سرہالی روڈ لاہوریاں والہ راہ کے قریب ایک شخص لوگوں کے ہجوم سے فرقہ واریت کی باتیں کر کے ان کو اشتعال انگیزی پر اکسا رہا ہے، پولیس نے مذکورہ جگہ پہنچ کر انویسٹیگیشن کی تو انہیں معلوم ہوا کہ کالر کی تمام باتیں بے بنیاد ہیں، جس پر پولیس نے 15 کی جھوٹی کال کرنے کے جرم میں عرفان بھٹی کیخلاف مقدمہ درج کر لیا۔

## آبادی منوں آبادی سے سات روز قبل اغواء کی گئی محنت کش بلال کی پانچ سالہ بیٹی لاہور سے بازیاب

مریدکے (تحصیل رپورٹر) آبادی منوں آبادی سے سات روز قبل اغواء کی گئی محنت کش بلال کی پانچ سالہ بیٹی جنت کو مریدکے سٹی پولیس کے ایس ایچ او سلیم اختر نیازی پولیس کے ہمراہ لاہور سے بازیاب کروا لیا پولیس کے مطابق جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے کمسن جنت کو برآمد کیا گیا ملزمان کی تفتیش جاری ہے کمسن جنت سات روز بعد جب گھر والدین کے پاس پہنچی تو والدین اہل محلہ کی خوشی دیدنی تھی بچی کے والدین اور اہل محلہ نے پولیس کے حق میں نعرہ بازی بھی کی۔

## ڈسکہ: دو مسلح ڈاکوؤں نے نقدی اور موبائل فون چھین لیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو مسلح ڈاکوؤں نے نقدی اور موبائل فون چھین لیا جبکہ موٹر سائیکل چوری ڈسکہ کا منیر اپنے رشتہ داروں کے ہاں سے ختم سے واپس آ رہا تھا کہ اس کو دو مسلح ڈاکوؤں نے روک لیا اور اس سے نقدی چھین ... ہزار روپے اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے جبکہ ڈسکہ کا عنصر اپنی موٹر سائیکل نجی میرج ہال کے باہر کھڑی کر کے گیا جس کو نامعلوم چور چوری کر کے لے گئے پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

## ڈسکہ: ریسکیو 15 پر چوری کی بوگس کال چلانے پر خاتون کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ریسکیو 15 پر چوری کی بوگس کال چلانے پر خاتون کیخلاف مقدمہ درج تھانہ موترہ کے علاقہ لکڑا کلاں کی خاتون صفیہ بانو نے ریسکیو 15 پر چوری کی کال چلائی پولیس نے موقع پر جا کر چیک کیا تو اس کی کال بوگس ثابت ہوئی پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

## اوکاڑہ 3 مختلف حادثات میں پروفیسر سمیت 2 افراد جاں بحق

### پروفیسر دانش کے موٹر سائیکل کو مسافر بس نمبری VRS-786 نے ٹکر مار دی



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ 3 مختلف حادثات میں پروفیسر سمیت 2 افراد جاں بحق۔ 9 خواتین سمیت 11 افراد زخمی ہو گئے۔ بتایا گیا ہے کہ جلیل ٹاؤن رینالہ خورد کا رہائشی نجی کالج کے پروفیسر دانش کے موٹر سائیکل کو مسافر بس نمبری VRS-786 نے ٹکر مار دی جس سے جواں سالہ پروفیسر جاں بحق ہو گیا۔ دوسرا حادثہ اوکاڑہ کے نواح نول پلاٹ جندراکہ روڈ پر تیز رفتار مزدا کی لوڈر رکشہ کو ٹکر سے 9 خواتین۔ اشرف بی بی۔ خورشید بی بی۔ رضیہ۔ شریفاں۔ نسیماں وغیرہ اور 2 مرد محمد عمران اور اللہ دتہ شدید زخمی ہو گئے۔ تیسرا حادثہ موضع پیراں والا میں پیش آیا جہاں ایک 45 سالہ شخص محمد یاسین فصل کاشت کرنے کے دوران سلپ ہو کر روٹا مشین میں آ کر بری طرح کچلا گیا اور جاں بحق ہو گیا۔ ریسکیو ٹیموں نے امدادی کارروائیاں کرتے ہوئے ایک ڈیڈ باڈی اور زخمیوں کو ہسپتالوں میں منتقل کر دیا۔ جب کہ روٹا مشین میں آ کر جاں بحق ہونے والے کی ڈیڈ باڈی ضروری کاروائی کے بعد لواحقین کے حوالے کر دی گئی۔

## چھ ملزمان نے فائرنگ کر کے دو نوجوانوں کو شدید زخمی کر دیا

### زخمیوں کو طبی امداد کیلئے سول ہسپتال پہنچا دیا گیا، پولیس نے مقدمہ درج کر لیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) فائرنگ کے دو مختلف واقعات میں چھ ملزمان نے فائرنگ کر کے دو نوجوانوں کو شدید زخمی کر دیا تھانہ موترہ کے علاقہ بھانو پنڈی کے محبوب کے بھائی فلک شیر کو ملزمان بلال، علی رضا، اعجاز اور مقصود نے فائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا وجہ عناد مقدمہ بازی کی رنجش بتائی جاتی ہے جبکہ موضع مندرانوالہ کا عثمان اپنے گودام کے گیٹ کے سامنے موٹر سائیکل کھڑی کر رہا تھا کہ اسی دوران موٹر سائیکل سوار دو مسلح ملزمان آئے اور اس پر قتل کر دینے کی نیت سے فائرنگ کرنا شروع کر دی جس کے نتیجہ میں وہ گولیاں لگنے سے شدید زخمی ہو گیا زخمیوں کو طبی امداد کیلئے سول ہسپتال پہنچا دیا گیا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

## شیخوپورہ: ہیومن رائٹس ٹائم لائن شیخوپورہ کا ماہانہ اجلاس

### مختلف تنظیمی امور کا جائزہ لینے سمیت آئندہ کے فلاحی پروگراموں کا لائحہ عمل مرتب کیا گیا



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ہیومن رائٹس ٹائم لائن شیخوپورہ کا ماہانہ اجلاس تنظیم کے ضلعی دفتر واقع بھکھی روڈ میں منعقد ہوا جس میں مختلف تنظیمی امور کا جائزہ لینے سمیت آئندہ کے فلاحی پروگراموں کا لائحہ عمل مرتب کیا گیا اجلاس میں محمد شفیق مغل، میاں جاوید محمود چاچو، بیگم فرزانہ مسعود اکبر خان، میڈم شاہدہ پروین، عبدالحمید بھٹی، محمد اشرف نقوی، رانا محمد اکرم، حاجی الیاس ساجد بھٹہ، محسن فرید مغل، محمد، طارق خان، حافظ نعمان فرید گوہر، ڈاکٹر محمد نواز اور سعید اقبال جنجوعہ و دیگر نے شرکت کی، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ فلاحی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے جاری کاوشوں کو مزید تیزی سے آگے بڑھایا جائے گا موجودہ نفسانفسی کے پر آشوب دور میں مستحقین شدید مسائل کا شکار ہیں جن کی اعانت و امداد ناگزیر ہے ہم سماجی فلاح و بہبود کیلئے حکومت کی طرف دیکھنے کی بجائے اپنی مدد آپ کے تحت خدمات سرانجام دے رہے ہیں جن کے ثمرات سے مستحقین کی کثیر تعداد مستفید ہو رہی ہے اور اس سلسلے کو ان شاء اللہ بھرپور جوش و جذبہ سے جاری رکھا جائے گا، اجلاس کے اختتام پر حاضرین کیلئے کی تواضع پر تکلف ناشتہ سے

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003


بقیہ | بقیہ جات | 1

ہے۔سفارتخانے کی جانب سے کہا گیا ہے کہ پاکستانی حکام سے مکمل تحقیقات اور حملہ آوروں کو سخت سزا دینے کا مطالبہ کرتے ہیں، پاکستان میں چینی شہریوں، اداروں اور منصوبوں کی حفاظت کے لیے تمام ضروری اقدامات اٹھانے کی اپیل کرتے ہیں، پاکستان میں موجود چینی شہریوں اور منصوبوں کو سکیورٹی صورتحال پر نظر رکھنے، حفاظتی تدابیر مضبوط کرنے اور چوکنا رہنے کی یاد دہانی کراتے ہیں۔ چینی سفارتخانے نے یہ بھی کہا ہے کہ دونوں ممالک کے معصوم متاثرین کے لیے گہری تعزیت اور زخمیوں خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں، چینی سفارتخانے اور قونصل خانے پاکستانی حکام کے ساتھ مل کر صورتحال سے نمٹنے کی بھرپور کوشش کررہے ہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 2

مطابق اپنے بیان میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے واقعہ میں دو چینی شہریوں کی موت پر افسوس کا اظہار کیا۔صدر مملکت نے واقعہ میں مارے جانے والے چینی شہریوں کے اہل خانہ کے ساتھ اظہار تعزیت کیا۔صدر مملکت آصف علی زرداری کا کہنا تھا کہ ملک دشمن عناصر پاکستان کی ترقی و خوشحالی کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں میری ہمدردیاں چینی شہریوں اور ان کے لواحقین کے ساتھ ہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 3

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے ناسور کے

بقیہ | بقیہ جات | 10

صد افسوس، کچھ نہیں کہہ سکتا کہ وزیر اعلیٰ کہاں تھے، کیوں ورکر کو عذاب میں ڈالا گیا؟ انہوں نے کہا کہ اپنے ورکرز پر خفا ہوں جو اس وقت پولیس حراست میں ہیں، صرف مالاکنڈ تحصیل کے 39 کارکن ٹیکسلا اور حسن ابدال کی جیل میں ہیں۔جنید اکبر کا کہنا ہے کہ کیا ورکرز اس ڈرامے کے لیے جیل میں ہیں؟

بقیہ | بقیہ جات | 11

ہمت نہیں کہ سچ بولے۔ایمل ولی خان کا کہنا تھا کہ فراڈ انتخابات کے پانچ دن بعد ہم نے کہا تھا کہ گنڈاپور کس کا بندہ ہے۔یاد رہے کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے منظر عام پر آنے کے بعد صوبائی اسمبلی سے دھواں دھار خطاب کیا اور الزامات کی بوچھاڑ کردی۔

بقیہ | بقیہ جات | 12

کامران ٹیسوری کا کہنا تھا کہ متعلقہ ادارے واقعے کو دیکھ رہے ہیں، رپورٹ شیئر کی جائے گی۔ان کا کہنا تھا کہ قیاس آرائیوں سے گریز کیا جائے، سوشل میڈیا کی باتوں پر دھیان نہ دیا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ ایئرپورٹ کا تمام عملہ موجود ہے، صورتحال کنٹرول میں ہے۔گورنر سندھ نے مزید کہا کہ گورنر ہاؤس میں 35 ہزار لوگ اس وقت بھی موجود ہیں، وزیر داخلہ سندھ نے کیا بات کی ہے میرے علم میں نہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 13

کنڈی نے نجی ٹی وی کو اپنے ردعمل میں کہا کہ پی ٹی آئی والے چاہتے تھے کہ لاشیں گریں اور سیاست کا موقع ملے۔انہوں نے کہا کہ وہ پہلے بھی کارکنوں کو چھوڑ کر بھاگے تھے، اب بھی خود روپوش ہوئے۔فیصل کریم کنڈی کا کہنا تھا کہ انہوں نے پاکستان دشمن ایجنڈے کو پروموٹ کیا، یہ چاہتے تھے کہ کے پی اور پنجاب کی پولیس آپس میں ٹکرائے۔

بقیہ | بقیہ جات | 14

رہائی چاہتے تھے لیکن وہ ناکام ہوگئے، اڈیالہ میں بیٹھ کر ملک میں آگ لگانے کی پلاننگ ہوتی ہے، بانی پی ٹی آئی پر پابندی لگا دینی چاہیے، 12 سال سے خیبرپختونخوا کے وسائل وفاق پر چڑھائی کرنے کے لیے استعمال ہو رہے ہیں، بلوائیوں کو ریاست کے خلاف بغاوت کی سزا ملنی چاہیے، احتجاج کے دوران انقلابیوں کا چی گویرا کارکنان کو چھوڑ کر

# ڈینگی کی موجودہ صورتحال ہنگامی بنیادوں پر کام کرنے کی ضرورت ہے

خواجہ سلمان رفیق

ڈینگی کے بارے میں آگاہی سیشنز کا انعقاد کیا جائے، ہماری اولین ترجیح راولپنڈی میں ڈینگی کے بریک ڈاؤن میں کمی لانا ہے

## وزیر صحت پنجاب کی زیر صدارت انسداد ڈینگی مہم کا اہم اجلاس، راولپنڈی میں ڈینگی کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت انسداد ڈینگی مہم کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں رکن قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کے دوران راولپنڈی میں ڈینگی کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر راولپنڈی حسن وقار چیمہ، پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وثقافت شازیہ رضوان، اراکین پنجاب اسمبلی ملک افتخار زیب النساء، محسن خان اور ضیاء اللہ شاہ سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ ڈینگی کی موجودہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

# پوری پاکستانی قوم نے پیغام دیا ہے کہ ہم فلسطین کیساتھ کھڑے ہیں

ضیاء الدین انصاری

جماعت اسلامی لاہور کے زیر اہتمام 2 سو مقامات پر فلسطین کیساتھ اظہار یکجہتی کیلئے احتجاجی مظاہرے

## امریکہ کی پشت پناہی میں اسرائیل نے ایک سال میں فلسطین پر ظلم و ستم کی ایک نئی تاریخ رقم کی ہے، امیر جماعت اسلامی لاہور

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ فلسطین مزاحتی قراردادوں اور تقریروں سے سے نہیں جہاد سے آزاد ہوگا۔ پوری پاکستان قوم نے یکجہتی فلسطین منا کر پیغام دیا ہے کہ ہم فلسطین کیساتھ کھڑے ہیں۔ امریکہ کی پشت پناہی میں اسرائیل نے ایک سال میں فلسطین پر ظلم وستم کی ایک نئی تاریخ رقم کی ہے۔ غزہ قید خانے میں تبدیل ہو چکا ہے، نہتے لوگوں کا قتل عام جاری ہے، انسانی حقوق پر واویلا کرنے والی تنظیمیں 45000 ہزار ہلاک ہو چکے ہیں جن میں زیادہ تر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36




لاہور، امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری فلسطین ملین مارچ سے خطاب کر رہے ہیں

## ڈر ہے آرٹیفیشل انٹیلی جنس سے 1 ارب لوگ غیر متعلقہ ہو جائیں گے: خالد مقبول صدیقی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تعلیم خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ آنے والے 30، 35 سال میں آرٹیفیشل انٹیلی جنس سے بڑا موڑ آنے والا ہے، ڈر ہے کہ ایک ارب لوگ غیر متعلقہ ہو جائیں گے۔ خالد مقبول صدیقی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جدید دور میں سب کو برابری کے مواقع مل سکتے ہیں، پاکستان میں 15 سے 18 کروڑ جوان ہیں، یہ بڑا چیلنج بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سچائی کی تلاش بھی سچی ہونی چاہیے، قرآن نے ترقی یافتہ سچائی ہم تک پہنچادی، دنیا میں کبھی کوئی ملک اکیلا ترقی نہیں کرسکتا۔

## سردار ایاز صادق کی فلسطینیوں پر گزشتہ ایک سال سے جاری ظلم و بربریت کی مذمت

اسرائیل کی جانب سے غزہ اور لبنان پر بمباری اور جارحیت عالمی امن کے لیے شدید خطرہ ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے فلسطینیوں پر گزشتہ ایک سال سے جاری ظلم و بربریت کی نئی لہر کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیل کی جانب سے غزہ اور لبنان پر بمباری اور جارحیت عالمی امن کے لیے شدید خطرہ ہے۔ پیر کو قومی اسمبلی سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق فلسطینیوں پر اسرائیلی بربریت کی نئی لہر کا ایک سال مکمل ہونے پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی پارلیمان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

## پشاور ہائی کورٹ نے خیبر پختونخوا حکومت کو صوابدیدی فنڈز کے استعمال سے روک دیا

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے خیبر پختون خوا حکومت کو صوابدیدی فنڈز کے استعمال سے روک دیا۔ وزیر اعلیٰ کے صوابدیدی فنڈز کے خلاف کیس کی سماعت کے دوران عدالت نے گزشتہ سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا۔ حکم نامے میں کہا گیا کہ صوابدیدی فنڈز کو سالانہ ترقیاتی پلان میں شامل کیا گیا ہے، سپریم کورٹ نے بلاک ایلوکیشن فنڈز کے استعمال کو مسترد کیا تھا۔ عدالتی حکم نامے میں کہا گیا کہ صوبائی حکومت نے اے ڈی پی پالیسی میں ترمیم کی ہے۔ عدالت نے صوبائی حکومت سے 9 اکتوبر تک جواب طلب کر لیا۔




صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق انسداد ڈینگی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## 4 لاپتا بھائیوں کا کیس؛ پولیس افسران رپورٹ سمیت ذاتی حیثیت میں عدالت طلب

دونوں ایس ایس پیز پیش رفت رپورٹ کے ساتھ پیش ہوں ورنہ وارنٹ گرفتاری جاری ہوں گے، جسٹس عامر فاروق

اسلام آباد (این این آئی) لاپتا 4 بھائیوں کے کیس میں عدالت نے پولیس افسران کو رپورٹ سمیت ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا۔ تھانہ کھنہ کی حدود سے لاپتا 4 بھائیوں کی بازیابی کے کیس کی سماعت اسلام آباد ہائی کورٹ میں ہوئی، جس میں چیف جسٹس عامر فاروق نے جنوری سے لاپتا بھائیوں کی عدم بازیابی پر اظہار برہمی کیا۔ لاپتا بھائیوں کی بازیابی کی درخواست میں الزام عائد کیا گیا ہے کہ چاروں بھائیوں کو راولپنڈی پولیس نے جنوری میں اٹھایا،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

## عالمی برادری فلسطین میں دیرپا امن کیلئے سازگار ماحول کو فروغ دے: یوسف رضا گیلانی

اسرائیل کی طرف سے فلسطینی اراضی پر ناجائز قبضہ بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے، پیغام جاری

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ عالمی برادری فلسطین میں دیرپا امن کے لیے سازگار ماحول کو فروغ دینے کے لیے کام کرنے کی ضرورت پر غور کرے۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے غزہ کی پٹی، مقبوضہ فلسطینی علاقوں میں اسرائیلی افواج کی طرف سے وحشیانہ بمباری اور تسلط کا ایک سال مکمل ہونے پر شدید مذمت کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے پاکستانی عوام کی جانب سے اپنے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

## اسلام آباد، کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے خیبر پختونخوا ہاؤس سیل کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے خیبر پختونخوا ہاؤس کو سیل کر دیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق سی ڈی اے ذرائع نے بتایا کہ بلڈنگ رولز کی خلاف ورزی پر خیبر پختونخوا ہاؤس سیل کیا جا رہا ہے۔ اسپیشل مجسٹریٹ سردار محمد آصف نے خیبر پختونخوا ہاؤس کے متعدد بلاک کو سیل کیا، ان کے ہمراہ اسسٹنٹ کمشنر عبداللہ بھی موجود تھے۔ واضح رہے کہ 5 اکتوبر کو پی ٹی آئی کے مارچ کرنے والے ہزاروں کارکن وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کی قیادت میں پولیس کی رکاوٹیں توڑ کر اسلام آباد میں داخل ہوئے تھے۔

## الیکشن میں فارم 47 کی آڑ میں عوام کی رائے تبدیل کی گئی، جے یو آئی

جے یو آئی کی قیادت ملک میں جمہوریت کی بحالی، آئین اور قانون کی حکمرانی کی جنگ لڑ رہی

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ الیکشن میں فارم 47 کی آڑ میں عوام کی رائے تبدیل کی گئی، ملک پاکستان کی لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41



آل پارٹیز کے زیر اہتمام فلسطینی عوام سے اظہار یکجہتی کے موقع پر اسرائیلی وزیر اعظم کا پتلا اور اسرائیلی پرچم نذر آتش کیا جا رہا ہے

## توشہ خانہ 2، بشریٰ بی بی کی درخواست ضمانت پر ایف آئی اے سے جواب طلب، حکمنامہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے توشہ خانہ ٹو کیس میں بشریٰ بی بی کی درخواست ضمانت پر سماعت کا حکم نامہ جاری کرتے ہوئے بشریٰ بی بی کی درخواست ضمانت پر ایف آئی اے سے جواب طلب کر لیا۔ حکم نامے کے مطابق جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے 4 اکتوبر کی سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کیا ہے۔ عدالت کی جانب سے جاری کیے گئے تحریری حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ بشریٰ بی بی کی درخواست ضمانت پر حکم رواں ہفتے کے لیے جاری کیا جاتا ہے۔

## کے الیکٹرک صارفین پر ایک روپے 59 پیسے فی یونٹ کا اضافی بوجھ ڈال دیا گیا

ستمبر کے مقابلے اکتوبر میں صارفین ایڈجسٹمنٹ کی مد میں اضافی رقم ادا کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) کے الیکٹرک صارفین پر ماہانہ ایڈجسٹمنٹ کے بوجھ میں مزید اضافہ کر دیا گیا، اکتوبر میں صارفین ایک روپے 59 پیسے فی یونٹ اضافی ادا کریں گے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کے الیکٹرک صارفین پر ماہانہ ایڈجسٹمنٹ کے بوجھ میں مزید اضافہ کر دیا گیا، ستمبر کے مقابلے اکتوبر میں صارفین ایڈجسٹمنٹ کی مد میں اضافی رقم ادا کریں گے۔ اکتوبر میں صارفین ایڈجسٹمنٹس کی مد میں ایک روپے 59 پیسے فی یونٹ اضافی رقم کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

## کراچی دھماکے میں استعمال کی گئی گاڑی کا ریکارڈ مل گیا

خودکش حملے میں استعمال گاڑی شاہ فہد کے نام پر تھی، رپورٹ

کراچی (این این آئی) کراچی میں گزشتہ شب ایئرپورٹ کے باہر چینی باشندوں پر خودکش حملے کی تحقیقات میں بڑی پیش رفت سامنے آگئی۔ تفتیشی حکام کے مطابق دھماکے میں استعمال کی گئی گاڑی کا ریکارڈ مل گیا، خودکش حملے میں استعمال گاڑی شاہ فہد کے نام پر تھی۔ حکام نے بتایا کہ شاہ فہد کا نادرا ریکارڈ بھی مل گیا ہے، وہ بلوچستان میں نوشکی کا رہائشی تھا، گاڑی کی تفصیلات چیسز نمبر سے حاصل ہوئی ہیں۔ تفتیشی حکام نے بتایا کہ نادرا ریکارڈ کے تناظر میں تحقیقات کا دائرہ بلوچستان تک پھیلا دیا گیا ہے، شاہ فہد کی شناختی دستاویزات حاصل کر لی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

## بانی پی ٹی آئی کو رہا کروا کر واپس لے جانے والے خود غائب ہو گئے: امیر مقام

کے پی پولیس کو تھریٹ کر کے اسلام آباد لایا گیا، پورا صوبہ بند

لوگوں کو کہا گیا کہ اپنی صلاحیتیں یہاں دکھائیں، پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو رہا کروا کر واپس لے جانے والے خود غائب ہو گئے۔ مسلم لیگ ن کے رہنما امیر مقام نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ یہ بات سمجھ نہیں آتی کہ احتجاج سے کیا حاصل کرنا تھا، خیبر پختونخوا کے وسائل کو بے دردی سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

## سری لنکا میں کئی برس سے قید 56 پاکستانی وطن واپس پہنچ گئے

آپ کا بہت شکریہ کہ ہم پاکستان واپس آگئے۔ ہم یہ احسان زندگی بھر نہیں بھول سکتے، بزرگ خاتون

وزیر داخلہ محسن نقوی اور وفاقی وزیر نجکاری عبدالعلیم خان کی کاوشوں پر انہیں دعائیں دیتے رہے

اسلام آباد (این این آئی) سری لنکا میں کئی سال سے قید 56 پاکستانی وطن واپس پہنچ گئے۔ پاکستان پہنچنے والے افراد نے نم آنکھوں کے ساتھ خوشی کا اظہار کرتے ہوئے وزیر داخلہ محسن نقوی اور وفاقی وزیر نجکاری عبدالعلیم خان کی کاوشوں پر انہیں دعائیں دیں۔ اس موقع پر بزرگ خاتون نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ کا بہت شکریہ کہ ہم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

## جدید دور میں پیشہ ورانہ تعلیم کی اہمیت بہت بڑھ گئی ہے، احسن اقبال

حکومت اور تعلیمی اداروں کو پیشہ ورانہ تعلیم پر مزید توجہ دینے کی ضرورت ہے

پیشہ ورانہ تعلیم طلبا کو مخصوص مہارتیں سکھاتی ہے جو انہیں روزگار کے مواقع فراہم کرتی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ جدید دور میں پیشہ ورانہ تعلیم کی اہمیت بہت بڑھ گئی ہے، ٹیکنالوجی کے تیزی سے ترقی کرتے ہوئے ماحول میں مہارتوں کی ضرورت میں اضافہ ہوا ہے، پیشہ ورانہ تعلیم طلبا کو مخصوص مہارتیں سکھاتی ہے جو انہیں روزگار کے مواقع فراہم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

## آسٹریلوی ہائی کمشنر نیل ہاکنز کا دارالعلوم جامعہ نعیمیہ کا دورہ

چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل سے ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

پاک آسٹریلیا سفارتی تعلقات انتہائی اہمیت کے حامل ہیں، ڈاکٹر راغب حسین نعیمی

لاہور (این این آئی) آسٹریلوی ہائی کمشنر نیل ہاکنز نے گزشتہ روز دارالعلوم جامعہ نعیمیہ کا دورہ کیا اور چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر محمد راغب حسین نعیمی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں شخصیات نے مذہبی ہم آہنگی اور باہمی دلچسپی کے امور پر بھی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45



لاہور، آسٹریلوی ہائی کمشنر نیل ہاکنز کا جامعہ نعیمیہ کے دورہ کے موقع پر چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل ڈاکٹر راغب حسین نعیمی کے ساتھ گروپ فوٹو

## سابق ایم پی اے احسن فتیانہ کی بازیابی کی درخواست پر سی سی پی او سے رپورٹ طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے سابق رکن پنجاب اسمبلی احسن ریاض فتیانہ کی بازیابی کی درخواست پر کیپٹل سٹی پولیس افسر (سی سی پی او) لاہور سے رپورٹ طلب کر لی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس علی ضیاء باجوہ نے احسن ریاض کی والدہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

## لاہور ہنگاموں میں گرفتار پی ٹی آئی رہنما و کارکنان مقدمے سے ڈسچارج

عدالت نے مسرت جمشید چیمہ، رائے محمد علی سمیت 17 افراد کو مقدمے سے ڈسچارج کیا

لاہور (این این آئی) عدالت نے 5 اکتوبر کو لاہور ہنگاموں میں گرفتار ہونے والی پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ سمیت 17 افراد کو مقدمے سے ڈسچارج کر دیا۔ جوڈیشل مجسٹریٹ نے مسرت جمشید چیمہ، رائے محمد علی سمیت 17 افراد کو مقدمے سے ڈسچارج کیا۔ عدالت نے تحریری حکم میں کہا کہ پولیس نے ڈنڈے برآمد کرنے اور تفتیش کے لیے 10 دن کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی تھی، جسمانی ریمانڈ کی درخواست کے ساتھ کوئی ایم ایل سی موجود نہیں، تفتیشی افسر بھی تک سی سی ٹی وی فوٹیج حاصل کرنے میں ناکام رہے۔ تحریری حکم میں کہا گیا ہے کہ پولیس کی جانب سے لگائے گئے الزام بظاہر درست

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

## پی ٹی آئی کے انکار نے ان کا چہرہ اور روح بے نقاب کر دی، عرفان صدیقی

اسلام آباد (این این آئی) حکمران جماعت مسلم لیگ (ن) کے سینیٹ میں پارلیمانی لیڈر سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ تحریک انصاف نے مظلوم اہل فلسطین سے اظہار یکجہتی کی آل پارٹیز کانفرنس (اے پی سی) میں شرکت سے انکار کیا ہے۔ اپنے بیان میں عرفان صدیقی نے کہا کہ پی ٹی آئی کے انکار نے ان کے چہرے ہی نہیں روح سے بھی نقاب الٹ دی ہے۔



لیہ، سیکرٹری پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر پنجاب نادیہ ثاقب ڈی ایچ کیو ہسپتال کا معائنہ کر رہی ہیں

# صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کی زیر صدارت اہم اجلاس

نومبر میں بابا گرونانک جی کے 555 ویں جنم دن کے حوالے سے تقریبات کا جائزہ لیا گیا

## پاکستانی ہائی کمیشن 3 ہزار بھارتی سکھ یاتریوں کو ویزے جاری کرے گا، جو 14 نومبر کو پاکستان پہنچیں گے، بریفنگ

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر اقلیتی امور/ پردھان پاکستان سکھ گوردوارہ پربندھک کمیٹی سردار رمیش سنگھ اروڑہ، نے متروکہ وقف املاک بورڈ کا دورہ کیا اور کوآرڈینیشن کمیٹی کے اہم اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس کے دوران، گورونانک دیو جی کے 555 ویں جنم دن کی تقریبات کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ سکھ یاتریوں کی آمد اور قیام کے لیے رہائش کی فراہمی، رسومات کی ادائیگی اور نقل و حمل کے حوالے سے اہم امور پر بحث کی گئی۔ ایڈیشنل سیکرٹری شرائنز، سیف اللہ کھوکھر، نے صوبائی وزیر کو بریفنگ دیتے ہوئے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38



لاہور، رہنما تحریک انصاف مسرت جمشید چیمہ کو عدالت پیشی کے لئے لایا جا رہا ہے

# چوک اعظم میں ٹراما سینٹر جلد مکمل ہو گا، سیکرٹری صحت نادیہ ثاقب

ڈی ایچ کیو ہسپتال لیہ میں آکسیجن پلانٹ کی تنصیب کے لئے فوری اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ سیکرٹری صحت

## سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی کمی کو پورا کرنے کے لئے جلد اشتہارات دے رہے ہیں۔ نادیہ ثاقب

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر سیکرٹری پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر نادیہ ثاقب کا ضلع لیہ کا دورہ۔ سیکرٹری صحت نے ٹی ایچ کیو چوبارہ، ٹی ایچ کیو لیول ہسپتال چوک اعظم، ڈی ایچ کیو لیہ ہسپتالوں کا معائنہ کیا۔ ایڈیشنل سیکرٹری و پی ڈی پی ایم یو رانا عدیل تصور بھی ہمراہ تھے۔ سیکرٹری ہیلتھ کیئر نادیہ ثاقب نے ڈی ایچ کیو ہسپتال لیہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈی ایچ کیو ہسپتال میں آکسیجن پلانٹ کی تنصیب کے لئے فوری اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی کمی کو پورا کرنے کے لئے جلد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

## شہریوں کے حقوق کا تحفظ میری اولین ترجیحات میں شامل ہے، چوہدری محمد برجیس طاہر

اللہ تعالیٰ سے تنہائی میں مانگیں وہ سب کی دعائیں سننے والا مہربان ہے، نائب صدر مسلم لیگ (ن)

سانگلہ ہل (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے نائب صدر، سابق گورنر و وفاق وزیر چوہدری محمد برجیس طاہر نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے بڑی عزتوں سے نوازا، چھ مرتبہ ایم این اے رہا، وفاقی وزیر اور گورنر کے عہدے سے بھی عوامی خدمت کی، شہریوں کے حقوق کا تحفظ میری اولین ترجیحات میں شامل ہے ہی سب کچھ ہے مانگنا ہے تو اللہ تعالیٰ سے تنہائی میں مانگیں وہ سب کی دعائیں سننے والا اور بڑا ہی مہربان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

## پی ٹی آئی کارکنان نے چاکلیٹ سے بھرا کنٹینر لوٹ لیا، ویڈیو سامنے آگئی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت کے مختلف مقامات پر گزشتہ 3 روز سے تحریک انصاف کا احتجاج جاری تھا جس دوران پی ٹی آئی کارکنان کے قافلے خیبر پختونخوا سے اسلام آباد ڈی چوک آئے۔ اسی دوران پی ٹی آئی کارکنان کی ایک ویڈیو سوشل میڈیا کی زینت بنی جس میں وہ چاکلیٹ کی چوری کر رہے ہیں۔ ویڈیو مقامی صحافی کی جانب سے ایکس پر شیئر کی گئی۔

## جے یو آئی تحصیل ماڈل ٹاؤن کے انتخابات میں امیر، سیکرٹری جنرل بلا مقابلہ منتخب

آئندہ عام انتخابات، بلدیاتی انتخابات میں جے یو آئی لاہور کی بڑی جماعت ثابت ہوگی، بلال میر

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) ضلع لاہور کے امیر بلال احمد میر کی زیر صدارت اجلاس میں بلال درانی نے اپنی نگرانی میں جے یو آئی تحصیل ماڈل ٹاؤن کے انتخاب کرائے جس میں عبدالمنان النبالوی بلا مقابلہ امیر اور عرفان حیدر جنرل سیکرٹری بلا مقابلہ منتخب ہوئے اجلاس میں جمعیت علمائے اسلام (ف) ضلع لاہور کے سیکرٹری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

## اپنی قیادت پر غصہ کرتے پی ٹی آئی کارکنوں کی ویڈیو جاری

لاہور (این این آئی) تحریک انصاف کے کارکنوں کی ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے جس میں کارکنان اپنی ہی قیادت پر برہم دکھائی دے رہے ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ''ایکس'' پر وائرل ویڈیو میں تحریک انصاف کے کارکنوں اپنی ہی جماعت پر لعنت بھیج رہے ہیں۔ ویڈیو پر ردعمل دیتے ہوئے وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59

## جامع مسجد الکوثر مرغزار کالونی میں صاحب قرآن کانفرنس کا انعقاد

تکمیل قرآن مجید کرنیوالی خوش نصیب طالبات کو یادگار شیلڈ اور انعامات دیئے گئے

لاہور (این این آئی) مدرسہ تعلیم القرآن للبنین و حفصہ للبنات، جامع مسجد الکوثر لالہ زار گارڈن مرغزار کالونی میں مولانا شبیر احمد کی نگرانی اور استاد العلماء شیخ الحدیث مولانا محب النبی اور مولانا مفتی عبد الرحمن کی زیر صدارت صاحب قرآن کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں مولانا علامہ محمد نادر صدیقی، مولانا سید عبداللہ شاہ نے آقا نامدار جناب رسول اللہ ﷺ کی سیرت طیبہ پر خصوصی خطاب کیا جبکہ قاری محمد زبیر اسلم، قاری عبدالرہاب نے تلاوت کی سعادت حاصل کی۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی اصغر خان ترین ملاقات کر رہے ہیں

## بانی پی ٹی آئی کے جیل سے باہر آنے تک احتجاج جاری رہے گا، عالیہ حمزہ

جب تک بانی پی ٹی آئی کو علی امین پر اعتماد ہے، تحریک انصاف ان کے ساتھ کھڑی ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی رہنما عالیہ حمزہ نے کہا ہے کہ جب تک بانی پی ٹی آئی جیل سے باہر نہیں آئیں گے احتجاج جاری رہے گا۔ احتساب عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عالیہ حمزہ نے کہا کہ احتجاج تب تک جاری رہے گا جب تک اڈیالہ سے حکم نہیں آ جاتا۔ انہوں نے کہا کہ جلسے کا وقت ہوتا ہے احتجاج

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

## خیبر پختونخوا ہاؤس اسلام آباد میں موجود سرکاری ملازمین کے اہلخانہ کو رہائش گاہ چھوڑنے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) خیبر پختونخوا ہاؤس اسلام آباد میں موجود سرکاری ملازمین کے اہل خانہ کو رہائش گاہ چھوڑنے کا حکم دے دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد کے خیبر پختونخوا ہاؤس میں 40 کے قریب فیملی کوارٹرز ہیں جن میں کے پی ہاؤس کے ملازمین کے اہل خانہ رہائش پزیر ہیں۔ نجی ٹی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

## پاکستان تحریک انصاف نے حکومتی اے پی سی میں شرکت سے معذرت کر لی

گرفتاریوں کے حالات میں اے پی سی میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، بیرسٹر گوہر علی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے حکومتی اے پی سی میں شرکت سے معذرت کر لی۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات میں پارٹی رہنما اور کارکن گرفتار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گرفتاریوں کے حالات میں اے پی سی میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ تحریک انصاف کو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

## انڈونیشیا میں غیر ملکی سیاحوں کیساتھ عارضی شادیاں کرنے کا گھناؤنا کاروبار منظر عام پر آ گیا

جکارتہ (این این آئی) انڈونیشیا کے دیہات میں غریب گھرانوں کی خواتین پیسے کے عوض مالدار غیر ملکی سیاحوں کے ساتھ عارضی شادی کر رہی ہیں، جن میں زیادہ تر مردوں کا تعلق مشرق وسطی سے بتایا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ کام مغربی انڈونیشیا کے ایک مشہور سیاحتی مقام پنکاک (Puncak) میں ہو رہا ہے۔




لاہور، وزیر زراعت لائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کو آسٹریلین ہائی کمشنر شیلڈ پیش کر رہے ہیں

## بانی پی ٹی آئی نے جو فیصلہ کیا تھا اس پر عمل درآمد کیا، منزل انکی رہائی ہے، گنڈاپور

تشدد اور شیلنگ کے باوجود ڈی چوک اسلام آباد پہنچے، ہماری پر امن تحریک آگے بھی جاری رہے گی، علی امین گنڈاپور

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ تشدد اور شیلنگ کے باوجود ڈی چوک اسلام آباد پہنچے، منزل بانی پی ٹی آئی عمران خان کی رہائی ہے۔ وزیر اعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور کی زیر صدارت وزیر اعلیٰ ہاؤس میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61

## برطانوی وزیر اعظم کی چیف آف اسٹاف اندرونی اختلافات کی خبروں پر عہدے سے مستعفی

لندن (این این آئی) برطانوی وزیر اعظم کیئر اسٹارمر کی چیف آف اسٹاف سو گرے نے اندرونی اختلافات کی خبروں کے بعد اپنے عہدے سے استعفیٰ دیدیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سو گرے کا کہنا تھا کہ حالیہ دنوں میں مجھ پر یہ واضح ہوا کہ میری عہدے سے متعلق کئی طرح کی خبریں تبدیلی کیلئے حکومت کے اہم کاموں میں ڈسٹریکشن کا سبب بن رہی ہیں، اس لیے میں نے اپنے عہدے سے سبکدوشی کا فیصلہ کیا ہے۔

## امریکی حکام کا مشورہ، اسرائیل کا اعتدال پسند ردعمل کا سہارا لینے پر غور

اسرائیل امریکی مشورے کے مطابق اعتدال پسند ردعمل کا سہارا لینے پر غور کرے گا، رپورٹ

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل نے گزشتہ ہفتے تہران کی جانب سے کیے گئے حملے کا جواب دینے کے اپنے عزم کا اظہار کر رکھا ہے لیکن امریکی مشورے میں ابھی تک کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق واشنگٹن نے ایرانی جوہری مقامات پر حملے سے بچنے کی ضرورت پر زور دیا اور امریکی حکام نے مشورہ دیا ہے کہ اسرائیلی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

## اسرائیلی فوج نے شمال میں تین علاقوں کو کلوز ڈ ملٹری زون قرار دیدیا

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے شمالی اسرائیل میں منارا، یفتاہ اور ملکیہ کے علاقوں کو کلوزڈ ملٹری زون قرار دے دیا ہے۔ اس اقدام سے اندازہ ہوتا ہے کہ صورتِ حال انتہائی سنگین ہو چکی ہے اور کسی بھی وقت کوئی بڑی معرکہ آرائی شروع ہو سکتی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق صورتِ حال کی سنگینی کے پیش نظر امریکا اور اسرائیل کے وزرائے دفاع (لائیڈ آسٹن اور یو آو گیلنٹ) بدھ کو واشنگٹن میں ملاقات کر کے مشرقِ وسطی کی صورتِ حال پر مشاورت کریں گے۔

## سات اکتوبر کے موقع پر غزہ سے اسرائیل کی طرف پھر راکٹ فائر

راکٹ باری حماس کے حملے کی پہلی برسی کے موقع پر کی گئی، غیر ملکی میڈیا

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے اعلان کیا ہے کہ اس نے شمالی غزہ سے جنوبی اسرائیل کی طرف راکٹ فائر کیے جانے کا مشاہدہ کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ راکٹ باری حماس کے حملے کی پہلی برسی کے موقع پر کی گئی۔ حماس کے اس حملے کی وجہ سے غزہ کی پٹی میں جنگ شروع ہوگئی اور اس جنگ میں اسرائیلی فوج نے غزہ کی پٹی میں 41870 افراد کو شہید کر دیا ہے۔

## ہزاروں برس قدیم بعلبک کے آثار قدیمہ کے مقام کے قریب اسرائیلی حملہ

بعلبک میں آثار قدیمہ کے مقام کے پیچھے سے دھوئیں کے بادل نکلتے ہوئے دکھائے گئے

تل ابیب (این این آئی) مشرقی لبنان میں بعلبک میں قدیم قلعہ کے قریب بھی اسرائیل نے حملہ کر دیا۔ یہ قلعہ ہزاروں برس قدیم ہے۔ تاریخی قلعے کے قریب اسرائیلی بمباری کے بارے میں ایجنسی فرانس پریس کے ایک سوال کے جواب میں بعلبک کے گورنر بشیر خضر نے بتایا کہ یہ حملہ قلعہ سے تقریباً 500 سے 700 میٹر کے فاصلے پر ہوا۔ یہ حملہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

## ایران میں مخصوص اہداف کو نشانہ بنانے پر اسرائیل کو مراعات ملیں گی

اسرائیل جوابی حملے میں ایران کی تیل تنصیبات کو نشانہ بنایا جاسکتا ہے، صیہونی میڈیا

تہران (این این آئی) ایران میں مخصوص اہداف کو نشانہ بنانے پر اسرائیل کو امریکا کی جانب سے مراعات دی جائیں گی۔ اسرائیلی اخبار کی رپورٹ کے مطابق اسرائیل پر واضح کیا گیا ہے کہ اگر وہ اہداف اے، بی یا سی کو نشانہ نہ بنائے تو امریکا اسے مراعات دے گا۔ رپورٹس کے مطابق اسرائیل پر یہ بھی واضح کیا گیا ہے کہ ایران میں قابل قبول اہداف کو نشانہ بنانے پر اسرائیل کو سفارتی تحفظ اور فوجی پیکیج بھی دیا جائے گا۔ ایران کے سب سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62

## حزب اللہ کا اسرائیلی ساحلی شہر حیفا پر حملہ، 10 افراد زخمی

لبنان سے داغے گئے راکٹ مار گرانے میں ناکامی کی تحقیقات کر رہے ہیں، اسرائیلی فوج

بیروت (این این آئی) حزب اللہ نے اسرائیلی ساحلی شہر حیفا پر راکٹوں سے حملہ کیا ہے، حملے میں 10 افراد زخمی ہو گئے۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق اسرائیلی فضائی دفاعی نظام حیفا پر راکٹ حملہ روکنے میں ناکام رہا۔ اسرائیلی فوج کا کہنا تھا کہ لبنان سے داغے گئے راکٹ مار گرانے میں ناکامی کی تحقیقات کر رہے ہیں۔ یاد رہے کہ اسرائیل کے غزہ پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

## کسی بھی ممکنہ اسرائیلی حملے کا جواب دینے کے لیے تیار ہے، پاسداران انقلاب

ہمارے پاس اسرائیل کے اندر ایسے اہداف ہیں جنہیں کسی بھی حملے کی صورت میں نشانہ بنایا جاسکتا ہے، بیان

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل گزشتہ ہفتے کے ایرانی میزائل حملوں کے جواب کی تیاری کر رہا ہے تو دوسری طرف پاسداران انقلاب کے ایک ذریعے نے تصدیق کی کہ تہران کسی بھی ممکنہ حملے کا جواب دینے کے لیے تیار ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پاسداران انقلاب کے ذریعہ نے کہا ہے کہ ہمارے پاس اسرائیل کے اندر ایسے اہداف ہیں جنہیں کسی بھی حملے کی صورت میں نشانہ بنایا جاسکتا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

## اسرائیل میں یرغمالیوں کے بدلے سنوار کو ملک بدر کر کے سوڈان بھیجنے کی تجویز پر غور

اسرائیل ایک معاہدے تک پہنچنے کے امکان کا مطالعہ کر رہا جس کے نتیجے میں یرغمالیوں کی رہائی ہوگی، ذرائع

مقبوضہ غزہ (این این آئی) غزہ کی پٹی اور لبنان میں اسرائیلی فوجی کارروائیاں جاری ہیں۔ تاہم، ایک نئی اسرائیلی رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ نیتن یاہو کی حکومت کے حکام ایک معاہدے تک پہنچنے کے امکان کا مطالعہ کر رہے ہیں جس کے نتیجے میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63



لاہور، جامع مسجد الکوثر لالہ زار گارڈن مرغزار کالونی میں صاحب قرآن کانفرنس میں سید عبداللہ شاہ خطاب کر رہے ہیں


| | |
|---|---|
| چیف ایڈیٹر | میاں محمد فیاض |
| مینجنگ ایڈیٹر | صدف الطاف چوہدری |
| سینئر گروپ ایڈیٹر | ڈاکٹر محمد احسن محمود |
| ایڈیٹر | امداد اللہ قریشی |
| سینئر ڈپٹی ایڈیٹر | چوہدری عمران شوکت |
| ڈپٹی ایڈیٹر | محمد شہروز میاں |
| لیگل ایڈوائزر | وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ |

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔

آفس نمبر 2 یاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور


## ایران کے ممکنہ حملے کے اسرائیل میں اہداف پر مشتمل نقشہ جاری کر دیا

تہران (این این آئی) پوری دنیا مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی پر نظریں جمائے ہوئے ہے۔ اسرائیل اور ایران کے درمیان دھمکیوں کا تبادلہ ہو رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس ماہ کے اوائل میں کیے گئے میزائل حملے کے بعد ایک ایرانی نقشہ اسرائیل کے اندر ممکنہ اہداف کو دکھایا گیا تھا۔ قدس فورس سے وابستہ ایک چینل نے اسرائیل کے ان حساس مقامات کا نقشہ شائع کیا جنہیں ایران کسی اسرائیلی حملے کے جواب میں نشانہ بنا سکتا ہے۔



وزیر بلدیات ذیشان رفیق لاہور میں صفائی کا نیا ماڈل متعارف کرانے سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں